تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | جمعتہ المبارک 28 نومبر 2025، 06 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 105

لوگوں کو اصل نقل کا پتہ چل گیا، بیانیے کی سیاست ختم ہو چکی، مریم نواز

مشکلات کے باوجود سیاسی عمل سے کبھی کنارا کشی اختیار نہیں، عوام کو طاقت بنا کر سیاسی عمل میں حصہ لیتے ہیں، میانوالی میں گرین بس پراجیکٹ کے آغاز سے پتہ چلا کہ حقیقی تبدیلی آ گئی

عوام کے درمیان جانے سے عوامی پسند یا نہ پسند کا پتہ چلتا ہے، پنجاب کے تمام حلقوں کیساتھ ہری پور میں بھی اللہ تعالیٰ نے فتح سے نوازا، پنجاب میں تو ہماری کی حکومت تھی، مگر ہری پور میں بھی مخالف پارٹی کو شکست دی

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا رونا کام نہیں آئے گا جیلوں میں ڈالنے کی روایت آپ نے ہی قائم کی تھی۔ لاہور میں تقریب کے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں وزیر اعلیٰ صحت منصوبوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پی ٹی وی روایتوں کا امین، ہمیشہ اپنی روایات اور اقدار کو ملحوظ خاطر رکھا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پاکستان ٹیلی ویژن کی (بقیہ نمبر 2)

پاکستان میں زیتون کی کاشت کا سفر بین الاقوامی سطح پر تیزی سے تسلیم کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 3)

منامہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف القدیبیہ پیلس میں بحرین کی قیادت سے وفود کی سطح پر بات چیت کرتے ہوئے۔

سرحدی سالمیت اور ہر شہری کے تحفظ پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، فیلڈ مارشل

بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی، معلوماتی جنگ سمیت پیچیدہ چیلنجز کے باوجود مسلح افواج قومی سلامتی کیلئے پُرعزم ہیں

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے واضح کیا ہے کہ علاقائی صورتِ حال تیزی سے بدل رہی ہے، ملک کی سرحدی سالمیت اور ہر شہری کے تحفظ پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی، معلوماتی جنگ سمیت پیچیدہ چیلنجز کے باوجود مسلح افواج قومی سلامتی کیلئے پُرعزم ہیں، معرکہ حق میں پاک افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جذبے اور عزم نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافہ کیا ہے، (بقیہ نمبر 6)

سردار ایاز صادق سے جرمنی کی سفیر اینا لیپل کی ملاقات

پاک-جرمنی دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جرمنی کی سفیر اینا لیپل نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں پاک-جرمنی دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپیکر نے جرمن سفارت کار سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

ایف بی آر کی ہفتے کی چھٹی منسوخ، تمام دفاتر کھلے رہیں گے

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے دفاتر ہفتے کو بھی کھلے رہیں (بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور بحرین کا تجارتی ہدف ایک ارب ڈالر اور ویزا شرائط میں نرمی پر اتفاق

وزیراعظم کو منامہ میں قصر القضیبیہ پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے پرتپاک استقبال پر شہزادہ سلمان بن حمد الخلیفہ کا شکریہ ادا کیا اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں بحرین کی قیادت کو سراہا

وزیراعظم نے بحرین کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی دو سالہ مدت (2026-2027) کے لیے غیر مستقل رکنیت حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور اس دورانیے میں باہمی تعاون مزید مضبوط کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور بحرین نے تجارت ایک ارب ڈالر تک لے جانے اور ویزا شرائط میں نرمی لانے پر اتفاق کیا ہے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم پاکستان نے آج منامہ میں بحرین کے ولی عہد، بحرینی افواج کے نائب سپریم کمانڈر اور وزیراعظم شہزادہ سلمان بن حمد الخلیفہ سے ملاقات کی۔ وزیراعظم کو منامہ میں قصر القضیبیہ پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے پرتپاک استقبال پر شہزادہ سلمان بن حمد الخلیفہ کا شکریہ ادا کیا اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں بحرین کی قیادت کو سراہا۔ وزیراعظم نے (بقیہ نمبر 38)

پاکستان ٹیلی ویژن خطے کی ثقافت، زبان، موسیقی اور ادب کا امین ہے، چیئرمین سینیٹ

جنوبی پنجاب کی ثقافتی شناخت کو عالمی سطح پر مزید مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا

ملتان (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیلی ویژن نہ صرف اطلاعات و تفریح کا قومی ادارہ ہے بلکہ یہ ملک کے مختلف خطوں کی ثقافت، زبان، موسیقی اور ادب کی حقیقی ترجمانی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بات پاکستان ٹیلی ویژن کی (بقیہ نمبر 8)

ہم کس سے بات کریں حکومت تو خود کہہ رہی ہے پوچھ کر بتائیں گے، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ ہم کس سے بات کریں حکومت تو خود کہہ رہی (بقیہ نمبر 7)

ملتان: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پاکستان ٹیلی ویژن کی 61ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

رانا مشہود کی پاک بحریہ کو ملکی ساختہ اینٹی شپ بیلسٹک میزائل کے کامیاب تجربہ پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے پاک بحریہ کو ملکی ساختہ (بقیہ نمبر 13)

وفاقی وزیر علیم خان کی صاف، مؤثر اور مضبوط نظامِ نقل و حمل کی تشکیل کے عزم کی تجدید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات، عبدالعلیم خان نے صاف، مؤثر اور (بقیہ نمبر 12)

جدید تجارتی مراکز سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ جدید (بقیہ نمبر 11)

پی ٹی آئی کے بھگوڑے پاکستان مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہیں، خواجہ آصف

جی ایس پی پلس سہولت کیخلاف لابنگ کر کے یہ عناصر ملک دشمنی اور غداری کے مرتکب ہو رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی بھگوڑے بیرون ملک بیٹھ کر پاکستان مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر اپنے بیان میں عمران خان کی جماعت کے بیرونِ ملک رہنے والے رہنماؤں پر (بقیہ نمبر 14)

نو منتخب ارکان اسمبلی نے اپنی فتح کو وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی محنت کا ثمر قرار دیا

عوام نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی محنت اور قائد محمد نواز شریف کے نام پر ہمیں ووٹ دیا' نو منتخب ارکان اسمبلی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ضمنی انتخابات میں نو منتخب ارکان اسمبلی سے ملاقات کی۔ قائد محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فرداً فرداً تمام ارکان اسمبلی کو مبارکباد دی۔ نو منتخب ارکان اسمبلی (بقیہ نمبر 9)

مضبوط معیشت کیلئے نجی شعبہ کو سہولیات کی فراہمی ضروری ہے، وزیر خزانہ

حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں معیشت مستحکم ہو گئی ہے اور اہم اقتصادی اشاریوں سے اس کی عکاسی بھی ہو رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ مضبوط اور مستحکم معیشت کیلئے نجی شعبہ کو سہولیات کی فراہمی ضروری ہے، حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں معیشت مستحکم ہو گئی ہے اور اہم اقتصادی اشاریوں سے اس کی عکاسی بھی ہو رہی ہے، ٹیکس کی بنیاد میں وسعت، لیکیجز کا خاتمہ اور ٹیکس نظام میں شفافیت ہمارا مطمع نظر ہے، سرکاری ملکیتی اداروں میں گورننس کی بہتری اور نجکاری کا عمل (بقیہ نمبر 29)

اے ڈی بی نے پاکستان کیلئے 4 کروڑ 80 لاکھ ڈالر اضافی قرض کی منظوری دیدی

جدید پائپڈ واٹر سپلائی سسٹم متعارف، پانی کے ضیاع میں نمایاں کمی آئیگی

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کیلئے 4 کروڑ 80 لاکھ ڈالر اضافی قرض کی منظوری دیدی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اے ڈی بی کے کنٹری ڈائریکٹر ایما فین کے مطابق فنڈز صوبہ بلوچستان میں پانی سے متعلق منصوبے پر خرچ ہوں گے، جدید پائپڈ واٹر سپلائی سسٹم متعارف، پانی کے ضیاع میں نمایاں کمی آئے گی، صوبے میں پانی کی شدید قلت اور موسمیاتی اثرات کے باعث زرعی شعبہ دباؤ میں ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق (بقیہ نمبر 17)

پنجاب میں نئے قوانین کے ساتھ تیتر کے شکار کی اجازت

لاہور (این این آئی) محکمہ جنگلی حیات پنجاب نے نئے قواعد وضوابط کے ساتھ تیتر کے شکار کی اجازت دے دی۔ ترجمان محکمہ جنگلی حیات پنجاب کے مطابق نئے قواعد وضوابط کے ساتھ تیتر کے شکار کی اجازت دی گئی ہے، 3 مختلف دورانیوں میں تیتر کے شکار کی اجازت ہوگی۔ (بقیہ نمبر 16)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ صحت اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس

مختلف پراجیکٹس کے مانیٹرنگ فریم ورک، سروس ڈلیوری اور مریضوں کی سہولت کی خاطر اٹھائے گئے اقدامات بارے بریفنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں وزیر اعلیٰ صحت اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان نے شرکت کی۔ خواجہ سلمان رفیق کو اجلاس کے دوران صحت کے مختلف پراجیکٹس کے مانیٹرنگ فریم ورک، سروس ڈلیوری اور مریضوں کی سہولت کی خاطر اٹھائے گئے اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران (بقیہ نمبر 15)

لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ سید عاشق حسین کرمانی محکمانہ امور و منصوبوں پر جاری پیش رفت پر اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نوید شہزاد مرزا نے ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن کا قلمدان سنبھال لیا

پنجاب سیڈ کارپوریشن کی ترقی و بہتری کے لئے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لائیں گے' گفتگو

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے نئے تعینات ہونے والے مینیجنگ ڈائریکٹر نوید شہزاد مرزا نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن سید اسد رضا کاظمی، ڈائریکٹر پروسیسنگ شمشاد اصغر وڑائچ، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ سہیل عامر بخاری، ڈائریکٹر مارکیٹنگ عامر سہیل بھٹی، ڈائریکٹر فنانس حافظ انعام الحق اعوان اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز شاہد قادر و دیگر ملازمین نے ہیڈ آفس میں ایم ڈی نوید شہزاد مرزا کا پرتپاک استقبال اور پھولوں (بقیہ نمبر 18)

پنجاب، پیدائش، وفات، نکاح اور طلاق کی رجسٹریشن اب پاک آئی ڈی موبائل ایپ پر ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے 3 اضلاع میں اب پیدائش، نکاح، طلاق اور وفات کی رجسٹریشن پاک آئی ڈی موبائل ایپلی کیشن پر دستیاب ہوگی۔ لوکل گورنمنٹ پنجاب اور نادرا کے درمیان ای رجسٹریشن معاہدہ طے پا گیا جس پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور ڈی جی نادرا پنجاب نے دستخط کیے۔ ای رجسٹریشن معاہدے کے (بقیہ نمبر 30)

لاہور: وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات موجودہ سیاسی صورتحال بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

حکومت نوجوانوں کو تعلیم کے مواقع فراہم کر رہی ہے، احسن اقبال

پیسہ زندگی کا واحد مقصد نہیں، بغیر وسائل کے بھی انسان محنت اور عزم کے ساتھ اپنی منزل حاصل کر سکتا ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی

گلگت (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تعلیم کے مواقع فراہم کر رہی ہے، تعلیم کا مقصد محض روزگار کا حصول نہیں بلکہ اعلیٰ کردار کا حامل انسان بننا بھی ہے کیونکہ محنت، لگن اور خدمتِ خلق ہی حقیقی کامیابی کا راستہ ہیں۔ وہ بدھ کو قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی میں طلباء و طالبات کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب (بقیہ نمبر 19)

ہائیکورٹ کا بچوں کی حوالگی کے کیس میں دو بچے والدہ، دو بچے والد کے حوالے کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بچوں کی حوالگی کے کیس میں دو بچے والدہ جبکہ دو بچے والد کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس تنویر احمد شیخ نے چار بچوں کی حوالگی کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل نے موقف اپنایا کہ بچے شروع سے ہی والدہ کے پاس ہیں والد تو دو سال بیرون ملک رہا ہے۔ استدعا ہے کہ عدالت بچے والدہ نازیہ کے حوالے کرنے کا حکم دے۔ (بقیہ نمبر 31)

لندن: وفاقی وزیر برائے بحری امور، محمد جنید انور چوہدری لندن، یو کے میں آئی ایم او ہیڈ کوارٹرز میں ایک اعلیٰ سطحی ناشتے کے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں۔

پاکستان 25 کروڑ عوام کی ریڈ لائن ہے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

بھارت اور افغانستان پراکسی وار اور جنگ کی سوچ رکھیں گے تو پاکستان ہر شرانگیزی کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، سابق گورنر

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ پاکستان 25 کروڑ عوام کی ریڈ لائن ہے اور افواج پاکستان کے عوام شانہ بشانہ ہیں، پاکستان بحریہ کا بیلسٹک میزائل کے کامیاب تجربے پر انہوں نے سائنسدانوں اور بحریہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن جان لے پاکستان عظیم ریاست ہے، ہم ہر شعبہ میں بہترین صلاحیت کے حامل ہیں اور بھارت اور افغانستان پراکسی وار اور جنگ کی سوچ (بقیہ نمبر 32)

سانحہ 26 نومبر کی یاد میں فاتحہ خوانی اور قرارداد کی منظوری

صوابی (این این آئی) صوابی میں پاکستان تحریک انصاف اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما اسد قیصر کی سربراہی میں سانحہ 26 نومبر کے شہداء کی یاد میں فاتحہ خوانی اور نعت خوانی کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ممبر قومی اسمبلی شہرام خان ترکئی، صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 21)

پنجاب بھر میں گندم کی پیداواری مقابلے کا اعلان

کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے' محکمہ زراعت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "سونا اگلتا پنجاب" وژن کے تحت محکمہ زراعت نے صوبہ بھر میں گندم کی پیداواری مقابلے کا اعلان کیا ہے۔ ان مقابلوں کا مقصد کسانوں کی خوشحالی اور زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے، جیتنے والے کسانوں کے لیے کروڑوں روپے کے نقد انعامات اور ٹریکٹرز رکھے گئے ہیں، درخواستیں جمع کرانے کی (بقیہ نمبر 20)

سیالکوٹ میوزیم کا افتتاح 25 دسمبر کو ہوگا' ڈاکٹر احسان بھٹہ

اقدام صوبے بھر میں آثارِ قدیمہ کے فروغ میں گہری دلچسپی کے تحت جاری کوششوں کا حصہ ہے

لاہور (این این آئی) سیکرٹری سیاحت، آثارِ قدیمہ و میوزیم پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے متعلقہ محکموں کے ساتھ مشاورت کے بعد اعلان کیا ہے کہ سیالکوٹ میوزیم کا افتتاح انشااللہ 25 دسمبر کو کیا جائے گا۔ یہ اقدام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے میلینیکمنٹ پنجاب ویژن اور سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی صوبے بھر میں آثارِ قدیمہ کے فروغ میں گہری دلچسپی کے تحت جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے یہ اعلان ایک تفصیلی اجلاس کے دوران کیا، جس میں (بقیہ نمبر 22)

انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان کی کھلی کچہری

نارووال (این این آئی) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان کی طرف سے ڈپٹی کمشنر نارووال کے دفتر میں کھلی کچہری لگائی گئی۔ کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کیخلاف شکایات سنیں ان اداروں میں کیپکو، سوئی گیس، نادرا، ایف آئی اے، سٹیٹ لائف انشورنس، پوسٹل لائف انشورنس، پاسپورٹ آفس اور (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے سفیر مسٹر سالم محمد سالم الزابی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔

ضمنی انتخابات کا فیصلہ گورننس کے حق میں ہوا، رانا سکندر حیات

نوجوان پی ٹی آئی سے مایوس، پختونخوا اسمبلی سے بھی آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ مریم نواز جیسی وزیر اعلیٰ چاہئے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم اور رہنما مسلم لیگ (ن) رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات کا فیصلہ گورننس کے حق میں ہوا ہے، عوام نے بائی الیکشن میں ووٹ کے ذریعے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، اب آر ٹی ایس بیٹھنے کے زمانے چلے گئے، پرفارم کرنے والے ہی انتخابات جیتتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ تحریک انصاف (بقیہ نمبر 33)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پولیس انسپکشن میگزین کے صحافیوں کا وفد گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہا ہے۔

پیپلز پارٹی نے اداروں کی آزادی، خودمختاری اور قانون کی بالادستی کیلئے مسلسل جدوجہد کی ہے' گورنر پنجاب

آزادی صحافت پر یقین، ملک میں جمہوریت کے تسلسل، سیاسی استحکام میں میڈیا کا کلیدی کردار ہے' سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، ملک میں جمہوریت کے تسلسل اور سیاسی استحکام میں میڈیا کا کلیدی کردار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں پولیس انسپکشن میگزین کے صحافیوں کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 24)

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا بھاری مشینری کرائے پر لینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے آپریشنز اور لینڈفل سائٹس کیلئے بھاری مشینری کرائے پر لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے رینٹل مشینری کا فریم ورک کنٹریکٹ جاری کر دیا ہے۔ فیصلے کے مطابق 10 ایکسکیویٹرز، (بقیہ نمبر 23)

میٹرک داخلے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

لاہور (این این آئی) میٹرک کے سالانہ امتحانات کے لئے داخلہ جمع کرانے کی تاریخ میں 2 ہفتوں کی توسیع کر دی گئی۔ اب امیدوار سنگل فیس کے ساتھ 10 دسمبر تک داخلہ بھجوا سکیں گے، دوگنا فیس کے ساتھ 23 دسمبر اور 3 گنا فیس کیساتھ 6 جنوری تک (بقیہ نمبر 27)

حکومت کا سکولوں میں پنجابی زبان کو فروغ دینے کا فیصلہ

جنوبی، شمالی پنجاب کے سکولوں میں سرائیکی اور پوٹھوہاری زبانوں کے فروغ پر زور

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کے تمام سرکاری سکولوں میں پنجابی زبان کی بول چال اور ادب کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام نے سکولوں کے ہیڈ ٹیچرز کو طلبہ کے لیے مقامی زبان کی سرگرمیاں منعقد کرنے اور طلبہ کی پنجابی یا مقامی زبان میں گفتگو کی ویڈیوز بنانے کی ہدایت دی ہے۔ حکام نے کہا ہے کہ تمام ویڈیوز سرکاری سی ای اوز گروپ میں شیئر کی جائیں اور سکول سربراہان سے عملدرآمد کی رپورٹ طلب کی جائے۔ علاوہ ازیں، جنوبی (بقیہ نمبر 26)

پنجاب بھر میں لائسنسنگ کا اجراء جاری

27 اضلاع میں پنک اور بلیو لائسنسنگ یونٹ شہریوں کی دہلیز پر سہولیات فراہم کر رہا' ترجمان

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر صوبہ بھر میں لائسنسنگ کا اجراء جاری ہے، پنجاب کے 27 اضلاع میں پنک اور بلیو لائسنسنگ یونٹ شہریوں کی دہلیز پر سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق رواں ماہ 33 ہزار شہریوں نے اون ڈور لائسنسنگ یونٹ سے استفادہ کیا، 12 ہزار شہریوں نے لرننگ اور (بقیہ نمبر 34)

پسند کی شادی کا کیس، لڑکی عدالت میں مکر گئی، نوجوان پر 50 ہزار کا جرمانہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پسند کی شادی کے کیس میں لڑکی کے مکرنے پر اس کے مبینہ شوہر پر 50 ہزار روپے جرمانہ کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راجہ غضنفر علی خان نے شہری شعیب ظفر کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ 6 جون 2025ء (بقیہ نمبر 35)

سیالکوٹ میوزیم کے دورے کے دوران سیکرٹری سیاحت، آثار قدیمہ و میوزیم پنجاب، ڈاکٹر احسان بھٹہ، افسران کو میوزیم کی 25 دسمبر کو افتتاح کے لیے مکمل تیاری یقینی بنانے کی ہدایات دے رہے ہیں۔

28ویں ترمیم بجٹ سے پہلے بھی آسکتی ہے: رانا ثناء اللہ

صدر عہدے سے ہٹنے کے بعد 11 سال جیل میں رہے، گناہ بھی ثابت نہ ہو تو کون جوابدہ ہے؟ مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 28ویں ترمیم پر اتفاق رائے ہو گیا تو بجٹ سے پہلے بھی آ سکتی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 28ویں ترمیم پر اتفاق نہ ہوا تو بجٹ کے دوران بھی بات ہوتی رہے گی، مئی تک بھی ترمیم ہو جائے تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی ہو سکتا ہے جس چیز پر اتفاق ہو جائے وہ پارلیمنٹ میں آ جائے، تعلیم، (بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس

اجلاس میں 24 میڈیکل کیسز کی سماعت 5 میڈیکل اسٹورز کے خلاف پراسیکیوشن کی منظوری

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قصور/چیئرمین ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ عمران علی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کنسلٹنٹ فزیشن، ڈرگ انسپکٹرز، ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر اور متعلقہ افسران کی شرکت۔ اجلاس (بقیہ نمبر 37)

ضلعی انتظامیہ قصور اور پیرا فورس کی مشترکہ طور پر گراں فروشی کیخلاف کارروائیاں جاری

قصور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ قصور اور پیرا فورس کی مشترکہ طور پر (بقیہ نمبر 36)

چین کے سرمایہ کار گروپ کو حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، شافع حسین

محکمہ صنعت و تجارت پنجاب اور چین کے سرمایہ کار گروپ سینو پاک ٹیک انڈسٹری پرائیویٹ کے مابین پنجاب میں سرمایہ کاری کا معاہدہ

لاہور (این این آئی) محکمہ صنعت و تجارت پنجاب اور چین کے سرمایہ کار گروپ سینو پاک ٹیک انڈسٹری پرائیویٹ کے مابین پنجاب میں سرمایہ کاری کا معاہدہ طے پا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اور چین کی کمپنی کے سی ای او مسٹر پیڈرک نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کی رو سے چین کا سرمایہ کار گروپ پنجاب کے سپیشل اکنامک زون میں 300 ایکڑ رقبے پر انڈسٹریل پارک بنائے گا

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ مقامی ہوٹل میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

سندھ نے 30 سال میں کافی ترقی کی، لوگ ملک سے باہر نہ جائیں مراد علی شاہ

جناح اسپتال میں 35 ملین ڈالر سے ایمرجنسی ٹاور بنے گا، 15 ملین ڈالرز کی منظوری دے دی، وزیر اعلی

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ گزشتہ 30 برس میں ہم نے کافی ترقی کی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے صوبے کے اہل لوگ ملک سے باہر نہ جائیں۔ مقامی ہوٹل میں سندھ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے سیمینار سے خطاب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سندھ نے کافی کام کیے ہیں، ہم صحت کے شعبے کو مزید مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔

عوام سے کیے گئے وعدے ہر صورت میں پورے کیے جائیں گے،، راجہ دانیال احمد خان

اپنے قائد میاں محمد نواز شریف کے ویژن کے مطابق تعمیر و ترقی اور خوشحالی کا مشن پورا کروں گا، نومنتخب ایم این اے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے نومنتخب ایم این اے NA104 راجہ دانیال احمد خان نے کہا ہے کہ عوام سے کیے گئے وعدے ہر صورت میں پورے کیے جائیں گے، مسلم لیگ ن عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت ان کی اولین ترجیح ہے۔ عوام سے کیے گئے وعدوں کو عوام کی دہلیز پر حل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسماعیل سٹی سو سائٹی میں سر پرست اعلیٰ حاجی عبدالقہار کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیئے جانے والے ظہرانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی راجہ ریاض احمد خاں، سابق ایم این اے حاجی اکرم انصاری، رانا عمران منج، رانا شبیر حسین سابق ناظم سدھو پورہ، صدر اسماعیل سٹی چوہدری بشیر رندھاوا، وائس چیئرمین نوید رجوکہ و دیگر موجود تھے۔

فیصل آباد پولیس نے 2 رکنی ڈکیت گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کرلیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے 2 رکنی ڈکیت گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا۔ تھانہ مدینہ ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرکے متحرک ڈکیت گینگ کے خلاف کارروائی کرکے 2 رکنی ڈکیت گینگ کو سرغنہ ایم مجتبیٰ سمیت گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ مدینہ ٹاؤن سب انسپکٹر عدیل اکرم نے پولیس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی ڈکیت گینگ کے سرغنہ محمد مجتبیٰ اپنے ساتھی سید عالم سمیت گرفتار کیا۔

پائیدار معیشت کے لئے پالیسیوں میں تسلسل لایا جائے' پیاف

حکومت سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان کیلئے مکمل طور پر الگ سے بااختیار کونسل تشکیل دے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور نظام کی آٹومیشن پر برق رفتاری سے پیشرفت کرنے کی ضرورت ہے، پائیدار معیشت کے لئے پالیسیوں میں تسلسل لایا جائے، ملک میں جمود کا شکار براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے رجحان کو تبدیل کرنے کیلئے سنجیدگی سے حکمت عملی مرتب کی جائے۔ مشترکہ بیان میں پیاف کے عہدیداروں نے کہا کہ ایف بی آر کے سٹرکچر کو مضبوط بنیاد فراہم کرنے کی ضرورت ہے جس کیلئے جامع اسٹڈی رپورٹ تیار کرائی جائے، ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ممالک کو سامنے رکھ کر توازن کے ساتھ اقدامات تجویز کئے جائیں۔ ہمارے ہاں پالیسیوں کے تسلسل کو بھی اہمیت نہیں دی جاتی جس کی وجہ سے سرمایہ کار تذبذب کا شکار رہتے ہیں، جب تک مقامی سرمایہ کار مطمئن نہیں ہوں گے بیرون ممالک سے سرمایہ کاری کو راغب نہیں کیا جاسکتا۔

سی سی ڈی کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو ہلاک، دو فرار

پھولنگر (این این آئی) سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک جبکہ دو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان ناکہ لگا کر پھولنگر کے قریب لوٹ مار کررہے تھے کہ پولیس کے پہنچنے پر فائرنگ کا تبادلہ ہوگیا جس میں ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا اور دو فرار ہوگئے

ہائیکورٹ میں باپ کیخلاف بیٹے کی گواہی تسلیم

بیوی کو ڈنڈوں سے قتل کرنے والے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیوی کو ڈنڈوں سے قتل کرنے والے ملزم کی عمر قید کے خلاف اپیل مسترد کرتے ہوئے سزا برقرار رکھی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس اسجد جاوید گھرال نے بیوی کو ڈنڈوں سے قتل کرنے والے ملزم کی عمر قید کے خلاف اپیل پر 6 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے ملزم اشرف کی سزا کے خلاف اپیل خارج کردی، عدالت نے ملزم کے خلاف اسکے بیٹے کی گواہی درست تسلیم کرلی۔ عدالت نے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے ملزم کی عمر قید کی سزا برقرار رکھی، فیصلے کے مطابق ملزم محمد اشرف کے خلاف چشمدید گواہ اسکا بیٹا ہے، ہمارے معاشرے میں باپ کا ایک بہت عزت کا رتبہ ہے، کوئی بیٹا اپنے باپ پر اس قسم کا جھوٹا الزام نہیں لگا سکتا۔ بیٹے نے خود باپ پر قتل کا الزام لگایا بغیر کسی شواہد کے اس الزام کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق مثالی گاؤں پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، دوسری انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کی افتتاحی تقریب میں پاکستانی اور بین الاقوامی کھلاڑیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں موجود ہیں۔

فیصل آباد، انسانی سمگلنگ اور جبری گداگری میں ملوث نیٹ ورک کے خلاف ایکشن

ایف آئی اے فیصل آباد نے کارروائیوں میں منظم گروہ کے کارندے سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

مکوآنہ (این این آئی) ایف آئی اے فیصل آباد نے انسانی سمگلنگ اور جبری گداگری میں ملوث نیٹ ورک کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے منظم گروہ کے کارندے سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل فیصل آباد نیا انسانی سمگلنگ اور جبری گداگری میں ملوث نیٹ ورک کے خلاف کارروائیاں کرکے منظم گروہ کے کارندے سمیت 2 ملزمان محمد اسماعیل اور سلمان منور کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کو فیصل آباد کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزم محمد اسماعیل نے دیگر ساتھیوں کی ملی بھگت سے معصوم شہریوں کو ملائیشیاء میں بھیک منگوانے میں ملوث ہے۔ ملزمان کے خلاف پاکستانی ہائی کمیشن کوالالمپور کی رپورٹ پر مقدمہ درج کیا گیا۔ ملزم نے خالد محمود نامی شہری کو روزگار کا جھانسہ دے کر ملائشیاء بھیجا، جہاں اسے زبردستی بھیک مانگنے پر مجبور کیا گیا۔

فیصل آباد میں تیز رفتار موٹر سائیکل سوار کی ٹکر سے 3 سالہ بچہ جاں بحق

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد تیز رفتار موٹر سائیکل سوار کی ٹکر سے 3 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ملت ٹاؤن کے علاقہ میں تیز رفتار موٹر سائیکل سوار کی ٹکر سے تین سالہ بچہ مزمل جاں بحق ہوگیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ایس ایچ او ملت ٹاؤن مظہر عرفان نے فوری کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل سوار ریحان علی کو گرفتار کر لیا۔ ریحان علی نے تیز رفتاری سے موٹر سائیکل چلاتے ہوئے 3 سالہ بچے مزمل کو ہٹ کیا۔

چین جانے والے پاکستانی زرعی ماہرین کے دوسرے بیچ نے بھی تربیت مکمل کرلی

پاکستانی زرعی ماہرین کے دوسرے بیچ کی گریجویشن تقریب چین میں منعقد ہوئی

لاہور (این این آئی) چین جانے والے پاکستانی زرعی ماہرین کے دوسرے بیچ نے بھی تربیت مکمل کر لی، وزیر اعظم کے کپیسٹی بلڈنگ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کرنے والے پاکستانی زرعی ماہرین کے دوسرے بیچ کی گریجویشن تقریب چین میں منعقد ہوئی۔ اس بیچ میں ایک ہزار پاکستانی زرعی ماہرین شامل تھے جنہوں نے خصوصی تربیت مکمل کی۔ تین ماہ پر مشتمل اس تربیتی پروگرام کو پاکستان کی زرعی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا تھا۔ اس میں زرعی مشینی سازی، پھل و سبزیوں کی پروسیسنگ ٹیکنالوجیز، ڈرونز اور دیگر فضائی ٹیکنالوجیز کے ذریعے جدید زرعی طریقہ کار پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس تربیت کا مقصد اسمارٹ مشینری کی تحقیق و ترقی اور ڈیجیٹل فارم مینجمنٹ کی مہارتوں کو فروغ دینا تھا۔ گریجویشن تقریب کے دوران چار ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ ٹریننگ پروگرامز کے معاہدوں کے ساتھ ساتھ 23 تعاون کے منصوبوں پر بھی دستخط کیے گئے۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 7 روپے اضافے سے 497 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 343 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے کمی سے 343 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں کئی مقامات پر دکاندار برائلر گوشت سرکاری نرخ سے 30 سے 40 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔

بزدار دور میں ہونیوالی کرپشن کی تحقیقات میں بیوروکریسی کا عدم تعاون سامنے آ گیا

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں ایک بھی ڈپٹی کمشنر شریک نہ ہوا، کمیٹی کا شدید اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) بزدار دور میں ہونے والی کرپشن کی تحقیقات میں بیوروکریسی کا عدم تعاون سامنے آگیا۔ پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری میں 19 ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز میں مالی بے ضابطگی کی تحقیقات کے لئے ایک بھی ڈپٹی کمشنر اجلاس میں آن لائن شریک نہ ہوا۔ ڈپٹی کمشنرز کے آن لائن اجلاس میں شریک نہ ہونے پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری نے شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی نے جونیئر افسران سے جواب لینے سے انکار کردیا۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری احمد اقبال نے کہا کہ آن لائن شریک نہ ہونے والے افسران کو اب اجلاس میں بلائیں گے۔ انہوں نے سیکرٹری ایجوکیشن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ دیکھ لیں کیا حالات ہیں، تعلیم اور صحت کے معاملات میں کسی کو دلچسپی نہیں۔

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کراچی سرکلر ریلوے اور کراچی تا سکھر ہائی اسپیڈ ٹرین چلانے کے لئے عالمی بینک کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں۔

پولیس کا آپریشن، پنجاب اسمبلی کے سامنے سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کرا دیا

پولیس نے کارروائی کر کے مظاہرین کو حراست میں لے لیا، مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کر دی گئی

لاہور (این این آئی) پولیس نے صبح سویرے آپریشن کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی کے سامنے سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کروا دیا۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے کارروائی کر کے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق پندرہ روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جبکہ دھرنے سے مال روڈ پر ٹریفک بری طرح متاثر تھی۔

پنجاب ریونیو اتھارٹی میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کا آغاز

بڑے حجم والے ٹیکس پیئرز کیلئے الگ کمشنریٹ کے قیام کی سفارشات کا جائزہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کا آغاز کردیا گیا، پی آر اے میں بڑے حجم والے ٹیکس پیئرز کیلئے الگ کمشنریٹ کے قیام کی سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق انفورسمنٹ افسران کی روزانہ کارکردگی رپورٹ ڈیش بورڈ سے منسلک، جزا و سزا کا میکنزم تیار ہے، آئی ٹی ونگ میں نئی آسامیوں پر تعیناتی، ڈیٹا بیس کو مربوط اور سہولت ایپلی کیشن کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے، افسران کی کارکردگی و شفافیت برقرار رکھنے کیلئے آڈٹ اینڈ ویجیلینس ونگز کے قیام کی بھی سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پی آر اے کمشنرز اپیل، بذریعہ ویڈیو لنک کیسز کی سنوائی کرسکیں گے۔ آن لائن سہولت ایپ پر صارفین کی شکایات متعلقہ کمشنر اور انفورسمنٹ افسران کو بذریعہ میسج بھی موصول ہوں گی، صارفین کی شکایات پر 24 گھنٹوں میں ایکشن لازم، فیلڈ افسران میرٹ پر ازالہ یقینی بنائیں گے

پنجاب کے 443 دیہات کو مثالی گاؤں بنایا جارہا ہے: وزیر بلدیات

دیہات میں شہروں جیسی سہولیات پہنچانا وزیر اعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے' ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی منظوری سے پنجاب کی 10 ڈویژنز کے 443 دیہات کو مثالی گاؤں بنایا جارہا ہے۔ اگلے ماہ دسمبر کے وسط سے 224 دیہات میں ترقیاتی سکیموں پر کام شروع ہوجائے گا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ''مثالی گاؤں'' پروگرام میں پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔

بلوچستان کے ضلع سبی اور اطراف میں زلزلے کے جھٹکے

ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 3.1، گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سبی اور اطراف میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے ہیں جس کے باعث لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں باہر نکل آئے اور کئی گھنٹے کھلے آسمان تلے گزارے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 3.1 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ ہوئی جبکہ مرکز سبی سے 60 کلومیٹر دور شمال مشرق میں تھا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق زلزلہ سبی، ہرنائی اور دکی اضلاع کے درمیان پہاڑی پٹی میں آیا، کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی تاہم زلزلے کے بعد لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے اور کئی گھنٹے کھلے آسمان تلے گزارے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع قلات میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تھے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی ریکٹر سکیل پر شدت 3.0 اور گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، جبکہ زلزلے کا مرکز قلات کے قریب تھا۔

لاہور، ٹریکٹر ٹرالی نے 2 کانسٹیبل کچل ڈالے، ایک جاں بحق، دوسرا شدید زخمی

لاہور (این این آئی) لوئر مال کے علاقے میں ٹریکٹر نے دو کانسٹیبلز کو کچل ڈالا، حادثے میں ایک کانسٹیبل موقع پر جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہوگیا، کانسٹیبل صفدر اور محمود ڈیوٹی پر تھے کہ کارپوریشن چوک میں کھڑے ملازمین کو ریت سے بھری ٹریکٹر ٹرالی نے ٹکر ماردی۔ محمود کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او لوئر مال سمیت پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

پنجاب، کمرشل مراکز اور شاپنگ مالز میں 5 رنگوں کے ویسٹ بن لازمی قرار

پیپر، گلاس، آرگینک، میٹل اور پلاسٹک کے لیے الگ الگ بن رکھنا ضروری ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے صوبائی ماحولیاتی ادارے نے صوبے بھر کے کمرشل مراکز، شاپنگ مالز، پلازوں اور تعلیمی اداروں میں 5 رنگوں کے ویسٹ بن لازمی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ جن مراکز میں یہ سہولت نہ ہوگی، ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ نئے آرڈرز کے مطابق پیپر، گلاس، آرگینک، میٹل اور پلاسٹک کے لیے الگ الگ بن رکھنا ضروری ہوگا اور یہ بن تمام تجارتی مقامات اور تعلیمی اداروں میں نمایاں جگہوں پر نصب کیے جائیں گے۔ ترجمان ای پی اے کا کہنا ہے کہ غیر علیحدہ کچرا ویسٹ مینجمنٹ پر اضافی بوجھ ڈالتا ہے، اس لیے سورس پر سگریگیشن لازمی ہے تاکہ ماحولیات کی حفاظت اور کچرے کے موثر انتظام کو یقینی بنایا جاسکے۔

کراچی، دو الگ الگ پولیس مقابلوں میں 2 زخمی سمیت 5 ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مجموعی طور پر 5 ڈاکو گرفتار کرلیے، جن میں سے 2 زخمی حالت میں پکڑے گئے۔ ایس آئی یو کی ٹیم نے گرومندر کے قریب کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک زخمی سمیت 4 ڈاکوؤں کو گرفتار کیا۔ چھیپا کے مطابق گرفتار ملزم کو جناح ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت 36 سالہ جنید کے نام سے ہوئی۔

اسلام آباد ایئرپورٹ پر غیر ملکی طیارہ بڑے حادثے سے بچ گیا

ایئر ٹریفک کنٹرولر کے بروقت اقدام نے طیارے کو بند رن وے پر لینڈنگ کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر غیر ملکی ایئر لائن کا طیارہ لینڈنگ کے دوران بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ذرائع کے مطابق ایئر ٹریفک کنٹرولر کے بروقت اقدام نے طیارے کو بند رن وے پر لینڈنگ کرنے سے روک دیا، سعودی ایئر لائن کی پرواز نمبر 728 جدہ سے اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچی تھی جہاں رن وے 28 لیفٹ مرمت کیلئے بند ہے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے رن وے 28 لیفٹ بند ہونے اور رن وے 28 رائٹ کھلے ہونے کا نوٹم بھی جاری کیا ہوا ہے، سعودی ایئر لائن کے پائلٹ نے لینڈنگ اپروچ 28 رائٹ کے بجائے 28 لیفٹ کے بند رن وے کی بنائی، کنٹرول ٹاور پر موجود ایئر ٹریفک کنٹرولر نے طیارے کے پائلٹ کو غلط رن وے پر ہونے کا بتایا۔

پیپلز پارٹی کی سندھ میں بلدیاتی قانون میں بڑی تبدیلیاں کرنے کی تیاری

بلدیاتی اداروں کی مدت ختم ہونے کے بعد نئے انتخابات تک ایڈمنسٹریٹر مقرر نہیں ہوں گے، متوقع ترمیم

کراچی (این این آئی) سندھ کی حکمران جماعت پیپلز پارٹی صوبے میں نافذ بلدیاتی قانون میں بعض تبدیلیاں کرنے جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں محکمہ بلدیات سندھ اور محکمہ قانون کے ماہرین سندھ لوکل گورنمنٹس ایکٹ 2013 میں متوقع ترامیم پر مبنی ڈرافٹ کی تیاری میں مصروف ہیں، جو باضابطہ منظوری کے لیے سندھ کابینہ کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا، جس کے بعد اسے سندھ اسمبلی سے منظور کرایا جائے گا۔ اس سلسلے میں وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے یکم دسمبر کو سندھ کابینہ کا خصوصی اجلاس طلب کیا ہے جب کہ وزیر اعلی سندھ کی سفارش پر گورنر سندھ نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس پہلے ہی بلالیا ہے۔ واضح رہے کہ سندھ اسمبلی کا اجلاس بدھ 26 نومبر سے شروع ہو رہا ہے، جو کچھ دن جاری رہے گا۔

کراچی، اورنگی ٹاؤن میں موٹر سائیکل سے گر کر 70 سالہ ضعیف شخص جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے اورنگی ٹاؤن ساڑھے گیارہ رئیس امروہوی چوک کے قریب ایک افسوسناک حادثے میں 70 سالہ شخص موٹر سائیکل سے گر کر جاں بحق ہوگیا۔ چھیپا کے مطابق حادثے میں جان سے جانے والے شخص کی شناخت اختر حسین کے نام سے ہوئی ہے۔ لاش کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔

کراچی: شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری علامہ ناظر عباس تقوی پاک محرم ہال میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں۔

نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ اشتیاق چوہدری نے عدالت کو بتایا کہ پولیس نے گزشتہ رات مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا اور دھرنا ختم کروا دیا

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ، ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد 35 ویں نیشنل گیمز 2025ء کے انتظامات بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

کراچی: جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی اور ٹرانسفارمیشن انٹرنیشنل سوسائٹی کے بانی ڈاکٹر عمران یوسف مفاہمتی یادداشت کی دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں۔

ملک میں ترشاوہ پھل کی کاشت کا رقبہ تقریباً 194 ہزار ہیکٹر سے کم ہوکر 156 ہزار ہیکٹر رہ گیا

ہائی ایفی شنسی اریگیشن سسٹم جیسے کہ ڈرِپ اریگیشن ترشاوہ سیکٹر میں انقلابی تبدیلی لا سکتے ہیں، ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں ترشاوہ پھل کی کاشت کا رقبہ تقریباً 194 ہزار ہیکٹر سے کم ہوکر 156 ہزار ہیکٹر رہ گیا ہے تاہم جدید طریقوں اور رجحانات کے باعث ترشاوہ پھلوں کی پیداوار برقرار ہے جبکہ پاکستان میں مٹی اور موسمی حالات کی مناسبت کے باعث ترشاوہ پھلوں کی صنعت کی توسیع کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور ہائی ایفی شنسی اریگیشن سسٹم جیسے کہ ڈرِپ اریگیشن ترشاوہ سیکٹر میں انقلابی تبدیلی لا سکتے ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز جامعہ زرعیہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر احمد ستار خاں نے کہا کہ ہائی ایفی شنسی اریگیشن سسٹم پانی اور غذائی اجزا کو براہ راست جڑوں تک پہنچا کر ایک مؤثر حل فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سطح پر سٹرس کے بیماریوں سے بچاؤ کیلئے نرسری اور سرٹیفیکیشن سسٹم کو متعارف کروانا ناگزیر ہے۔ ڈین کلیہ زراعت ڈاکٹر غلام مرتضیٰ نے کہا کہ گزشتہ دس برسوں میں صوبہ پنجاب میں سٹرس کی کاشت کے رقبے میں مسلسل کمی واقع ہوئی ہے۔ اس کمی کی وجوہات میں باغات کی ناقص دیکھ بھال، بیماریوں کا حملہ، ہاؤسنگ سوسائٹیز کا پھیلاؤ، بعد از برداشت ذخیرہ کرنے کے مسائل شامل ہیں۔

صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت محکمہ توانائی کا پہلا اجلاس

صوبائی وزیر کو محکمہ کی مجموعی کارکردگی، جاری منصوبوں اور مستقبل کی حکمتِ عملی بارے بریف کیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت محکمہ توانائی پنجاب کا پہلا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس کے دوران سیکرٹری توانائی نے محکمہ کی 2011 سے 2023 تک کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب نے گزشتہ برسوں میں توانائی کے شعبے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اجلاس کو سولر، ہائیڈرو، بائیوگیس، ونڈ اور ویسٹ ٹو انرجی منصوبوں میں ہونے والی پیش رفت پر بھی آگاہ کیا گیا۔

پنجاب کے مختلف شہروں میں فضائی آلودگی میں کمی آنا شروع

دنیا کے بڑے شہروں میں فضائی آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا چھٹا اور کراچی کا 14 واں نمبر ہے

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں فضائی آلودگی میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق گوجرانوالہ میں 378 پارٹیکولیٹ میٹر اور فیصل آباد میں 318 ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق دنیا کے بڑے شہروں میں فضائی آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا چھٹا اور کراچی کا 14 واں نمبر رہا۔ محکمہ ماحولیات پنجاب کی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں پارٹیکولیٹ میٹر 329 ریکارڈ کیے گئے ہیں۔

مشکل معاشی صورتحال میں آئی ایم ایف کے پروگرام کو چلانا ناگزیر ہے، چوہدری خالد محمود چیمہ

ایٹمی صلاحیت کے حامل پاکستان کو مستقبل میں اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی قومی پالیسی بنانی ہوگی

مکوآنہ (این این آئی) سینٹرل چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاورلومز ایسوسی ایشن چوہدری خالد محمود چیمہ، سینئر وائس چیئرمین شیخ خالد عزیز مخی، وائس چیئرمین شیخ عامر نثار، سابق چیئرمین چوہدری محمد نواز، سرپرست اعلیٰ جاوید صادق کاہلوں نے کہا ہے کہ مشکل معاشی صورتحال میں آئی ایم ایف کے پروگرام کو چلانا ناگزیر ہے تاہم ایٹمی صلاحیت کے حامل پاکستان کو مستقبل میں اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی قومی پالیسی بنانی ہوگی، سرکاری ادارے کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کی بجائے مشکلات کا باعث ہیں جس کی وجہ سے کاروبار کرنے والے متنفر ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا میں جو بھی قومیں معاشی طور پر مضبوط ہوئی ہیں انہوں نے ایڈہاک ازم کو خیر باد کہہ کر طویل المدت پالیسیاں بنائی ہیں۔ ہمارے ہاں ایک روز ایک پالیسی بنتی ہے اور اگلے ہی لمحوں میں نئی پالیسی آجاتی ہے۔ ادارے فیصلوں اور پالیسیوں کے نفاذ سے قبل اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کو اپنی توہین سمجھتے ہیں۔

نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ اشتیاق چوہدری نے عدالت کو بتایا کہ پولیس نے گزشتہ رات مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا اور دھرنا ختم کروا دیا

بڑھتی ہوئی بے روزگاری حکومتی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے' جاوید قصوری

نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں مگر حکمرانوں کے پاس ان کے لئے کوئی ٹھوس منصوبہ بندی نہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ لیبر فورس سروے کے مطابق گزشتہ پانچ سال میں ملک میں بے روزگاری کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے جو کہ انتہائی تشویشناک ہے، پاکستان میں بے روزگاری 7.1 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ تقریباً 80 لاکھ افراد روزگار سے محروم ہیں۔ موجودہ اعداد و شمار حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں کی ناکامی کا واضح ثبوت ہیں۔ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں مگر بدقسمتی سے آج وہی طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2023 کی مردم شماری کے مطابق ملک کی کل آبادی 24 کروڑ 43 لاکھ ہے جبکہ 8.53 فیصد غیر فعال آبادی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ ملک میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔

سندھ حکومت کی کراچی سرکلر ریلوے اور ہائی اسپیڈ ٹرین کیلیے عالمی بینک سے تعاون کی اپیل

دونوں منصوبے سندھ کے لیے گیم چینجر ثابت ہوں گے، عالمی بینک اپنا کردار ادا کرے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے کراچی سرکلر ریلوے اور ہائی اسپیڈ ٹرین کے لیے عالمی بینک سے تعاون کی اپیل کردی۔ سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کراچی سرکلر ریلوے اور کراچی تا سکھر ہائی اسپیڈ ٹرین کو حکومت سندھ کے اہم اہداف قرار دیتے ہوئے ان منصوبوں کے لیے عالمی بینک سے تعاون کی اپیل کی ہے۔ کراچی میں عالمی بینک کے وفد نے سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن سے ملاقات کی، جس میں صوبے بھر میں اربن موبلٹی کی بہتری، ٹرانسپورٹ سسٹم کی مضبوطی اور مختلف ماڈلز پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کراچی سرکلر ریلوے اور کراچی تا سکھر ہائی اسپیڈ ٹرین منصوبے سندھ کے لیے گیم چینجر ثابت ہوں گے اور حکومت سندھ چاہتی ہے کہ عالمی بینک ان منصوبوں میں اپنا کردار ادا کرے۔

شہری کو ہراساں کرنے کا کیس، ڈی پی او شیخوپورہ لاہور ہائیکورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پولیس کی جانب سے شہری کو ہراساں کئے جانے کے کیس میں ڈی پی او شیخوپورہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا، عدم پیشی کی صورت میں توہین عدالت کی کارروائی کی وارننگ دیدی گئی۔ جسٹس تنویر احمد شیخ نے شہری محمد شاہد کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران پولیس کی جانب سے ایک چھوٹا تھانیدار اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ملک عمر طاہر کے ہمراہ پیش ہوا۔

کراچی: وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو اور سیکریٹری آبپاشی ظریف کھیٹر و سے نیدرلینڈز کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن ہاجو پرودوکلونٹ ملاقات کررہے ہیں۔

گندم کی قیمت سے متعلق درخواستیں پرنسپل سیٹ پر مقرر کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں گندم کی قیمتوں کے تعین سے متعلق مختلف بنچوں میں زیر سماعت کیسز کو یکجا کرنے کے معاملے پر سماعت کرتے ہوئے تمام درخواستیں پرنسپل سیٹ پر مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے پنجاب حکومت کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ عدالت میں پنجاب حکومت کی نمائندگی اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر نے کی۔

کراچی: متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار لیبر ٹاؤن کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر کارنرز میٹنگ میں عوام سے خطاب کررہے ہیں۔

کراچی: ویمن میڈیا سینٹر کے زیر اہتمام ورکشاپ میں رکن قومی اسمبلی حسان صابر کی شرکاء کے ہمراہ گروپ۔

کراچی میں کچرا کنڈیوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، وزیر بلدیات سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے اور کچرا کنڈیوں کے خاتمے کو ناگزیر قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے صوبائی وزیر محنت و سماجی تحفظ سعید غنی کے ہمراہ جیل چورنگی پل کے نیچے کچرا کنڈی فوری ختم کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے افسران سے کہا کہ شہر میں صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے کچرا کنڈیوں کا خاتمہ ناگزیر ہے۔

طالبان دور میں بدترین انسانی بحران، سرد موسم نے افغان عوام کی مشکلات بڑھا دیں

کئی علاقوں میں بچے سخت سردی کے باوجود پابرہنہ اور ناقص کپڑوں میں زندگی گزارنے پر مجبور

کابل (این این آئی) افغانستان میں سرد موسم کے آغاز کے ساتھ ہی ملک شدید انسانی بحران کی نئی لہر سے دوچار ہوگیا ہے، غربت، بھوک اور بنیادی سہولیات کی کمی نے لاکھوں شہریوں کی زندگی مزید مشکل بنا دی ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق، موسمِ سرما میں کئی افغان خاندان اپنے بچوں کے لیے جوتے، گرم لباس اور ضروری اشیائے خورونوش تک کا انتظام نہیں کر پا رہے۔ رپورٹ کے مطابق کئی علاقوں میں بچے سخت سردی کے باوجود پابرہنہ اور ناقص کپڑوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جبکہ شدید غربت نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ کچھ افغان شہریوں نے کہا کہ ان کے پاس نہ کھانا ہے، نہ پانی، اور نہ ہی بچوں کے لیے گرم کپڑے میسر ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ صورت حال افغانستان میں جاری وسیع انسانی بحران کی ایک جھلک پیش کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق رواں سال تقریباً 2 کروڑ افغان شہری امداد کے محتاج ہیں۔

ڈرگ فری پنجاب، لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے انسدادِ منشیات آپریشنز جاری

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 55 کلوگرام چرس، 5 کلوگرام آئس، 9 کلوگرام ہیروئن اور 448 لیٹر شراب برآمد کی گئی

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈرگ فری پنجاب ویژن کے تحت لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے انسدادِ منشیات آپریشنز مسلسل جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 158 چھاپے مارے گئے جبکہ آپریشنز کے دوران 78 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا۔

خواتین کو بااختیار بنائے بغیر صنفی تشدد کے خاتمے کا ہدف حاصل نہیں کیا جاسکتا، سارہ احمد

گھریلو تشدد سے لے کر کام کی جگہ پر ہراسانی تک ہر طرح کے صنفی تشدد کو روکنا وقت کی اہم ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) کمیٹی آن جینڈر مین سٹریمنگ کی کنوینئر سارہ احمد نے کہا ہے کہ یو این ویمن کی جانب سے صنفی تشدد کے خاتمے کیلئے 16 روزہ خصوصی مہم جاری ہے، جس کا مقصد دنیا بھر میں خواتین کے خلاف ہر قسم کے تشدد کے سدباب کیلئے آگاہی اور شعور اجاگر کرنا ہے۔ سارہ احمد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے خواتین کو ''ریڈ لائن'' قرار دیا ہے اور انہی کی قیادت میں صوبے میں خواتین کے تحفظ کیلئے تاریخی اور انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

خواتین

آپ کتنی فضول خرچ ہیں؟

کفایت شعار خواتین فضول خرچی سے نفرت کرتی ہیں

حبیبہ قمر

کیا آپ فضول خرچ ہیں؟ کیا آپ کے ہاتھ میں پیسہ آتے ہی پانی کی طرح بہہ جاتا ہے؟ یہ صورتحال صرف آپ کے ساتھ ہی نہیں بلکہ آج کل کی نئی نسل پیسے کو پانی کی طرح بہاتی ہے پھر آج کل بازار میں ایسی اشیاء کی بھرمار ہے اور ان میں سیل کی جنگ جاری ہے اور اصراف پسند نو عمروں کو پانی چیک بک کھولنے اور کریڈٹ کارڈ سے خریداری کرنے سے کسی قسم کا تردد بھی محسوس نہیں ہوتا ۔ دوسرے آپ کو کسی بھی شے کو خریدنے کیلئے مہینوں پیسے جوڑ کر انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا بلکہ شے کی خریداری کیلئے آپ کو قرض بھی با آسانی مل جاتا ہے ۔ اور یہ قرض کسی دوست یا رشتہ دار کے نخرے دکھانے کے بعد نہیں ملتا بلکہ آپ کے اچھے دوست کئی قسم کے بینک آپ کی خدمت کیلئے حاضر ہوں۔ حالیہ میں کفایت شعاری کا رجحان تقریباً ختم ہی ہو چکا ہے پہلے کی نسبت آج کے دور میں پیسہ زیادہ بے دردی اور فیاضی سے خرچ کیا جا رہا ہے اور سوچے سمجھے بغیر خرچ ہو رہا ہے۔ پرانے زمانے کی سگھڑ خاتون خانہ گھر سے بجٹ کو محتاط انداز میں برقرار رکھتی تھی تا کہ اس کے شوہر کی محنت سے کمائی ہوئی رقم فضول اشیاء

اس دور میں ویسے بھی کفایت شعاری کی حوصلہ افزائی کی جاتی تھی۔ اس زمانے میں زیادہ خوشحالی اور مہمانوں کو کھلے دل سے خوش آمدید کہنے کا رواج تھا پیسہ بڑا سوچ سمجھ کر خرچ کیا جاتا ہے اس کے برعکس آج کی مصروف ورکنگ ویمن کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ کفایت شعاری کے متعلق سوچے۔

پہلے زمانے میں کھانا

کی خریداری پر ضائع نہ ہو جائے۔

باہر سے منگوانا خاتون خانہ کے پھوہڑ پن کی علامت سمجھا جاتا تھا مگر آج ہر دوسری خاتون باہر سے کھانا منگوانے کو ترجیح دیتی ہے کیونکہ اس کے خیال میں چولہے کے آگے کھڑے رہنا وقت کا زیاں ہے۔

آیئے آج ہم آپ کو پیسہ بچانے کے چند کارآمد مشورے دے رہے ہیں ہوسکتا ہے کل آپ کے کام آجائیں۔

آپ جب بھی

کیا آپ کے ہاتھ میں پیسہ آتے ہی پانی کی طرح بہہ جاتا ہے؟ یہ صورتحال صرف آپ کے ساتھ ہی نہیں بلکہ آج کل کی نئی نسل پیسے کو پانی کی طرح بہاتی ہے پھر آج کل بازار میں ایسی اشیاء کی بھرمار ہے اور ان میں سیل کی جنگ جاری ہے اور اصراف پسند نوعمروں کو پانی چیک بک کھولنے اور کریڈٹ کارڈ سے خریداری کرنے سے کسی قسم کا تردد بھی محسوس نہیں ہوتا۔ دوسرے آپ کو کسی بھی شے کو خریدنے کیلئے مہینوں پیسے جوڑ کر انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا بلکہ شے کی خریداری کیلئے آپ کو قرض بھی با آسانی مل جاتا ہے۔

شاپنگ کیلئے جائیں تو آپ کے پاس ضروری اشیاء کی خریداری کی مکمل فہرست موجود ہونی چاہئے اس طرح

آپ فضول اشیاء کی خریداری سے بچ جائیں گی۔

کھانا ضرورت سے زیادہ نہ پکائیں اگر کبھی ایسا ہو بھی جائے تو بچی ہوئی اشیاء کو سوچ سمجھ کر دوبارہ استعمال میں لائیں۔ اگر یہ کام پسند نہیں تو یہ کھانا اپنی ملازمہ یا غریب اور ضرورت مند کو دے دیں مختصر یہ کہ اس کھانے کو ضائع مت کریں۔

کچن میں بچ جانے والی سبزیوں اور پھلوں کے چھلکے سے لان کی کٹی ہوئی گھاس کیلئے کھاد تیار کی جاسکتی ہے۔

خالی کمروں میں پنکھے بلب لائٹ اور ایئر کنڈیشنڈ کے سوئچ کبھی بھی آن نہ رکھیں۔ آج کل لوڈشیڈنگ کا دور دورہ ہے گھرانوں میں ایسی

لاپرواہی کا عنصر دیکھنے میں آرہا ہے، بچوں کو بھی سمجھائیں کہ جب وہ کسی کمرے سے نکل رہے ہوں تو لائٹ کے سوئچ آف کر دیا کریں۔

پرانے کپڑوں کو یونہی مت پھینکیں بلکہ مناسب سمجھیں تو انہیں برتن والے کو دے کر اس سے برتن وغیرہ خرید لیا کریں اگر کار خیر کرنا چاہتی ہیں ان کپڑوں کو دھو کر استری کر کے قریبی یتیم خانے یا کسی این جی او کو دے دیں جو ضرورت مندوں کی ضرورتیں پوری کرتی ہیں۔

گھر کے کچھ کاموں کی ذمہ داری بچوں کو سونپ دیں اس طرح بچے آپس کے لڑائی جھگڑوں سے محفوظ رہیں گے اگر آپ کے پاس گنجائش ہو تو آپ گھر کے صحن میں اپنا باغبانی کا شوق پورا کر سکتی ہیں تو دوسری جانب سبزیاں اگا کر بچت بھی کر سکتی ہیں شرط یہ ہے کہ آپ کے مکان کے عقبی حصے میں صحن ہو۔

آج کل جس طرح پٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کریں کہ گاڑی کو سوچ سمجھ کر استعمال کریں اور ایک دفعہ میں ہی سارے کام نمٹا لئے جائیں اس طرح نہ صرف رقم کی بچت ہوگی بلکہ ماحولیاتی آلودگی بھی کم ہوگی۔ ایک سمجھدار بیوی کی حیثیت سے گھر میں ماہر ماحولیات کی سی ہوتی ہے جو اپنے محتاط سے خاندانوں کیلئے آرام دہ اور محفوظ زندگی کو ممکن بنا دیتی ہے۔

ہلکے میک اپ سے اپنی شخصیت نکھاریئے



میک اپ بذات خود ایک آرٹ ہے مگر اس کا استعمال اس طرح ہو کہ عورت کے نقش و نگار نمایاں ہوں، مکمل چہرہ تبدیل نہ ہو، ذیل میں ہلکے میک اپ کے بارے میں بتایا جارہا ہے، جو خواتین کی جلد کی رنگت کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے ہمارے ہاں اکثر خواتین کی جلد گندمی ہوتی ہے ایسے ملک میں رنگت کو ابھارنے کیلئے کلر کا استعمال کیا جاتا ہے ایسے میں ہلکا میک اپ شخصیت کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے ہلکے میک اپ کیلئے آپ کو چاہئے کلینزنگ ملک، پینٹ اسٹک، نرم گول اسفنج، آئی شیڈز ہائی لائٹنگ، کاجل یا کوہل پنسل، آئی لائنر، مسکارا، بلش، میٹ لپ اسٹک، لپ لائنر گلوس، میک اپ برش کا سیٹ۔ بیس استعمال کرنے سے قبل جلد کو اچھی طرح صاف کرلیں۔ ہموار اور صاف ستھری جلد ایک پرفیکٹ میک اپ کی ضمانت ہے۔ چہرے اور گردن کو کلینزنگ ملک سے صاف کریں، ملک کو گردش دینے والے انداز سے مساج کرتے ہوئے لگائیں تا کہ وہ جلد میں جذب ہو جائے۔ ٹی اسٹک کو چہرے اور گردن کو کلینزنگ ملک سے صاف کریں، ملک کو گردش دینے والے انداز سے مساج کرتے ہوئے لگائیں تا کہ وہ جلد میں جذب ہو جائے۔ ٹی اسٹک کو چہرے اور گردن کو کلینزنگ ملک سے صاف کریں، ملک کو گردش دینے والے انداز سے مساج کرتے ہوئے لگائیں تا کہ وہ جلد میں جذب ہو جائے۔ ٹی اسٹک کو چہرے اور گردن پر جہاں جہاں نشان یا دھبہ ہے لگائیں اچھی طرح مکس

کرلیں اس کیلئے انگلی یا پھر اسفنج استعمال کریں، ایک بڑے برش کے ذریعے پاؤڈر لگائیں تا کہ بیس سیٹ ہو جائے زیادہ پاؤڈر استعمال مت کریں ورنہ آپ کا چہرہ کیک کی طرح لگے گا۔ گول مگر فلیٹ آئی شیڈو برش کی مدد سے پنک آئی شیڈو پپوٹوں پر لگائیں، اب ایک نوک دار پلی کیٹر لیس اور پپوٹوں کی جھریوں میں آئی شیڈو لگائیں اور بتدریج آئی بروکی طرف بڑھتی چلی جائیں اور آنکھ کے کنارے پروی شیپ بنا لیں۔ میک اپ کا بنیادی مقصد منفرد، خوبصورت نظر آنا اور اپنی شخصیت کو نمایاں کرنا ہوتا ہے۔ لیکن اگر میک اپ اناڑی پن سے کیا جائے تو شخصیت سنورنے کی بجائے بگڑ کر رہ جاتی ہے۔ میک اپ کا ایک اصول یاد رکھئے وہ یہ کہ مثال کے طور اگر ایک لپ اسٹک کسی خاتون پر بچ رہی ہے تو ضروری نہیں کہ وہ آپ کی شخصیت کیلئے بھی موزوں ہو بلکہ ہو سکتا ہے اگر وہ لپ اسٹک استعمال کریں تو آپ کی شخصیت دوسروں کیلئے مذاق بن کر رہ جائیں اس لئے ضروری ہے کہ میک اپ خوب سوچ سمجھ کر اپنی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کا ناقدانہ جائزہ لے کر کیا جائے

تا کہ کسی بھی محفل میں آپ کی شخصیت دوسروں میں منفرد اور نمایاں نظر آسکے۔ آپ اپنی شخصیت کے لحاظ سے میک اپ کرتی ہیں۔ یہ بات جاننے کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنی شخصیت کا بھرپور جائزہ لیں۔

کچن کارنر

بیسن کی برفی

اجزاء:

بیسن	ایک کپ
سوجی	ایک کپ
چینی	دو کپ
دودھ	ایک کپ
پسا ہوا کھوپرا	ایک کپ
چھوٹی الائچی پاؤڈر	چٹکی بھر
چاندی کے ورق	2 یا 3
گھی	آدھا کپ
بادام پستے باریک کٹے ہوئے	آدھی پیالی

ترکیب:

بیسن کو ہلکی آنچ پر بھون لیں (جلنا نہیں چاہیے) اب چینی اور دودھ کو مکس کر کے سیرپ تیار کرلیں اور اس میں کھوپرا اور آدھا گھی شامل کر کے ہلکی آنچ پر پکائیں اور اس دوران الائچی پاؤڈر بھی ڈال دیں۔ جب ایک ابال آجائے تو اس میں تھوڑا تھوڑا کر کے چمچہ چلاتے ہوئے سوجی اور بیسن ملاتے جائیں جب سب بیسن اور سوجی ڈال لیں تو باقی گھی ڈال کر اتنا بھونیں کہ یہ مکسچر گاڑھا ہو کر دیگچی کے کنارے چھوڑنے لگے۔ اب ایک ٹرے میں گھی لگا کر چکنا کریں اور اس پر یہ مکسچر برابر پھیلا دیں 5 منٹ ٹھنڈا ہو جائے تو چاندی کے ورق لگا کر بادام پستے سے سجا کر ٹھنڈا ہونے دیں ٹھنڈا ہونے پر حسب پسند ٹکڑے کاٹ لیں۔

چکن بادامی قورمہ

اجزاء:

چکن	ایک کلو
دہی	ایک کپ
کریم	ایک کپ
پیاز	تین عدد
نمک	حسب ذائقہ
سفید زیرہ	نصف چمچ چائے کا
ہری مرچ	دس عدد
لہسن	ایک چمچ کھانے کا
ادرک	ایک چمچ چائے کا
بادام	ایک کپ
تیل	تین چمچ کھانے کے

ترکیب:

تیل گرم کر کے پیاز براؤن کرلیں، ادرک لہسن پیس کر شامل کریں، تھوڑی دیر بعد چکن ڈال کر فرائی کریں، ہری مرچوں کا پیسٹ، نمک، زیرہ ڈالیں ۔ آخر میں دہی بھی ڈال دیں ۔ چکن بھونیں، جب تیل نظر آنے لگے تو بادام شامل کریں (بادام دھو کر پیس لیں) اب کریم ڈالیں اور دم پر رکھیں، تیس منٹ کے بعد مزیدار بادام قورمہ تیار ہے

تندوری چکن

ہمارے ہاں تندوری چکن کا رواج برسوں سے چلا آرہا ہے اور آپ اس کے ذائقہ اور غذائیت کو دیکھ کر یورپ اور امریکہ میں بھی بہت مقبول ہو رہا ہے۔ اس تندوری چکن کی خاصیت یہ ہے کہ یہ کم حراروں کا حامل ہے اس لئے عام روایتی طریقے سے قدرے مختلف ہے۔

اشیاء:

مرغیوں کے سینے (ہڈیاں اور کھال کے بغیر)	چار عدد
کم حراروں والی دہی	ایک کپ
لہسن پسا ہوا	دو جوئے
لال مرچ پاؤڈر	
چائے والا چمچ	
ہلدی پاؤڈر	چائے والا چمچ
سفید زیرہ پاؤڈر	چائے والا چمچ
سیاہ مرچ پاؤڈر	چائے والا چمچ

ترکیب:

مرغی کے سینے دھو کر خشک کر کے پلاسٹک شیٹ میں لپیٹ کر لکڑی کی بھاری پیندے والے اسٹیل کے گلاس سے اس طرح کوٹیں کہ گوشت کی موٹائی رہ جائے۔ تمام مصالحے دہی میں ملا کر گوشت پر لگا دیں اور کم از کم دو گھنٹوں کیلئے فریج میں رکھ دیں۔ انگیٹھی میں کوئلے دہکائیں جب خوب روشن ہو جائیں تو گرل کو چکنائی لگا کر چکن کے ٹکڑے اس پر رکھ کر کوئلوں پر رکھ دیں۔ دونوں جانب سے چار چار منٹ تک پکائیں۔ اگر کوئلوں پر نہ کرنا ہو تو بھاری پیندے والے پین میں چولہے پر رکھ کر پکالیں۔

* * * * *

فش چرغہ

اشیاء:

پاپلیٹ مچھلی	ایک کلو
نمک	حسب ذائقہ
لہسن	چار سے چھ جوئے
ادرک	دو انچ کا ٹکڑا
دیگی لال مرچ	تین عدد
اجوائن	آدھا چائے کا چمچ
ہلدی	آدھا چائے کا چمچ
کوکنگ آئل	تین سے چار کھانے کے چمچ

ترکیب:

دیگی مرچ کو ایک پیالی پانی میں ہلکی آنچ پر اتنی دیر ابالیں کہ پانی آدھی پیالی رہ جائے، اجوائن اور زیرہ بھون لیں، دیگی لال مرچ ادرک لہسن، اجوائن اور زیرہ ملا کر پیس لیں۔ درمیان میں ابالی ہوئی مرچوں کا تھوڑا سا ابال پانی لیموں کا رس اور آئل ڈالتے ہوئے گاڑھا سا پیسٹ بنالیں۔ اس میں نمک پسی ہوئی لال مرچ اور ہلدی ملا لیں۔ مچھلی کو کٹ لگا کر صاف دھولیں اور مصالحے کے مکسچر سے میرینیٹ کر کے دو گھنٹے کیلئے فریج میں رکھ دیں۔ اوون کو پر گرم کریں اور مچھلی کو اوون ٹرے میں رکھ کر پندرہ منٹ کے لیے بیک کرلیں۔

* * * * *

بیوٹی ٹپس سبزیوں سے جلد کی حفاظت

وہ خواتین جس کی جلد زیادہ حساس ہو اور ان کی جلد پر کریموں یا لوشنز کا استعمال جلد کو مزید خراب کرتا ہو ان کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنی جلد اور چہرے کی حفاظت سبزیوں سے کریں۔ کیونکہ سبزیوں میں ایسے وٹامنز پائے جاتے ہیں جو جلد کی قدرتی تازگی کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ گوبھی میں بے شمار معدنیات پائی جاتی ہیں جلد کی تازگی اور نشوونما کیلئے گوبھی کو تھوڑے سے پانی میں ابال لیں اور پھر اسے ٹھنڈا کر کے چہرے کو دھونے کے کام لائیں۔ لیمن کا استعمال بھی سبزیوں میں ہی کیا جاتا ہے۔ یہ بہت سی بیماریوں کی دوا تسلیم کیا جاتا ہے۔ اسی لئے اطباء اسے اپنی ہر دوائی میں استعمال ضرور سمجھتے ہیں۔ یہ جلد کی صفائی بھی کرتا ہے۔ اور اس پر موجود تیزاب کی تہہ کو برقرار بھی رکھتا ہے یہ ایک قدرتی ایسٹرجنٹ ہے جو جلد کو سکیڑتا ہے۔ آلو جہاں کھانے پینے کیلئے بہت مفید خیال کیا جاتا ہے۔ بچے، بوڑھے، بڑے کیا سبھی آلوؤں کو بہت شوق سے کھاتے ہیں اسی طرح اس سے جلد کی حفاظت بھی کی جاتی ہے کہا جاتا ہے کہ آلو ایگزیما کے مرض میں بہت مفید ہے۔ آلوؤں سے جلد سکڑتی ہے اور آنکھوں کی سوجن بھی دور ہو جاتی ہے آلو کے ٹکڑوں کو آنکھوں پر رکھیں اس سے آپ کو راحت ملے گی اور جلد بھی تر و تازہ رہے گی۔ پپیتا بھی ہر قسم کی جلد کیلئے مفید ہوتا ہے پپیتے میں ایسے عزائم شامل ہیں جو جلد کے مردہ خلیوں کو ملائم کر کے انہیں جسم سے علیحدہ کرتے ہیں یہ جلد کو سکیڑنے کے ساتھ ساتھ مسامات کو تنگ کرتا ہے اور اس کے گودے کو فیس ماسک کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔



دہشت گردی کے تازہ واقعات

اسلام آباد جی الیون کچہری کے باہر خودکش دھماکے میں 12 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ اِس حملے میں ہندوستانی حمایت یافتہ اور افغان طالبان کی پراکسی فتنہ الخوارج ملوث تھے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو قریباً پونے ایک بجے کچہری کے مرکزی گیٹ کے قریب وکلاء اور اپنے مقدمات کی پیروی کے لئے آئے لوگوں کی آمدورفت جاری تھی، وہاں اسلام آباد پولیس کی دو گاڑیاں سکیورٹی ڈیوٹی پر موجود تھیں جن میں سے ایک گاڑی کو خودکش بمبار نے ٹارگٹ کیا۔ دھماکے کے فوری بعد کچہری عمارت خالی کرا لی گئی، معزز جج صاحبان، وکلاء اور سائلین کو جوڈیشل کمپلیکس کے عقبی حصے کی طرف سے نکال لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دھماکہ خودکش تھا، جائے وقوعہ سے حملہ آور کا سر بھی مل گیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی۔ وزیراعظم نے منگل کو بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افغان حکومت کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف موثر کارروائی کرے تو پاکستان تعاون کے لئے تیار ہے، افغانستان کو سمجھنا ہوگا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کی حمایت سے اَمن حاصل نہیں ہوگا، پاکستان نے ہمیشہ استحکام اور دفاعِ وطن میں عزم کا مظاہرہ کیا، افواجِ پاکستان نے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی سے دشمن کے عزائم ناکام بنائے۔ دھماکے کے بعد امریکی سفارت خانے کی سوشل میڈیا پوسٹ میں پاکستان میں تعینات امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے پاکستان کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اِس حملے اور دہشت گردی کی ہر شکل کی سخت مذمت کرتا ہے، وہ پاکستان کی حکومت کی اَمن اور استحکام کے لئے کی جانے والی کوششوں کی حمایت کے لئے پُرعزم ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور کہا کہ حکومت کی پہلی ترجیح خودکش حملہ آور کی شناخت ہے، پیر کو وانا میں بھی بارود سے بھری گاڑی داخلی دروازے سے ٹکرائی اور اِس حملے میں افغانستان ملوث ہے کیونکہ وہاں سے رابطہ ہوتا رہا۔ اُن کا کہنا تھا کہ اسلام آباد حملہ بہت سی چیزوں کے ساتھ جُڑا ہے، جلد شواہد سامنے لائیں گے۔ محسن نقوی کے مطابق خودکش بمبار کچہری کے اندر جا کر دھماکے کی کوشش کر رہا تھا لیکن چونکہ کچہری میں داخل ہونے والے ہر شخص کی چیکنگ ہوتی ہے اِس لئے اُسے راستہ نہیں ملا تو پھر اُس نے پولیس کی گاڑی پر حملہ کر دیا۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اُنہیں اندازہ ہے کہ افغانستان کیا کر رہا ہے مگر سکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، افغانستان کے پاس شرپسند عناصر کو روکنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے، افغان طالبان کو چاہئے کہ وہ اِن عناصر کا بندوبست کریں۔ تحقیقاتی اداروں نے خودکش حملے کی ابتدائی رپورٹ تیار کر لی جس کے مطابق خودکش حملہ آور باجوڑ میں رہائش پذیر تھا، وہ جمعے کو اسلام آباد پہنچا اور پیرودھائی سے موٹر سائیکل پر جی الیون کچہری آیا۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق خودکش حملہ آور نے چادر اُوڑھ رکھی تھی اور جیسے ہی وہ پولیس کی گاڑی کے قریب پہنچا تو اِس نے خود کو دھماکے سے اُڑا لیا۔

ایک طرف کچہری کے باہر دھماکہ ہوا تو دوسری طرف ایک دن قبل کیڈٹ کالج وانا پر حملہ ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے تمام خوارجیوں کو جہنم واصل کر کے 650 طلباء اور اساتذہ کو بحفاظت محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔ سکیورٹی حکام کے مطابق کیڈٹ کالج کے داخلی دروازے پر حملہ کرنے والے خودکُش حملہ آور کے علاوہ چار دیگر خوارج کو کامیاب آپریشن کے بعد ہلاک کر دیا گیا۔ حملے کے وقت کالج میں 525 کیڈٹس سمیت تقریباً 650 افراد موجود تھے، افغان خوارج کی کالج میں موجودگی اور کیڈٹس کی جانوں کی حفاظت کے پیش نظر سکیورٹی فورسز نے آپریشن نہایت احتیاط اور حکمت عملی سے کیا گیا جس کی وجہ سے اِن میں سے کسی ایک بھی طالب علم یا اُستاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کالج کے اندر موجود خوارجیوں کا تعلق افغانستان سے تھا، وہ مسلسل ٹیلیفون پر افغانستان سے ہدایات لیتے رہے۔ یاد رہے کہ 10 نومبر کو افغان خوارج نے کالج کے مرکزی گیٹ پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرا دی جس سے کالج کا مرکزی گیٹ منہدم ہو گیا تھا جبکہ قریبی عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ دہشت گرد کالج کے احاطے میں داخل ہونے میں کامیاب ہو گئے تاہم پاک فوج کے جوانوں نے فوری اور جرأت مندانہ کارروائی کرتے ہوئے دو خوارجیوں کو موقع پر جہنم واصل کر دیا تھا جبکہ باقیوں کو اگلے روز مار دیا گیا۔

گزشتہ کچھ عرصے سے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی میں تو اضافہ ہو رہا تھا لیکن اسلام آباد، لاہور اور کراچی سمیت پاکستان کے دیگر صوبوں میں واقع اہم شہر اِس سے محفوظ تھے لیکن اب اسلام آباد میں ہونے والے دھماکے سے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ دھماکہ اُس وقت ہوا جب اس کے جڑواں شہر میں سری لنکن کرکٹ ٹیم موجود تھی اور شہر میں دنیا بھر کے مختلف ممالک سے آنے والے اسمبلیوں کے سپیکر صاحبان کی کانفرنس جاری تھی۔ وزیر داخلہ نے دہشت گردوں کی طرف سے اسلام آباد حملے کو ”کئی پیغامات“ دینے کی کوشش قرار دیا۔ ساتھ ہی ساتھ اِس پر بحث ماضی میں لاہور میں سری لنکن ٹیم پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے اور کرکٹ کے مستقبل کے تناظر میں بھی کی جا رہی ہے۔ اِس حملے سے جو بھی پیغام دینا منظور تھا وہ ایک طرف لیکن تشویشناک بات یہ ہے کہ دہشت گردوں نے ملک کے دارالخلافہ میں کارروائی کی اور اس میں کامیاب بھی ہوئے، اِس پر بہت سے سوالات اُٹھ رہے ہیں۔ اِس وقت بہت اہم یہ ہے کہ مکمل تحقیقات کی جائیں، اِس کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور اُن تمام کمزوریوں یا کوتاہیوں کو دور کیا جائے جس کا فائدہ اُٹھا کر دہشت گرد یہ کارروائیاں کرنے میں کامیاب ہوئے۔ سکیورٹی حکام نے وانا حملے میں افغانستان کے ملوث ہونے کا واضح اشارہ دیا ہے جبکہ اسلام آباد حملے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ دریں اثناء ترکیہ کے صدر طیب اردوان نے اعلان کیا ہوا ہے کہ افغانستان کے معاملے میں ترکیہ کے اعلیٰ حکام پاکستان کا دورہ کریں گے

، یقینا اُس وقت تک اسلام آباد حملے کی تحقیقات بھی مکمل ہو چکی ہوں گی اور پاکستان اِن حملوں کے ثبوت اُن کے سامنے رکھے گا۔ پاکستان کے لئے اِس وقت مشکل دوگنا ہو چکی ہے، صرف بھارت ہی نہیں بلکہ افغانستان بھی یہاں دراندازی کی کوششوں میں لگا ہوا ہے، دونوں کا مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے، ایسے میں فیصلہ سازوں کو چاہئے کہ وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں، کسی قسم کے جال میں پھنسنے سے گریز کریں۔ بہتر یہی ہے کہ پاکستان نہ صرف دوست ممالک کا تعاون حاصل کرے بلکہ اقوامِ متحدہ میں اپنی آواز اُٹھائے، اُس کے ذریعے اپنے مسائل دنیا کے سامنے رکھے تا کہ افغانستان ہو یا بھارت جنگ بندی برقرار رہے اور ان کی پاکستان کو جنگ کی طرف دھکیلنے کی سازش ناکام ہو سکے۔

پاک افغان تعلقات کے نشیب و فراز

اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

پاکستان، افغانستان ہمسایہ برادر اسلامی ممالک ہیں، ہمسائے بدلے نہیں جا سکتے ،لیکن 14 اگست 1947 میں پاکستان آزاد ہوا تو افغانستان کے سیکولر حکمرانوں نے پاکستان کو تسلیم کرنے کے بجائے مشرک ریاست ہندوستان کو دوست اور پاکستان کو اپنا دشمن سمجھا، اور ایک دہائی کے بعد پاکستان کو بطور ریاست تسلیم کیا۔

پاکستان نے اقوام متحدہ کی رکنیت کے لیے درخواست دی تو پاکستان کی شمولیت کے خلاف ووٹ دیا، اس دشمنی کی بنیادی وجہ ڈیورنڈ لائن کو بنایا گیا ہے، بہر حال حکومتوں کی پالیسیاں جو بھی رہیں لیکن کلمہ طیبہ کے لڑی میں پروئے دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان محبت، اخوت، رواداری اور بھائی چارے کی فضا کبھی مکدر نہیں ہوئی۔ ہر مسلمان ملک کی طرح افغانستان میں بھی سیکولر لبرلز اور مذہبی رجحان رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ افغان سیکولرز اور قوم پرست روز اول سے پاکستان دشمن اور مذہبی طبقہ ہمیشہ پاکستان دوست رہا۔ مذہبی طبقے سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افغان نوجوان پاکستان بننے سے پہلے پاکستانی علماء کرام سے قرآن و حدیث سیکھنے اور اپنی علمی پیاس بجھانے پاکستان میں قیام پذیر رہتے تھے اور پاکستان بننے کے بعد لاکھوں افغان پاکستانی مدارس میں پڑھتے رہے، یہی وجہ ہے کہ وہ پاکستان کو دوست بلکہ پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔

ابتدا میں اقتدار چونکہ سیکولر لبرلز اور قوم پرستوں کے ہاتھ تھا اس لیے یہ عوامی دوستی، ریاستی دوستی میں نہیں بدل سکی، اور دونوں کے درمیان ہمیشہ سرد جنگ چلتی رہتی تھی، پاکستانی قوم پرست علیحدگی پسند کابل میں روپوش رہتے تھے اور پاکستان کے شہروں اور گاؤں دیہاتوں میں بجلی کے ٹرانسفارمرز جیسے چھوٹی موٹی تنصیبات کو بموں سے اڑاتے تھے، پشاور یونیورسٹی میں حیات محمد خان شیر پاؤ کی کرسی کے نیچے بم نصب کر کے افغانستان میں پناہ گزین قوم پرست علیحدگی پسندوں نے انھیں شہید کیا تھا، کھلی دشمنی تو نہیں رہی مگر تعلقات ہمیشہ نشیب و فراز کا شکار رہتے تھے۔

1979 میں سوویت یونین افغان سیکولرز کی سازش سے افغانستان میں داخل ہوا اور وسطی ایشیائی ریاستوں کی طرح افغانستان پر قابض ہو کر قتل و غارت کا بازار گرم کیا تو مذہبی رجحان رکھنے والے پاکستان دوست افغان مجاہدین میدان عمل میں اترے۔ دنیا پر سکتہ طاری تھا مگر پاکستان نے لاکھوں افغان مہاجرین کے لیے اپنی بانہیں اور سرحدیں کھول کر کم و بیش چالیس لاکھ مہاجرین کو پناہ اور تحفظ دے کر ایثار مدینہ کی درخشندہ و تابندہ سنت کو تازہ کیا۔ صرف خیبر پختونخوا نہیں چاروں صوبوں میں افغان پناہ گزینوں کے مراکز بنا کر تعلیم، علاج، روزگار کی سہولیات مہیا کی گئیں اور ان کو صرف مہاجر کیمپس اور بستیوں تک محدود نہیں رکھا بلکہ پاکستانیوں کی طرح ہر جگہ رہنے اور کاروبار کرنے کی اجازت تھی۔ جہاد افغانستان کے دوران افغانی سیکولر لبرلز قوم پرست طبقات کی پاکستان دشمنی اور مذہبی طبقے کی پاکستان دوستی اور محبت میں مزید اضافہ ہوا اور وہ یک جان دو قالب کے مصداق بن گئے۔

پاکستان کی نصرت سے مجاہدین نے جم کر روس کے خلاف لڑنا شروع کیا تو پاکستانی ان کے شانہ بشانہ لڑے، پاکستان کا ایسا کوئی گاؤں یا شہر اور شاید بلوچستان و خیبر پختونخوا کا کوئی خاندان نہیں ہوگا جس میں جہاد افغانستان میں شہید ہونے والے جوانوں کی میتیں نہ آئی ہوں، آج بھی کابل، جلال آباد، مزار شریف سمیت افغانستان کے طول و عرض میں پاکستانی شہداء کی قبروں کی موجودگی ہماری قربانیوں کی امین ہیں۔

سوویت یونین کی شکست اور انخلا کے بعد خانہ جنگی شروع ہوئی تو ملا محمد عمر نے مدارس کے طلبا کے ساتھ مل کر قیام امن کے لیے اصلاحی تحریک شروع کی، جس کے فیوض و برکات سے افغانستان میں پہلی بار پاکستان دوست حکومت قائم ہوئی تو محسوس ہوتا تھا جیسے افغانستان پاکستان کا حصہ ہے۔ مگر امریکی سرپرستی میں نیٹو افواج کی جارحیت کے نتیجے میں ایک بار پھر افغانستان میں پاکستان دشمن سیکولر لبرلز کی حکومت قائم ہوئی اور کابل میں نفرت کی لگی آگ کی تپش اسلام آباد میں محسوس ہونے لگی، ایک بار پھر عوامی اکثریت اور ایک فرد واحد کے سوا پوری اسٹیبلشمنٹ امارت اسلامیہ کے ساتھ تھی مگر اس فرد واحد کی وجہ سے غلط فہمیوں اور تعلقات میں سرد مہری کا آغاز ہوا اور افغانستان میں ہندوستان نے ایک بار پھر اپنے پنجے گاڑ لیے، پاک افغان سرحد پر 2 درجن سے زائد قونصل خانے بنا کر دہشتگرد اور قوم پرست علیحدگی پسند تنظیموں کا سپانسر بن کر بیٹھ گیا۔

20 سال افغان طالبان امریکی اور نیٹو فورسز کے ساتھ لڑتے رہے اور ہم ان کی قیادت سمیت مجاہدین کو انڈر کور امداد اور پناہ دیتے رہے، امریکی انخلاء کے لیے مذاکرات میں پاکستان نے بڑا مثبت کردار ادا کیا تو فاصلے مٹنا شروع ہوئے افغانستان پر طالبان کے دوبارہ اقتدار پر پاکستان میں بھی جشن منایا گیا مگر ہندوستان افغانستان میں موجود اپنی تنخواہ دار پاکستان دشمن دہشتگرد تنظیموں کو طالبان حکومت کے گلے ڈال کر گیا

نظام انصاف اور 27 ویں آئینی ترمیم

ڈاکٹر توصیف احمد خان

آئین میں کی گئی 27 ویں ترمیم کے تحت عدالتی نظام میں بنیادی تبدیلیاں ہونگی۔ اس ترمیم کے بعد وفاقی آئینی عدالت قائم ہوجائے گی جو آئین کی تشریح کے معاملات دیکھے گی۔ سپریم کورٹ دیگر مقدمات کا فیصلہ کرے گی۔ وفاقی عدالت کے فیصلے ریاست کے تمام ستونوں پر نافذ ہونگے۔ اب جوڈیشل کمیشن وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس اور جج صاحبان کا تقرر نہیں کرے گا بلکہ وزیر اعظم کی سفارش پر صدر یہ تقرریاں کریں گے۔

وفاقی آئینی عدالت کے لیے سپریم کورٹ کے جج صاحبان کے علاوہ سپریم کورٹ کا جج بننے کی اہلیت رکھنے والے وکلاء بھی اہل ہونگے۔ اس ترمیم کے تحت وفاقی حکومت ہائی کورٹ کے جج کا اس کی مرضی معلوم کیے بغیر کسی دوسرے ہائی کورٹ میں تبادلہ کرسکتی ہے اور جو جج صاحبان اپنے تبادلے کے احکامات کی پابندی نہیں کریں گے تو ان کا مقدمہ سپریم جوڈیشل کونسل میں بھیج دیا جائے گا۔

ایک ماہر قانون کا کہنا ہے کہ تمام آئینی معاملات اب آئینی عدالت کے دائرہ میں آئیں گے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ میں مقدمات کی بھرمار ہے۔ اس بھرمار کو کم کرنے کے لیے آئینی عدالت قائم کی جا رہی ہے۔ سینئر وکیل بیرسٹر صلاح الدین کا کہنا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ ملک بھر کی عدالتوں میں ہزاروں مقدمات التواء کا شکار ہیں مگر سپریم کورٹ میں یہ تعداد 25 ہزار کے قریب ہے اور آئینی عدالت کے قیام سے ملک کی عدالتوں میں زیرِ التواء مقدمات کی تعداد کم نہیں ہوگی۔

اس ترمیم کے حامیوں کا بیانیہ ہے کہ جب 2006 میں محترمہ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کے درمیان میثاق جمہوریت پر اتفاق ہوا تھا تو اس میثاق میں آئینی عدالت کے قیام کی تجویز بھی شامل تھی۔ اس میثاق پر اپوزیشن کی دیگر جماعتوں نے بھی اتفاق کیا تھا۔

اب 20 سال بعد میثاق جمہوریت پر عمل درآمد ہو رہا ہے تو پھر اس شق پر اعتراض کی گنجائش نہیں ہے، مگر میثاق جمہوریت میں یہ بات نہیں لکھی گئی کہ انتظامیہ ججز کا تقرر کرے گی، پھر یہ دلائل بھی دیے جا رہے ہیں کہ 1977 کے بعد سے عدلیہ کے فیصلوں پر بیرونی دباؤ کا اثر بہت زیادہ نظر آنے لگا تھا۔ 1978 میں ملک کے پہلے منتخب وزیر اعظم اور پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو کو لاہور ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس محمد مشتاق کی سربراہی میں سزائے موت دی گئی، پھر جسٹس انوار الحق کی سربراہی میں سپریم کورٹ نے ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کی سزا کی توثیق کی تھی۔

بعدازاں جنرل ضیاء الحق کے اقتدار پر غیر قانونی قبضہ کو قانونی قرار دیا گیا تھا۔ اسی طرح سابق چیف جسٹس نسیم حسن شاہ نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کی برطرفی کو قانونی جواز فراہم کیا تھا۔ سابق چیف جسٹس ارشاد حسن کی قیادت میں سپریم کورٹ کی فل بنچ نے جنرل پرویز مشرف کے اقتدار پر ناجائز قبضے کو نہ صرف قانونی قرار دیا بلکہ حکومتی وکیل کی استدعا کے بغیر جنرل پرویز مشرف کو آئین میں ترمیم کا اختیار دیا تھا۔ اس تناظر میں سابق چیف جسٹس انوار الحق اور مولوی مشتاق کا بھی حوالہ دیا جاسکتا ہے۔

اسی طرح دیگر ججز کے متوازی حکومت بنانے کے متنازع فیصلوں سے نہ صرف جمہوریت کو نقصان ہوا بلکہ بعض فیصلوں سے ملک کی معیشت بھی متاثر ہوئی تھی۔ بعض ترقی پسند وکلاء اس عرصے کے دوران ان چیف جسٹس صاحبان کا ذکر ضرور کرتے ہیں جن کے فیصلوں سے ملک میں جمہوریت مستحکم ہوئی۔ ایوب خان کے دور میں جسٹس اے آر کارنیلس، جسٹس کیانی، جنرل ضیاء الحق کے دور میں جسٹس دراب پٹیل، جسٹس فخر الدین جی ابراہیم، جسٹس خدا بخش مری، جسٹس سعید الزماں صدیقی، جسٹس ناصر اسلم زاہد، جسٹس بھگوان داس اور جسٹس صبیح الدین احمد کا بھی ذکر ہونا ضروری ہے۔

ان جج صاحبان نے انسانی حقوق کے تحفظ ، جمہوری اداروں کے استحکام اور مظلوم طبقات کے تحفظ کے لیے معرکتہ الآراء فیصلے تحریر کیے۔ جسٹس دراب پٹیل اور جسٹس فخر الدین جی ابراہیم نے جنرل ضیاء الحق کے عبوری آئینی حکم P.C.O کے تحت حلف اٹھانے سے انکار کر کے جرات اور بہادری کی ایک ایسی انمول مثال قائم کی تھی کہ بعد میں آنے والے بہت سے جج صاحبان نے بھی اس کی پیروی کی اور جنرل پرویز مشرف کے عبوری آئینی حکم کو ماننے سے انکار کیا، یوں عوام کا عدلیہ پر اعتماد بحال ہوا تھا۔ سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری نے جنرل مشرف کے حکم کو ماننے سے انکار کیا۔

ان کی بحالی کے لیے چلنے والی وکلاء تحریک نے پورے ملک میں مزاحمت کے ایک نئے کلچر کی بنیاد رکھی تھی۔ جسٹس افتخار چوہدری نے اپنی بحالی کے بعد جو طرز عمل اختیار کیا اس پر سوالات اٹھنے لگے مگر ان کے جانشینوں میں کچھ جج صاحبان نے کئی تاریخی فیصلے کیے۔ سابق چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے 2015 میں ایک تاریخی فیصلہ کیا مگر انتظامیہ نے اس فیصلے پر مکمل طور پر عملدرآمد نہیں کیا، اگر جسٹس جیلانی کے اس فیصلے پر آج بھی مکمل طور پر عملدرآمد ہوجائے تو اقلیتی فرقوں کے وہ خاندان جو ملک سے باہر جانے کے بارے میں سوچ رہے ہیں وہ اپنا یہ خیال ترک کرسکتے ہیں۔

اس طرح پشاور ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس وقار سیٹھ کا آئین کو پامال کرنے پر جنرل پرویز مشرف کو سزائے موت دینے کا فیصلہ عدلیہ کی تاریخ کا سنہری فیصلہ قرار دیا جاسکتا ہے، کچھ اور وکلاء کا کہنا ہے کہ عدالتوں میں مقدمات کی بھرمار کی بات ہے تو یہ حقیقت بھی ہے کہ پولیس، عدالتوں کے اہلکار اور وکلاء سمیت سب اس التواء کی وجہ بنتے ہیں۔ مقدمات کے جلد حل کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ ماتحت عدالتیں قائم ہونی چاہئیں اور عدالتوں کو مخصوص عرصے میں مقدمہ ختم کرنے کا پابند کرنا ضروری ہے۔

آئین میں کی گئی 26 ویں ترمیم کے ذریعے چیف جسٹس کے تقرر کے لیے سینیارٹی کا اصول ختم ہوا تھا اور حکومت کو اپنی مرضی سے تقرریوں کا اختیار مل گیا تھا۔ جب وفاقی حکومت کی سفارش پر صدر وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس اور ججوں کا تقرر کریں گے تو پھر عدلیہ کی آزادی ایک سوال بن جائے گی۔ ججز کی ان کی مرضی کے بغیر تبادلے کا پس منظر اسلام آباد ہائی کورٹ کے پانچ ججوں کی مزاحمت بیان کی جاتی ہے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ کا آئینی عدالت کے قیام بارے میں چیف جسٹس کے نام خط ججوں میں پائی جانے والی بے چینی کا اظہار کر رہا ہے۔

استثنیٰ کی کہانی

مزمل سہروردی

ملک میں 27ویں ترمیم منظوری کے آخری مراحل میں ہے۔ اب تو یہ آئین کا حصہ بن رہی ہے۔ لیکن اس پر بات کرنے یا اس سے اختلاف کرنے پر کوئی ممانعت نہیں ہے۔ میں اس ترمیم میں آئینی عدالت بنانے کے حق میں ہوں۔ میری رائے میں آئینی عدالت وقت کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ جو استثنیٰ کی ترامیم ہیں، میں ان کے حق میں نہیں ہوں۔ تاحیات استثنیٰ کے تو بالکل حق میں نہیں ہوں۔ میری رائے میں کوئی شخص کتنا ہی اہم کیوں نہ ہو لیکن آئین وقانون سے مبرا ہونا کوئی درست بات نہیں۔ ہر شخص کو آئین وقانون کا پابند ہونا چاہیے۔ جب ہم استثنیٰ دیتے ہیں تو ہم لوگوں کو آئین وقانون سے مبرا بنا دیتے ہیں۔

استثنیٰ یکساں نظام انصاف کے بنیادی فلسفہ کی بھی نفی ہے۔ یکساں نظام انصاف کے فلسفہ کی بنیاد ہی یہ ہے کہ انصاف سب کے لیے، کوئی انصاف سے باہر نہیں۔ لیکن جب آپ کسی کو استثنیٰ دیتے ہیں تو آپ اس کے حوالے سے انصاف کے دروازے بھی بند کر دیتے ہیں۔

اس کو مقدس گائے بنا دیتے ہیں جب کہ یکساں نظام انصاف میں مقدس گائے کا کوئی تصور نہیں۔ اس لیے میری رائے میں استثنیٰ اور تاحیات استثنیٰ یکساں نظام انصاف کی بنیاد کی روح کے برعکس ہے۔ اس کی حمائت نہیں کی جا سکتی۔ سب کو آئین و قانون کے سامنے یکساں جوابدہ ہونا چاہیے۔ کسی کو کسی پر ترجیح نہیں ہو سکتی، سب برابر ہیں۔ یہی ہمارے نظام انصاف کا بنیادی اصول ہے۔

یہ درست ہے کہ آئین میں صدر اور گورنر سمیت کئی عہدوں کو پہلے ہی استثنیٰ حاصل ہے۔ لیکن یہ استثنیٰ ان کے عہدہ کی مدت کے دوران حاصل تھا۔ اب اس کو تاحیات میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ میں دوران مدت استثنیٰ کو بھی غلط سمجھتا ہوں حالانکہ اس کی دنیا میں کئی مثالیں موجود ہیں۔ پاکستان واحد ملک نہیں تھا جہاں دوران عہدہ استثنیٰ دیا گیا تھا، کئی اور ممالک میں بھی یہ موجود ہے لیکن کئی ممالک میں موجود نہیں بھی ہے۔ مثالیں دونوں طرف موجود ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ ہمارے ملک کے لیے کیا بہتر ہے۔ کیا ہمارے ملک کے لیے استثنیٰ بہتر ہے یا ہمارے ملک کے لیے قانون کی عملداری بہتر ہے۔

یہ بھی درست ہے کہ ہمارے ملک میں سیاسی انتقامی کارروائیوں کا بہت رجحان ہے۔ آپ اقتدار سے نکلتے ہیں تو انتقامی کارروائیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ مقدمات بن جاتے ہیں۔ اس لیے سب چاہتے ہیں کہ اقتدار سے نکلنے کے بعد انتقامی کارروائی کا نشانہ بننے سے بچ جائیں۔ عزت سب کی محفوظ ہونی چاہیے۔ اب تو صورتحال یہ ہے کہ یا تو آپ اقتدار میں ہیں یا جیل میں ہیں۔ درمیان کا کوئی راستہ ہے ہی نہیں۔ آپ وزیر اعظم ہیں اور پھر جیل میں ہیں، آپ صدر ہیں پھر جیل میں ہیں، آپ وزیر ہیں پھر جیل میں ہیں۔ اس لیے دلیل یہ دی جا رہی ہے کہ استثنیٰ ناگزیر ہے، تاحیات استثنیٰ کے لیے بھی یہی دلیل دی جا رہی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں یہ ایک کمزور دلیل ہے۔ اس کی بنیاد پر تاحیات استثنیٰ کی آئینی ترمیم کو جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔

آپ دیکھیں جب بانی پی ٹی آئی اور ان کی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش ہوئی تو صدر مملکت عارف علوی نے اسمبلیاں غلط توڑ دیں کیونکہ انھیں آئینی استثنیٰ حاصل تھا۔ ان کے خلاف آئین توڑنے کی کارروائی نہیں ہو سکتی تھی۔ اسی طرح جب عمر سرفراز چیمہ گورنر پنجاب تھے انھوں نے وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز سے حلف لینے سے انکار کر دیا تھا۔ وہ بھی آئین سے انحراف تھا۔ اس وقت بھی گورنر پنجاب کو آئینی تحفظ حاصل تھا۔

اس لیے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی تھی۔ بعد ازاں بھی سپریم کورٹ نے یہ قرار دیا کہ صدر مملکت عارف علوی نے آئین سے انحراف کیا ہے تاہم ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکی۔ اس لیے جہاں ایک طرف یہ دلیل ہے کہ عہدہ سے ہٹنے کے بعد انتقامی کارروائیاں ہوتی ہیں وہاں یہ دلیل بھی ہے کہ عہدہ کے دوران بھی آئین وقانون کی خلاف ورزی کی جاتی ہے اور استثنیٰ کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس لیے دلائل دونوں طرف ہیں۔

دلائل تو دوران عہدہ استثنیٰ کے غلط استعمال کے بھی ہیں، اب تو تاحیات استثنیٰ دے دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ کوئی اچھی مثال قائم نہیں کی گئی ہے۔ انسان کو ہر وقت ملک کے آئین وقانون کے تابع ہونا چاہیے۔ آئین وقانون کے تابع ہونے سے عزت بڑھتی ہے۔ اس سے مبرا ہونے سے عزت کم ہوتی ہے۔ میں وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے اس فیصلہ کو خوش آئند قرار دیتا ہوں کہ انھوں نے اپنے لیے استثنیٰ ختم کروا دیا ہے۔

انھوں نے کہا ہے کہ وہ ہر وقت احتساب کے لیے تیار ہیں۔ وہ اپنے ہر قدم کے عوام کو بھی اور آئین وقانون کو بھی جوابدہ ہیں۔ وہ پاکستان کے نظام انصاف کے سامنے جوابدہ رہنا چاہتے ہیں۔ ہمیں وزیر اعظم کے اس فیصلے کی تائید کرنی چاہیے۔ یہی درست فیصلہ ہے، ورنہ اس موقع پر جب سب بہتی گنگا میں ہاتھ دھو رہے تھے۔ وزیر اعظم پاکستان کے لیے بھی اپنے لیے استثنیٰ لینا کوئی بڑا مسئلہ نہیں تھا، ترمیم پیش بھی ہو گئی تھی۔ لیکن وزیر اعظم نے اس کو منع کر کے ایک اچھی روائت پیدا کی۔ جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ آئین میں دیے گئے استثنیٰ کو بتدریج ختم کیا جائے۔ ان میں اضافی استثنیٰ کسی طرح بھی درست نہیں۔ آپ کو آئین وقانون کے تابع رہنے کا خوف رہنا چاہیے۔ آپ کو تاحیات آئین وقانون کا پابند رہنا چاہیے۔ یہ کیسی زندگی ہے کہ آپ آئین وقانون کے تابع ہی نہیں ہیں۔ آپ کسی ضابطے کے پابند ہی نہیں ہیں۔ آپ جو مرضی کریں آپ سے کوئی پوچھ ہی نہیں سکتا۔ یہ کسی مہذب معاشرہ کی نشانی نہیں ہے۔ اس کو درست قرار نہیں دیا جا سکتا۔ آج یہ ترامیم منظور تو ہو رہی ہیں لیکن مجھے ان کی عوامی قبولیت کم ہی نظر آ رہی ہے۔ آج نہیں تو کل انھیں ختم کرنا ہی پڑے گا۔ ورنہ یہ ہمارے آئین پر ایک داغ کی طرح رہیں گی۔

ملک میں 27ویں ترمیم منظوری کے آخری مراحل میں ہے۔ اب تو یہ آئین کا حصہ بن رہی ہے۔ لیکن اس پر بات کرنے یا اس سے اختلاف کرنے پر کوئی ممانعت نہیں ہے۔ میں اس ترمیم میں آئینی عدالت بنانے کے حق میں ہوں۔ میری رائے میں آئینی عدالت وقت کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ جو استثنیٰ کی ترامیم ہیں، میں ان کے حق میں نہیں ہوں۔ تاحیات استثنیٰ کے تو بالکل حق میں نہیں

ہوں۔ میری رائے میں کوئی شخص کتنا ہی اہم کیوں نہ ہو لیکن آئین وقانون سے مبرا ہونا کوئی درست بات نہیں۔ ہر شخص کو آئین وقانون کا پابند ہونا چاہیے۔ جب ہم استثنیٰ دیتے ہیں تو ہم لوگوں کو آئین وقانون سے مبرا بنا دیتے ہیں۔

استثنیٰ یکساں نظام انصاف کے بنیادی فلسفہ کی بھی نفی ہے۔ یکساں نظام انصاف کے فلسفہ کی بنیاد ہی یہ ہے کہ انصاف سب کے لیے، کوئی انصاف سے باہر نہیں۔ لیکن جب آپ کسی کو استثنیٰ دیتے ہیں تو آپ اس کے حوالے سے انصاف کے دروازے بھی بند کر دیتے ہیں۔

اس کو مقدس گائے بنا دیتے ہیں جب کہ یکساں نظام انصاف میں مقدس گائے کا کوئی تصور نہیں۔ اس لیے میری رائے میں استثنیٰ اور تاحیات استثنیٰ یکساں نظام انصاف کی بنیاد کی روح کے برعکس ہے۔ اس کی حمائت نہیں کی جا سکتی۔ سب کو آئین و قانون کے سامنے یکساں جوابدہ ہونا چاہیے۔ کسی کو کسی پر ترجیح نہیں ہو سکتی، سب برابر ہیں۔ یہی ہمارے نظام انصاف کا بنیادی اصول ہے۔

یہ درست ہے کہ آئین میں صدر اور گورنر سمیت کئی عہدوں کو پہلے ہی استثنیٰ حاصل ہے۔ لیکن یہ استثنیٰ ان کے عہدہ کی مدت کے دوران حاصل تھا۔ اب اس کو تاحیات میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ میں دوران مدت استثنیٰ کو بھی غلط سمجھتا ہوں حالانکہ اس کی دنیا میں کئی مثالیں موجود ہیں۔ پاکستان واحد ملک نہیں تھا جہاں دوران عہدہ استثنیٰ دیا گیا تھا، کئی اور ممالک میں بھی یہ موجود ہے لیکن کئی ممالک میں موجود نہیں بھی ہے۔ مثالیں دونوں طرف موجود ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ ہمارے ملک کے لیے کیا بہتر ہے۔ کیا ہمارے ملک کے لیے استثنیٰ بہتر ہے یا ہمارے ملک کے لیے قانون کی عملداری بہتر ہے۔

یہ بھی درست ہے کہ ہمارے ملک میں سیاسی انتقامی کارروائیوں کا بہت رجحان ہے۔ آپ اقتدار سے نکلتے ہیں تو انتقامی کارروائیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ مقدمات بن جاتے ہیں۔ اس لیے سب چاہتے ہیں کہ اقتدار سے نکلنے کے بعد انتقامی کارروائی کا نشانہ بننے سے بچ جائیں۔ عزت سب کی محفوظ ہونی چاہیے۔ اب تو صورتحال یہ ہے کہ یا تو آپ اقتدار میں ہیں یا جیل میں ہیں۔ درمیان کا کوئی راستہ ہے ہی نہیں۔ آپ وزیر اعظم ہیں اور پھر جیل میں ہیں، آپ صدر ہیں پھر جیل میں ہیں، آپ وزیر ہیں پھر جیل میں ہیں۔ اس لیے دلیل یہ دی جا رہی ہے کہ استثنیٰ ناگزیر ہے، تاحیات استثنیٰ کے لیے بھی یہی دلیل دی جا رہی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں یہ ایک کمزور دلیل ہے۔ اس کی بنیاد پر تاحیات استثنیٰ کی آئینی ترمیم کو جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔

آپ دیکھیں جب بانی پی ٹی آئی اور ان کی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش ہوئی تو صدر مملکت عارف علوی نے اسمبلیاں غلط توڑ دیں کیونکہ انھیں آئینی استثنیٰ حاصل تھا۔ ان کے خلاف آئین توڑنے کی کارروائی نہیں ہو سکتی تھی۔ اسی طرح جب عمر سرفراز چیمہ گورنر پنجاب تھے انھوں نے وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز سے حلف لینے سے انکار کر دیا تھا۔ وہ بھی آئین سے انحراف تھا۔ اس وقت بھی گورنر پنجاب کو آئینی تحفظ حاصل تھا۔

اس لیے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی تھی۔ بعد ازاں بھی سپریم کورٹ نے یہ قرار دیا کہ صدر مملکت عارف علوی نے آئین سے انحراف کیا ہے تاہم ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکی۔ اس لیے جہاں ایک طرف یہ دلیل ہے کہ عہدہ سے ہٹنے کے بعد انتقامی کارروائیاں ہوتی ہیں وہاں یہ دلیل بھی ہے کہ عہدہ کے دوران بھی آئین وقانون کی خلاف ورزی کی جاتی ہے اور استثنیٰ کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں

سیاست کے بجائے مل کر کراچی کو سنبھالیں

محمد سعید آرائیں

سندھ میں حکمران پیپلز پارٹی نے بڑی کوشش اور کامیاب منصوبہ بندی کے ذریعے پہلی بار کراچی میں اپنا میئر منتخب کرا لیا تھا جب کہ کراچی میں 13 ٹاؤن چیئرمینوں کا تعلق بھی پیپلز پارٹی سے ہے جب کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی یوسی کونسلوں میں پیپلز پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہے اور پی پی نے پی ٹی آئی کے یوسی چیئرمینوں کے تعاون سے اپنا میئر منتخب کرا لیا تھا جس پر وہ بہت خوش تھی اور پی ٹی آئی اگر جماعت اسلامی سے مل جاتی تو دونوں مل کر اپنا میئر اور ڈپٹی میئر منتخب کرانے کی پوزیشن میں تھیں۔ ان دونوں جماعتوں نے آپس میں اتحاد نہ کر کے کراچی میں اپنا میئر لانے کا موقع گنوا دیا۔

اگر یہ سیاسی رنجشیں دور کر کے اتحاد کر لیتے تو آج کراچی میں میئر پیپلز پارٹی کا ہونے کے بجائے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا مشترکہ امیدوار ہوتا۔ مشرف دور میں بننے والے کراچی کے میئر نعمت اللہ کا تعلق جماعت اسلامی سے تھا' انھوں نے کراچی کی ترقی کے لیے مثالی کام کیے' انھوں نے جس خلوص سے کراچی کی خدمت کی وہ آج بھی یاد رکھی جاتی اور اس کی مثالیں دی جاتی ہیں۔ اگر آج بھی کراچی کا میئر جماعت اسلامی سے ہوتا تو ممکن ہے کراچی کے حالات وہ نہ ہوتے جو آج نظر آ رہے ہیں۔

ممکن ہے کراچی کا نظام بہت بہتر ہوتا اور لوگوں کو صفائی اور دیگر مسائل کے حوالے سے جو شکایات پیدا ہو رہی ہیں وہ نہ ہوتیں۔ ایم کیو ایم نے اپنی سیاست کے تحت بلدیاتی الیکشن کا بائیکاٹ کیا تھا، اور فروری 2024 کے الیکشن میں سب سے زیادہ قومی و صوبائی اسمبلی کی نشستیں حاصل ہوئی تھیں۔

کراچی میں 13 ٹاؤن میونسپل کارپوریشن پیپلز پارٹی، 9 جماعت اسلامی اور 4 پی ٹی آئی کے پاس ہیں اور ایم کیو ایم، جے یو آئی کے پاس کسی یوسی کی بھی نشست نہیں ہے اور میونسپل سیاست پی پی، جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کے پاس ہے مگر پی ٹی آئی نہ جانے کیوں خاموش ہے جب کہ جماعت اسلامی کے کراچی کے امیر اور پی پی کے میئر ایک دوسرے پر الزام تراشیوں میں مصروف رہتے ہیں اور تنقید کا کوئی موقعہ جانے نہیں دیتے۔

ایم کیو ایم کی طرف سے اس کے سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر پیپلز پارٹی اور جماعت اسلامی کے میئر اور ٹاؤن چیئرمینوں کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہیں جس کا جواب صوبائی وزرا شرجیل میمن اور ناصر حسین شاہ دیتے ہیں۔ جماعت اسلامی کے 9 چیئرمینوں کے برعکس جماعت اسلامی کراچی کے امیر میونسپل سیاست میں زیادہ متحرک ہیں جن کی میئر کراچی پر الزام تراشی معمول ہے۔

ایم کیو ایم کی طرف سے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت اپنے ہی میئر کراچی کو اختیارات دے جس نے اب تک میئر کراچی کو اختیارات نہیں دیے جو انھیں ملنے چاہئیں کیونکہ اب ان کا اپنا میئر ہے جب کہ 1979 کے بلدیاتی الیکشن کے بعد سے کراچی کا میئر جماعت اسلامی اور ایم کیو ایم کے منتخب ہوا کرتے تھے اور 2008 سے سندھ حکومت نے میئر کراچی کے اختیارات سلب کر رکھے ہیں جب کہ اب سندھ حکومت کو اپنے میئر کو زیادہ سے زیادہ اختیارات اور کے ایم سی کو زیادہ سے زیادہ فنڈز دینے چاہئیں۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی کے میئر مشیر قانون حکومت سندھ، سندھ حکومت کے ترجمان اور کچھ عرصہ کے ایم سی کے ایڈمنسٹریٹر رہے ہیں اور وہ اپنے اختیارات کا استعمال سابق میئروں کے مقابلے میں زیادہ کر لیتے ہیں مگر اپنی حکومت سے وہ اختیارات نہیں مانگتے جو 14-A کے تحت میئر کو ملنے چاہئیں۔

جماعت اسلامی کے 9 چیئرمین اور جماعت اسلامی کے علاقائی عہدیدار مل کر دن رات ایک ہو کر کام کر رہے ہیں اور میئر کراچی اور سندھ حکومت پر تنقید اور الزامات لگانے کی ذمے داری امیر جماعت کراچی نے سنبھالی ہوئی ہے۔ پیپلز پارٹی کراچی کے صدر سعید غنی اپنی وزارت چلانے میں ہی مصروف رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی ٹاؤن چیئرمین بھی ہے اور سعید غنی کا تعلق کراچی سے ہے۔ پی پی کراچی کے عہدیداروں اور میئر کراچی میں وہ تعلق نظر نہیں آتا جو جماعت اسلامی کے چیئرمینوں اور عہدیداروں کے درمیان ہے۔

کراچی کی بدقسمتی کہ کراچی کی نمایندگی کی دعویدار جماعتیں کراچی کو سنبھالنے اور کراچی کے مسائل مل کر حل کرانے کے بجائے صرف سیاست کر رہی ہیں۔ پیپلز پارٹی کی خوش قسمتی کہ پہلی بار اس کا میئر اور بڑی تعداد میں ٹاؤن چیئرمین منتخب ہوئے اور سندھ میں 17 سالوں سے حکومت بھی پیپلز پارٹی کی ہے۔

جماعت اسلامی اور ایم کیو ایم کے میئرز تین تین بار اپنی کارکردگی دکھا چکے۔ دونوں کے سٹی ناظمین بااختیار تھے جن کے دور میں ریکارڈ ترقی ہوئی تھی مگر پی پی کا میئر اب تک ان جیسی کارکردگی نہیں دکھا سکا اور یہ تینوں پارٹیاں اور بلدیاتی عہدیدار اگر چاہیں اور اپنی سیاست کے بجائے کراچی اور شہریوں کے مفاد کو ترجیح دیں اور مل کر کام کریں اور تینوں پارٹیاں شہری مفاد میں کراچی کو صرف بقایا مدت کے لیے سنبھال لیں تو کراچی میں تبدیلی آنا ناممکن نہیں مگر تینوں پارٹیوں نے اگر اپنی اپنی سیاست چمکانی اور ایک دوسرے پر الزام تراشی ہی کرنی ہے تو کراچی کی حالت مزید بگڑے گی اور شہری تینوں سے مایوس ہو کر تینوں کو برا بھلا ہی کہیں گے۔

میرٹ کو ترجیح دی جائے

صرف پختون ہی وزیر اعلیٰ اور گورنر ہو سکتے ہیں کسی دوسری قوم کے افراد نہیں۔ اسی طرح پنجاب اور سندھ میں بھی ہے۔ آپ ملک کے چاروں صوبائی سرکاری دفاتر کا چکر لگا کر دیکھ لیں۔ آپ کو ہر صوبائی دفاتر میں بڑے بڑے عہدوں پر صرف مقامی افراد ہی فائز نظر آئیں گے، کسی دوسری قوم کے افراد نہیں ملیں گے۔

کیوں؟ کیونکہ چاروں صوبوں میں چاروں صوبائی زبانیں بولنے والے افراد اپنے اپنے صوبوں میں حکمرانی کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور یہ کہ ایک دوسرے کے صوبوں میں بڑے عہدوں پر فائز رہنے کا مجاز نہیں ہیں۔

اسی طرح ملکی اشرافیہ نے دیگر سرکاری کلیدی

کمتر ہیں، بلاشبہ ہر قوم قابل احترام ہیں، پاکستان کی پہچان ہیں۔ میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ جن ترقی یافتہ ممالک کی مثالیں دی جاتی ہیں، ان ممالک کی خاصیت یہ ہے کہ انھوں نے ترقی کے معیار کو لسانیت کی کسوٹی پر نہیں بلکہ میرٹ کی بنیاد پر پرکھا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ان ممالک کے ادنیٰ سے اعلیٰ عہدوں پر بلا امتیاز رنگ و نسل کے لوگ عوامی و سرکاری عہدوں پر فائز ہوتے رہے ہیں اور ہو رہے ہیں، لیکن ہمارے یہاں معاملہ اس کے برعکس چلا آ رہا ہے۔ ہمارے یہاں وہی لوگ اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو سکتے ہیں جن کا تعلق کسی مخصوص سیاسی و لسانی جماعت یا اشرافیہ خاندان سے ہو، اگرچہ آئین

ڈیجیٹل میڈیا کا بڑھتا ہوا سیاسی اثر: ایک سنجیدہ جائزہ

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلم حق

ڈیجیٹل میڈیا نے دنیا کی سیاست کو ایک ایسی تیز رفتار تبدیلی کے عمل سے گزارا ہے جس کی مثال تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ آج سیاسی بیانیے کاغذی اخبارات یا پرائم ٹائم نشریات کے محتاج نہیں رہے، بلکہ چند سیکنڈ میں لاکھوں لوگوں تک پہنچنے والے مختصر کلپس، پوسٹس اور ٹرینڈز نے روایتی ذرائع کی جگہ لے لی ہے۔ یہ وسیع ڈیجیٹل میدان اب صرف حکمرانوں یا سیاسی کارکنوں کے لیے مخصوص نہیں رہا بلکہ ہر وہ فرد جس کے ہاتھ میں ایک اسمارٹ فون ہے، اس نئی سیاسی دنیا کا فعال کردار بن چکا ہے، اور یہی حقیقت عالمی سیاست کی ساخت اور رفتار دونوں کو بدل چکی ہے۔ روایتی دور میں سیاسی رہنماؤں، صحافیوں اور اداروں کے بیانیوں کو عوام تک پہنچنے میں وقت لگتا تھا۔ لیکن انٹرنیٹ نے اس درمیانی فاصلے کو ختم کر دیا ہے۔ اب ہر شخص بلا کسی رکاوٹ اپنا نقطہ نظر دنیا کے سامنے پیش کر سکتا ہے، اور اگر وہ بات متاثر کن ہو تو لمحوں میں پوری دنیا میں پھیل جاتی ہے۔ اس تبدیلی نے عوام کو غیر معمولی طاقت دی ہے، جس کے نتیجے میں وہ صرف ووٹ دینے والے شہری نہیں رہے بلکہ فوری ردِعمل دینے والے فعال اسٹیک ہولڈرز بن چکے ہیں، جو حکمرانوں کو ہر لمحہ جواب دہ بناتے ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز نے سیاسی رابطے اور مباحثے کو نئی جہت دی ہے۔ ہر بڑے واقعے پر عوام کی گفتگو، ذاتی تجزیات، میدانوں سے براہِ راست ویڈیوز اور مختلف نقطہ نظر سیاست کو ایک کھلی بحث میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ اگرچہ اس کا مثبت پہلو یہ ہے کہ حکومتیں زیادہ جواب دہ ہوتی ہیں، لیکن اس کا چیلنج یہ بھی ہے کہ شور اتنا زیادہ بڑھ جاتا ہے کہ اصل مسئلہ اکثر جذباتی ردِعمل کے نیچے دب جاتا ہے۔ جدید سیاسی مہمات کا مرکز اب ڈیجیٹل پلیٹ فارمز بن چکے ہیں۔ سیاسی جماعتیں الگورتھمز، سافٹ ویئرز اور ڈیٹا اینالیٹکس کے ذریعے لوگوں کی ترجیحات، پسند و ناپسند اور آن لائن رویوں کو جان کر ان کے لیے مخصوص پیغامات تیار کرتی ہیں۔ پہلے صرف بڑے بڑے شہروں میں جلسے اور بینرز ہوتے تھے، لیکن اب دور دراز علاقوں کے لوگوں تک بھی مخصوص سیاسی مواد درست وقت پر پہنچا دیا جاتا ہے، جو انتخابی مہم کے نتائج پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ ڈیٹا مائیکرو ٹارگٹنگ نے سیاسی عمل کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ایک ہی سیاسی جماعت مختلف شہری گروہوں کے لیے الگ الگ بیانیے تیار کرتی ہے، جس سے بظاہر تو معلومات کا بہاؤ بڑھتا ہے، مگر درحقیقت رائے سازی کی فطری آزادی متاثر ہوتی ہے۔ اس عمل میں بعض اوقات شہریوں کو ایسے مواد کے ذریعے ذہنی طور پر متاثر کیا جاتا ہے جو جذبات کو ابھارنے میں زیادہ اور سیاسی شعور میں کم کردار ادا کرتا ہے۔ ڈیجیٹل دنیا کا سب سے بڑا چیلنج معاشرتی تقسیم ہے۔ لوگ وہی مواد دیکھتے ہیں جو ان کے پہلے سے موجود عقائد کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ اس طرز کے الگورتھم اس قدر موثر ہیں کہ مختلف نظریاتی گروہوں کے افراد ایک ہی واقعے کو مکمل طور پر مختلف زاویوں سے دیکھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ معاشرے میں برداشت کم اور عدم اعتماد زیادہ پیدا ہوتا ہے، جس کا نقصان قومی یکجہتی کو ہوتا ہے۔ غلط معلومات کا پھیلاؤ بھی ڈیجیٹل دنیا کی تلخ حقیقت بن چکی ہے۔ جھوٹی خبریں اکثر تیز جذبات پیدا کرتی ہیں، اسی لیے یہ مواد سچائی کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیزی سے پھیل جاتا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین عام طور پر معلومات کی تصدیق کرنے کے بجائے اسے فوراً شیئر کر دیتے ہیں، اور یہی عبرت ناک رویہ پورے معاشرے کے فکری نظام کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ڈیپ فیک جیسی جدید ٹیکنالوجیز نے حقیقت اور جھوٹ کے درمیان فرق کو تقریباً مٹا دیا ہے۔ کسی رہنما کی جھوٹی ویڈیو، کسی تقریب کا مصنوعی منظر یا کسی بیان کی جعلی آڈیو اس قدر حقیقی محسوس ہوتی ہے کہ عام صارف کے لیے سچ اور جھوٹ کی تمیز کرنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ صورتحال صرف سیاسی شخصیات ہی نہیں، پوری ریاستی ساکھ کے لیے خطرناک ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا نے سیاست کو بامعنی مباحثے سے زیادہ تفریحی اور سنسنی خیز رنگ میں رنگ دیا ہے۔ مزاحیہ میمز، طنزیہ کلپس، مختصر ویڈیوز اور وائرل جملوں نے سنجیدہ سیاسی گفتگو کا حصہ کم کر دیا ہے۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ کسی اہم قومی مسئلے پر گفتگو کے بجائے وہ ایک جملہ یا تصویر زیادہ اہمیت اختیار کر لیتا ہے جس کا اصل مسئلے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ نوجوان نسل اس ڈیجیٹل تبدیلی کا سب سے زیادہ اثر لینے والی طبقہ ہے۔ ان کی سیاسی معلومات، ان کے ردِعمل، ان کی بحثیں اور ان کی ترجیحات کا بڑا حصہ سوشل میڈیا سے تشکیل پاتا ہے۔ یہ نسل روایتی ذرائع سے ہٹ کر زیادہ فوکسڈ، تیز رفتار اور موثر بیانیے کی متلاشی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ سیاسی جماعتیں اپنی مہمات میں نوجوانوں کو مرکزی حیثیت دیتی ہیں۔ اگرچہ یہ امر خوش آئند ہے کہ نوجوان زیادہ باشعور اور فعال ہو رہے ہیں، مگر اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ معلومات کو پرکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ بصورت دیگر وہ جذباتی تحریکات کا حصہ بن کر معاشرتی عدم استحکام کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔ دنیا بھر کی حکومتیں اس متحرک ڈیجیٹل دنیا میں نظم و ضبط قائم رکھنے کے لیے نئی پالیسیاں بنانے پر مجبور ہو رہی ہیں۔ وہ ایسے قوانین وضع کرنا چاہتی ہیں جو شہریوں کو جھوٹے مواد، نفرت انگیزی اور بیرونی پروپیگنڈے سے محفوظ رکھ سکیں۔ لیکن اس کے ساتھ انہیں آزادی اظہار کا احترام بھی یقینی بنانا ہے۔ یہی توازن سب سے مشکل فریضہ ہے۔ ٹیکنالوجی کمپنیاں بھی اس سیاسی منظرنامے میں غیر معمولی اثر رکھتی ہیں۔ ان کے الگورتھمز طے کرتے ہیں کہ کون سا مواد زیادہ دکھایا جائے گا اور کون سا نہیں۔ اس غیر مرئی اثر نے انہیں عالمگیر سیاسی طاقت بنا دیا ہے، اس لیے ان کی جانب سے شفافیت، ذمہ داری اور احتساب ضروری ہے تا کہ عوامی رائے کبھی ٹیکنالوجی کے رحم و کرم پر نہ رہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں سیاست کی اخلاقی بنیادوں کو بھی شدید چیلنجز لاحق ہیں۔ جھوٹے الزامات، مصنوعی وائرل مواد، اور کردار کشی کی مہمات نے سیاسی ماحول کو آلودہ کیا ہے۔ جہاں ایک طرف عوام کو فوری معلومات ملتی ہیں، وہیں دوسری طرف پلیٹ فارمز کو غلط استعمال کر کے بداعتمادی، نفرت اور انتشار بھی پھیلایا جاتا ہے۔ دنیا کتنی ہی جدید کیوں نہ ہو جائے، سچائی اور دیانت داری ہی وہ اقدار ہیں جو اجتماعی نظام کو مضبوط رکھتی ہیں۔ اگر معاشرہ اس اصول کو اپنا لے کہ ہر خبر کی تصدیق کرے، جذباتی پروپیگنڈے کا شکار نہ ہو، اور ذمہ دارانہ رائے قائم کرے تو بہت سے سیاسی بحران پیدا ہونے سے پہلے ہی ختم ہو سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا میں مثبت امکانات کی کمی نہیں۔ یہ نہ صرف مظلوموں کی آواز بن سکتا ہے بلکہ دور افتادہ علاقوں کے مسائل کو بھی مرکزی سطح تک پہنچا سکتا ہے۔ اس کے ذریعے انفرادی آواز اجتماعی اثر میں تبدیل ہو جاتی ہے، اور یہ تبدیلی اصلاح اور ترقی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ بہت سے عالمی مسائل آج ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی بدولت دنیا کے سامنے نمایاں کیے جاتے ہیں۔ چھوٹے گروہ اور عام شہری بھی اب ایسے مباحث چھیڑ سکتے ہیں جو پہلے صرف بڑی طاقتوں کے ہاتھ میں تھے، اور یہی جمہوری قوت کا سب سے روشن پہلو ہے۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز تعلیم اور سیاسی تربیت کے لیے بھی بہترین کردار ادا کر سکتے ہیں، بشرطیکہ انہیں ذمہ داری، سنجیدگی اور توازن کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ اگر صارفین شعور کے ساتھ ان ذرائع کا استعمال کریں تو یہ معاشرتی ہم آہنگی کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ آخرکار یہ حقیقت تسلیم کرنا ضروری ہے کہ ڈیجیٹل میڈیا نہ مکمل طور پر اچھا ہے نہ برا۔ یہ محض ایک طاقت ہے، اور ہر طاقت کے اچھے یا برے ہونے کا تعلق انسان کے استعمال، نیت اور فہم سے ہوتا ہے۔ اگر ہم اس طاقت کو مثبت سمت میں استعمال کریں تو یہ نہ صرف ہماری سیاسی فضا کو منظم کر سکتا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک باوقار، مضبوط اور باشعور معاشرہ تشکیل دے سکتا ہے۔ یہی حقیقی کامیابی ہے اور یہی ہماری اجتماعی ذمہ داری بھی۔

سارے شہر میرے شہر

سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر صباء اصغر اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

عوام ملک میں استحکام، معاشی بہتری کے خواہاں ہیں، رانا عارف اقبال

ضمنی انتخابات میں کامیاب ہونیوالے ن لیگ کے امیدواران کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں

ہیڈ مرالہ (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹورزم پنجاب رانا عارف اقبال نے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں کامیاب ہونے والے مسلم لیگ (ن) کے تمام امیدواران کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ عوام نے ایک بار پھر کارکردگی، خدمت اور ترقی کے بیانیے کی توثیق کرتے ہوئے ن لیگ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، جو ہمارے لیے باعثِ فخر اور ذمہ داریوں میں اضافے کا باعث ہے۔ رانا عارف اقبال نے کہا کہ ان انتخابات کے نتائج ثابت کرتے ہیں کہ عوام ملک میں استحکام، معاشی بہتری اور ترقی کے تسلسل کے خواہاں ہیں۔ ن لیگ عملی اقدامات، بہتر طرزِ حکمرانی اور عوامی خدمت کی روایت برقرار رکھتے ہوئے صوبے اور ملک کو ترقی کے نئے مراحل سے گزارے گی۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب ہونے والے امیدواران اپنے اپنے حلقوں میں عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات اور فلاحی اقدامات کے ذریعے اس اعتماد پر پورا اتریں گے۔ پارٹی قیادت اور کارکنان کی محنت رنگ لائی ہے اور یہ عزم مزید مضبوط ہوا ہے کہ ہم مل کر پنجاب اور پاکستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھیں گے۔ آخر میں رانا عارف اقبال نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور یہ فتح اسی اعتماد کا مظہر ہے، جسے ہم مزید مضبوط بنانے کے لیے دن رات کام جاری رکھیں گے۔

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ماحول کا تحفظ صرف حکومت نہیں ہر شہری کی ذمہ داری ہے، کنول لیاقت

پلاسٹک بیگ کا استعمال کم اور بازار یا مارکیٹ جاتے ہوئے فیبرک بیگز استعمال کریں، بیان

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پارلیمانی سیکرٹری برائے تحفظ ماحولیات و جنگلات کنول لیاقت نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے پہلی مرتبہ کلائمٹ چینج پالیسی دی ہے، سموگ کے کنٹرول کیلئے باقاعدہ منصوبہ بندی کی اور جامع اقدامات کئے جن کے سبب فصلوں کی باقیات کے جلنے کو عمل میں صوبہ بھر 70 فیصد کمی آئی ہے۔ یہ بات انہوں نے سسٹین ایبل سوشل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن اور برٹش کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ ضلعی کلائمیٹ سمٹ میں کی جس میں سیالکوٹ کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات شرکت کی۔ ایس ایس ڈی او ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید کوثر عباس سمیت مختلف اداروں کے نمائندے شرکت کریں گے۔ کنول لیاقت نے کہا کہ ماحول کا تحفظ صرف حکومت کی ہی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ ہر شہری کو اپنی روزمرہ زندگی میں رویوں کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے اور پلاسٹک کے استعمال کو اپنی زندگی میں کم سے کم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پلاسٹک کے شاپنگ بیگ کا استعمال کم از کم کرنا ہوگا اور بازار یا مارکیٹ جاتے ہوئے فیبرک بیگز استعمال کریں۔ اس موقع پر انہوں نے شرکاء میں شمولیت کے سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کئے۔

حکومت کی انتھک جدوجہد سے دوبارہ معیشت بحال ہو رہی ہے، آصف باجوہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق ممبر صوبائی اسمبلی محمد آصف باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی انتھک جدوجہد سے دوبارہ معیشت بحال ہو رہی ہے تو تحریک انصاف کی قیادت اسے سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں لگی ہوئی ہے جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائیگا بانی پی ٹی آئی کو اپنی کرپشن کا حساب دینا ہوگا اور ملک دشمن اقدامات پر احتساب کا عمل بھی مکمل کرنا ہوگا احتجاج سے رہائی ممکن نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گامیڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن نے ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کی ہے اور ملک کو معاشی و انتظامی استحکام دینے کے لیے مثبت اور عملی اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائدین مسلم لیگ ن کی قیادت عوام کی امیدوں کا مرکز ہے اور آنے والے دنوں میں ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔

اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے، ڈی سی حافظ آباد

عبدالرزاق کا وزیراعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات اور عوام کو بہتر سروسز کی فراہمی کے سلسلے میں اقدامات جاری

حافظ آباد (بیورو رپورٹ، ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے وزیراعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات اور عوام کو بہتر سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں پنڈی بھٹیاں اور جلالپور بھٹیاں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمہ، شجرکاری، تزئین و آرائش سمیت دیگر کاموں کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ چیف منسٹر پبلک ایکسیلینس پروگرام کے تحت عوام کو بہتر سروسز کی فراہمی، اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ کے عوام فلاحی اقدامات صفائی ستھرائی، تجاوزات کا خاتمہ، عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، سڑکوں پر لائن مارکنگ، شجرکاری سمیت دیگر علاقائی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جلالپور بھٹیاں اور پنڈی بھٹیاں کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف شاہراہوں، بازاروں، عوامی مقامات کا پیدل دورہ کرتے ہوئے بالخصوص صفائی ستھرائی، بیوٹی فکیشن، شجرکاری اور تجاوزات کے خاتمہ کے کاموں کا جائزہ لیا۔

حافظ آباد، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق پنڈی بھٹیاں کے دورہ کے موقع پر شہر کا دورہ کر رہے ہیں

حافظ آباد، مویشیوں کے لین دین کا تنازع، ایک شخص قتل، مقدمہ درج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ، ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد کے گاؤں ٹھٹھہ کھرلاں میں جانوروں کے لین دین کے جھگڑے پر ایک شخص کو ڈنڈے سوٹوں اور کسی کے وار کر کے قتل کر دیا گیا جس پر پولیس نے تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ منیر احمد کی جانب سے درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق اسکے بھائی شبیر کا چند روز قبل ملزمان بشیر ولد مہندی سکنہ بھون خورد اور محمد افضل سکنہ ٹھٹھہ کھرلاں سے جانوروں کے لین دین پر جھگڑا ہوا جس پر ملزمان نے اسی رنجش پر شبیر کو کسی اور ڈنڈے سوٹوں کے وار کر کے قتل کر دیا جس پر پولیس تھانہ صدر نے تین ملزمان بشیر، محمد افضل اور عدیل افضل کے خلاف قتل کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔

مریم نواز ہیلتھ کلینکس سے 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید ہوئے، منشاء اللہ بٹ

وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے میں عوامی خدمت، شفافیت و ترقی کی نئی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صوبائی کابینہ اور تمام محکموں میں جاری سخت احتساب اور کارکردگی کے شفاف جائزے کو پنجاب کی اچھی حکمرانی کا نمایاں ثبوت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے میں عوامی خدمت، شفافیت اور ترقی کی نئی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں۔ صوبائی وزیر کے مطابق، پنجاب مائنز اینڈ منرلز نے 33 ارب روپے کا ریکارڈ ریونیو حاصل کر کے ملک بھر کے لیے ایک نیا معیار قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن "ریاست عوام کی دہلیز پر" کے تحت صرف ایک سال میں کلینک آن ویل کے ذریعے ایک کروڑ 65 لاکھ مریضوں کا علاج کیا گیا، جبکہ مریم نواز ہیلتھ کلینکس سے 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید ہوئے اور 16 ہزار 700 سے زائد کامیاب سرجریاں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ صحت کی سہولیات کو گھر گھر پہنچانے کے لیے ٹی بی، ہیپاٹائٹس اور ذیابیطس ٹائپ ون کے 17 ہزار مریضوں کو ادویات گھروں تک پہنچائی گئیں، جبکہ سیلاب کے دوران میڈیکل کیمپ، فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویل اور کلینک آن بوٹ کے ذریعے 12 لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے خصوصی بچوں کے لیے وزیراعلیٰ کی اصلاحات کو بھی تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں پہلی بار 40 ہزار خصوصی بچوں کو غذائیت بخش لنچ کی فراہمی ممکن ہوئی، سپیشل ایجوکیشن مراکز کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ شروع کی گئی اور 36 ہزار سے زائد بچوں کا مفت علاج فراہم کیا گیا۔ پی آئی ٹی بی کے تعاون سے خصوصی بچوں کے لیے ڈور ٹو ڈور داخلہ مہم بھی شروع کی گئی ہے۔

فن انسان کے اندر موجود خوبصورتی کو جگاتا ہے: ڈاکٹر نیاز احمد مغل

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام "عزم جواں" کے عنوان سے بچیوں کی بنائی گئی خطاطی اور مصوری کی نمائش کا انعقاد کیا گیا جس میں نوخیز فنکاراؤں نے اپنے دلکش اور تخلیقی فن پارے پیش کیے۔ نمائش کے اختتام پر شریک بچیوں کو سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے۔ نمائش کے افتتاح کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر نیاز احمد مغل نے کہا کہ نوجوان لڑکیوں کی فنونِ لطیفہ سے بڑھتی ہوئی وابستگی نہایت خوش آئند ہے، ان کی تخلیقی سوچ اور باریک بینی ہمارے معاشرتی شعور میں مثبت اضافہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں کا اعتماد کے ساتھ آرٹ کی دنیا میں قدم رکھنا ان کی ذہنی پختگی اور مثبت تربیت کا ثبوت ہے اور ایسے پلیٹ فارم انہیں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتے ہیں۔

چونیاں، فاروق آباد تلگونڈی میں عظیم الشان محفل، شہریوں کی شرکت

قرآن صرف تلاوت کیلئے نہیں سمجھ کر اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا حقیقی کامیابی کی ضمانت ہے، علامہ بشیر احمد

چونیاں (تحصیل رپورٹر) فاروق آباد تلگونڈی میں ایک عظیم الشان اور پرنور محفل پاک کا انعقاد کیا گیا، جس میں اہل علاقہ سمیت دور دراز دیہات سے بھی بڑی تعداد میں عاشقانِ رسولؐ نے شرکت کی۔ محفل پاک کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا، جس نے روح پرور ماحول میں مزید نورانیت بھر دی۔ محفل سے خصوصی خطاب ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مولانا بشیر احمد عاجز نے کیا۔ اپنے پُرحکمت بیان میں انہوں نے قرآن مجید کی عظمت، اس کی اہمیت، اور مسلمانوں کی زندگی میں اس کے عملی کردار پر مفصل روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ قرآن پاک صرف تلاوت کے لیے نہیں بلکہ اسے سمجھ کر اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا حقیقی کامیابی کی ضمانت ہے۔ اس موقع پر انہوں نے شرکائے محفل کو قرآن سے مضبوط تعلق قائم کرنے کی خصوصی تلقین بھی کی۔ بانی محفل محمد رفیق رحمانی اور ان کے ساتھیوں نے اس محفل پاک کو بہترین انداز میں منعقد کرنے کے لیے خصوصی محنت کی، جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ محفل میں مہمانانِ خصوصی ملک ذوالفقار احمد، سردار شوکت علی گجر، سردار نعمان احمد، چوہدری عمران ادریس، سردار محمد آمین، رجب علی بھٹی، مشتاق احمد بابا جی بابا اور دیگر معززین علاقہ نے بھی شرکت کی۔ محفل کے دوران نعت خوانوں نے بارگاہِ رسالت مآب میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے، جس سے محفل کا ماحول مزید معطر ہوگیا۔ آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، امتِ مسلمہ کی وحدت اور علاقے کی ترقی کے لیے خصوصی دعا کروائی گئی۔ محفل اختتام پذیر ہونے کے بعد شرکاء کی بڑی تعداد نے بانیانِ محفل کی محنت کو سراہتے ہوئے اس روحانی اجتماع کو علاقے کی ایک یادگار محفل قرار دیا۔

موڑ کھنڈا، چیئرمین پی آئی آر اظہر محمود سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات

پارٹی کی تنظیم سازی بہت جلد، تمام شہروں اور ڈسٹرکٹ میں بنائیں گے، گفتگو

موڑ کھنڈا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی کے چیئرمین اظہر محمود اور صوبہ پنجاب کے پارٹی ارگنائزر چوہدری محمد افضل گجر، پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی ڈویژن فیصل اباد کے آرگنائزر چوہدری محمد ندیم نمبردار سابقہ نائب ناظم ڈسٹرکٹ فیصل اباد اور دیگر پارٹی ممبران سے اسلام اباد پارٹی کے مرکزی آفس میں میٹنگ ہوئی۔ پاکستان کے صوبہ پنجاب میں پارٹی ایگزیکٹو اور تنظیم سازی کے کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ چیئرمین اظہر محمود نے کہا پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی کی تنظیم سازی بہت جلد پاکستان کے تمام شہروں اور ڈسٹرکٹ میں بنائیں گے۔ انشاء اللہ اور آئندہ انے والے ہر الیکشن میں بھرپور حصہ لیں گے۔ انشاء اللہ ہم سب مل کر بنائیں گے خوشحال پاکستان

کاہنہ، ساؤتھ سرکل میں بجلی چوری کیخلاف آپریشن، مقدمات درج

بجلی چوری ملکی معیشت کو اربوں روپے کا نقصان پہنچاتی ہے، ایس ای محمد حسین

کاہنہ (نامہ نگار) ساؤتھ سرکل میں بجلی چوری کے خلاف بڑے پیمانے پر جاری گرینڈ آپریشن میں اہم کامیابیاں حاصل کر لی گئیں۔ ایس ای لیسکو سرکل چوہدری محمد حسین کی ہدایات اور براہِ راست نگرانی میں ہونے والی کارروائیوں کے دوران لاکھوں یونٹس کی ریکوری اور سینکڑوں ملزمان کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایس ای چوہدری محمد حسین نے مرکزی پریس کلب کاہنہ کے وفد کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بجلی چوری ملکی معیشت کو اربوں روپے کا نقصان پہنچاتی ہے اور اس مکروہ عمل میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ محکمہ کے مطابق آپریشن میں غیر قانونی کنڈے، ڈائریکٹ سپلائیز اور ٹیمپرڈ میٹرز بڑی تعداد میں ضبط کیے گئے، جبکہ ABC کیبل کی تیز رفتار تنصیب نے کنڈا کلچر کے خاتمے اور لائن لاسز میں کمی کیلئے مثبت نتائج دینا شروع کر دیے ہیں۔ سب ڈویژنوں کی ٹیمیں دن رات فیلڈ میں کام کر رہی ہیں۔

سیالکوٹ، کم عمر بچی کیساتھ نازیبا حرکات کرنیوالا گرفتار، مقدمہ درج

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس نے کم عمر بچی سے نازیبا حرکات اور زیادتی کی کوشش کرنے والا درندہ فوری ملزم گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا، تھانہ سٹی ڈسکہ کے علاقہ ماڈل ٹاؤن میں ردی اور کباڑ اکٹھی (پھیری) کرنے والے ملزم اسم سکندر نے ردی دینے آئی 11 سالہ لڑکی سے پلاٹ کی دیوار کے پیچھے نازیبا حرکات اور زیادتی کرنے کی کوشش کی، فوری مقدمہ درج کر کے ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ اور پولیس اہلکاروں نے ملزم اسم سکندر کو گرفتار کر لیا، ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا کہ ملزم سے تمام پہلوؤں پر تفتیش جاری ہے۔

سیالکوٹ، عیسائی خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) عیسائی خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عیسائی خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر صاحبزادہ حامد رضا سے کلمہ پڑھ کر اسلام قبول کر لیا۔ عیسائی خاتون کا نیا اسلامی نام ثناء منظور رکھا گیا ہے۔

عوام کی جائیدادوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں، ڈپٹی کمشنر بہاولنگر

حکومت پنجاب عوام کو ان کے جائز حقوق دلانے کے لیے پرعزم ہے، کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب عوام کو ان کے جائز حقوق دلانے کے لیے پرعزم ہے، اور کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں۔ ذوالفقار احمد بھون۔ عوام کی جائیدادوں پر ناجائز قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ حافظ کامران اصغر۔ حکومت پنجاب کے وژن اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں ضلع بہاولنگر میں غیر منقولہ جائیداد کی قانونی ملکیت کے تحفظ اور قبضہ مافیا کے ... کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں غیر منقولہ جائیداد پر ناجائز قبضوں کی شکایات کے فوری حل، قانونی مالک کے حقوق کے تحفظ، اور اس سے متعلقہ تنازعات کے تیز ترین ازالے کے لیے کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او حافظ کامران اصغر نے کہا کہ عوام کی زمینوں اور جائیدادوں پر ناجائز قبضہ کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے تمام ...

کاموکے، غیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

کاموکے (نامہ نگار) کاموکے میں غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، بھاری بھرکم بلز اور لوڈشیڈنگ نے کاروباری زندگی ٹھپ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کاموکے اور گرد و نواح میں کئی ہفتوں سے غیر اعلانیہ اور بلا جواز بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، بالخصوص علی الصبح ہی بجلی بند کر دی جاتی ہے، جس نے شہریوں کی روزمرہ زندگی، کاروباری سرگرمیوں اور تعلیمی نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں دن بھر اچانک بجلی بند ہونے سے عوام شدید ذہنی اور کاروباری پریشانی میں مبتلا ہیں۔ شہریوں کے مطابق کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ بجلی گھنٹوں بند رہتی ہے، مگر واپڈا کی جانب سے نہ کوئی شیڈول فراہم کیا جاتا ہے اور نہ ہی بجلی بندش کی وجہ بتائی جاتی ہے۔ گھروں میں پانی کی قلت، الیکٹرانکس اشیاء کا خراب ہونا معمول بن چکا ہے۔

پاکستان تیزی سے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن بننے کیجانب گامزن، شکیل اعوان

ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں بہتری اور سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین سوشل میڈیا اینڈ ڈیجیٹل نیٹ ورک ضلع وزیرآباد شکیل اعوان نے کہا کہ پاکستان تیزی سے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن بننے کی جانب گامزن ہے، پاکستان ڈیجیٹل ترقی، اسٹارٹ اپس اور مصنوعی ذہانت کے فروغ کے ذریعے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن بننے کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ جبکہ پاکستانی سٹارٹ اپس اور ٹیک کمپنیاں امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور دیگر ممالک میں کامیابی سے خدمات سرانجام دے رہی ہیں، انہوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں بہتری اور سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ پاکستان میں اسٹارٹ اپس، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل اسکلز کے شعبوں میں 4.3 ملین افراد کو تربیت حاصل کر چکے ہیں۔ ٹیکنالوجی اور اسٹارٹ اپس میں عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی نمائندگی پاکستان کی برآمدات میں اضافہ اور ملکی معیشت میں مضبوطی کا باعث بنے گی۔

ننکانہ صاحب، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت سبزی منڈی میں ریٹ لسٹ چیک کر رہی ہیں

امریکی امن معاہدہ کے باوجود غزہ پر وحشیانہ بمباری جاری ہے، ایوب قریشی

اسرائیلی مظالم باشعور انسانوں کیلئے گہری تشویش کا باعث، اسرائیلی بربریت نے انسانیت کو شرمندہ کر رکھا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف سماجی شخصیت حاجی ایوب قریشی نے کہا ہے کہ پاکستانی عوام فلسطین کے بنیادی حق خودارادیت کو تسلیم کرتے ہوئے فلسطینی عوام کی جدوجہد آزادی اور 1967 سے پہلے والی سرحدوں کے مطابق آزاد فلسطینی ریاست کے قیام اور القدس الشریف کو اس کا دارالحکومت بنانے کے مکمل حامی ہیں گزشتہ کئی دہائیوں سے اسرائیل فلسطینیوں پر ظلم ڈھا رہا ہے امریکی امن معاہدہ کے بعد بھی غزہ پر وحشیانہ بمباری جاری ہے اور انسانی حقوق کی ہونے والی سنگین خلاف ورزیاں لمحہ فکریہ ہیں جبکہ عالمی برادری غزہ میں انسانیت کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام نظر آ رہی ہے جبکہ اسرائیلی مظالم باشعور انسانوں کیلئے گہری تشویش کا باعث ہیں غزہ میں جاری اسرائیلی بربریت نے انسانیت کو شرمندہ کر رکھا ہے اقوام متحدہ فلسطین کے حوالے سے سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے اور فلسطینی عوام کو ان کے بنیادی حقوق دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، اسرائیل کو عالمی جنگی جرائم کا مرتکب قرار دیکر اس کے خلاف کڑی کارروائی عمل میں لائی جائے، پاکستان کی عوام مشکل وقت میں فلسطینی عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور انکی اخلاقی و سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھی جائے گی اور تمام علاقائی و عالمی فورمز پر فلسطین کی جدوجہد آزادی کے حق میں آواز اٹھائی جاتی رہے گی۔

کوٹ رادھا کشن: جامعہ فضیلت للبنات میں ختم بخاری شریف و دستار فضیلت کی تقریب

سرپرست مولانا حاجی عبدالغنی، مہتمم میاں خالد محمود اور صدر مدرس مولانا عبدالحق نے شرکت کی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) جامعہ فضیلت للبنات ہنجال چوک کوٹ رادھا کشن میں ختم صحیح بخاری شریف اور دستار فضیلت و تقسیم اسناد کی پرشکوہ تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر جامعہ کے سرپرست حضرت مولانا حاجی عبدالغنی، مہتمم میاں خالد محمود اور صدر مدرس مولانا عبدالحق نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں درس نظامی مکمل کرنے والی 39 طالبات اور حفظ قرآن مکمل کرنے والی 17 طالبات کو چادر پوشی کے ساتھ اسناد فضیلت عطا کی گئیں۔ اس روح پرور موقع پر طالبات، اساتذہ اور معزز مہمانوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ شرکائے تقریب نے جامعہ فضیلت للبنات کی علمی و دینی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ بچیوں کو قرآن و سنت کی تعلیم کے ساتھ ساتھ معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل بنا رہا ہے۔

بہاولنگر، ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

سمندری، فرینڈز گروپ کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ، وکلاء کی شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) ینگ لائرز فرینڈز گروپ کے پینل کی کامیابی کیلئے میدان میں آگئے میاں فیضان اکرم ایڈووکیٹ، میاں ذیشان اشرف ایڈووکیٹ کی جانب سے فرینڈز گروپ کے پینل کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا عشائیہ میں ینگ وکلاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی ینگ وکلاء نے فرینڈز گروپ کے امیدوار صدر راؤ وقاص مجاہد، نائب صدر چوہدری عبدالرحمن، جنرل سیکرٹری میاں وحید احمد اور جوائنٹ سیکرٹری کے امیدوار علی شیراز بٹ کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ینگ وکلاء کا اتحاد انشاء اللہ فرینڈز گروپ کے پینل کی کامیابی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا الحمد اللہ سینئر وکلاء بھی ہمارے شانہ بشانہ بھرپور ساتھ دیں گے۔

بلاول بھٹو اپنے نانا کی پالیسی و سوچ پر عمل پیرا ہیں، چوہدری ناجی گجر

وفاقی حکومت میں پیپلز پارٹی نے ملکی استحکام کیلئے ن لیگ کا ساتھ دیا، میڈیا سے گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) ان پیپلز پارٹی ضلع فیصل آباد کے سینئر نائب صدر چوہدری ناجی گجر نے کہا ہے بلاول بھٹو اپنے نانا کی پالیسی اور سوچ پر عمل پیرا ہیں اسوقت پوری قوم ملکی ترقی و بہتری کیلئے بلاول بھٹو کی جانب دیکھ رہی ہے کیونکہ پیپلز پارٹی ہی وہ واحد جماعت ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے، وفاقی حکومت میں پیپلز پارٹی نے ملکی استحکام کیلئے (ن) لیگ کا ساتھ دیا۔ ذوالفقار علی بھٹو نے نہ صرف دنیا کی بڑی طاقتوں اور تیسری دنیا کے ملکوں کے ساتھ غیر جانبدارانہ حیثیت سے تعلقات قائم کئے اور پاکستان کی رسائی عالمی منڈیوں تک یقینی بنائی جس سے ملکی معیشت مضبوط ہوئی بلکہ کراچی میں روس کے تعاون اسٹیل ملز کا قیام اور ملک بھر میں تیل کے ذخائر کی تلاش ان کی کامیاب خارجہ پالیسی کا مظہر ہے، چین کے ساتھ دوستی اور بہترین تعلقات کے معمار ذوالفقار علی بھٹو ہیں۔

نورکوٹ، کنجروڑ میں تجاوزات، رکشہ سٹینڈز کا راج، ٹریفک نظام معطل

نورکوٹ (نامہ نگار) قصبہ کنجروڑ میں تجاوزات اور غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز نے پورے ٹریفک نظام کو مفلوج کر دیا ہے۔ سبزمنڈی چوک کنجروڑ، جامع مسجد کنجروڑ اور مین شاہراہوں پر رکشوں کی بے ہنگم پارکنگ اور دکانداروں کی جانب سے قائم تجاوزات کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہو گئی ہے۔ روزانہ ٹریفک جام کے باعث اسکول جانے والے بچوں، مریضوں اور ملازمین کو شدید مشکلات درپیش ہیں اہل علاقہ کے مطابق متعدد بار تحریری و زبانی شکایات کے باوجود نہ ڈپٹی کمشنر نارووال، نہ اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ اور نہ ہی چیف آفیسر ضلع کونسل نے کوئی مؤثر کارروائی کی ہے۔

حافظ آباد، سرکاری سکول کی تزئین و آرائش، شجرکاری اور قومی ماڈلز تیار کئے گئے ہیں

عوام ن لیگ کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد رکھتی ہے، میاں عبدالرشید

احتجاج کے نام پر حکومت کو بلیک میل کرنے کی کوششیں کرنے والے مایوس ہوں گے، بیان

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما میاں عبدالرشید نے کہا ہے کہ باشعور پاکستانی عوام (ن) لیگ کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد رکھتی ہے احتجاج کے نام پر حکومت کو بلیک میل کرنے کی کوششیں کرنے والے مایوس ہوں گے قوم انکا ساتھ دینے کو تیار نہیں، پی ٹی آئی کی قیادت کی کرپشن اور نا اہلی اسے لے ڈوبی اس نے اپنے دور اقتدار میں جس طرح ملکی مفادات کو نقصان پہنچایا وہ ملکی سیاسی تاریخ کا سیاہ باب ہے یہ اپنی ناکامیوں کا ملبہ موجودہ حکومت پر گرانے کی کوشش کرتے آ رہے ہیں مگر ہر بار انہیں منہ کی کھانا پڑتی ہے کیونکہ عوام باشعور ہے جو انکی بیان بازی و الزام تراشی اور کردار کشی کی مہم کو سپورٹ نہیں کرتی، پی ٹی آئی کی احتجاج کی کال کو عوام نے ایک بار پھر مسترد کر کے انتشار پسندوں کی آنکھیں کھول دی ہیں، (ن) لیگ کا مشن پاکستان کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنانا ہے پارٹی قائدین اس مشن کو پورا کرنے کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں پاکستان بحرانوں سے نکل کر ایک روشن مستقبل کی طرف گامزن ہو رہا ہے ملک دشمن قوتیں اس ترقی کو ایک بار پھر روکنے کیلئے سرگرم ہیں مگر یہ جان لیں کہ پاکستان کے مفادات کو نقصان پہنچانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا، معاشی میدان میں طویل عرصے بعد پاکستان کی کیلئے اچھی خبریں آ رہی ہے اب دنیا ہمارے ملک کی طرف رخ کر رہی ہے جو پارٹی قیادت کی شبانہ روز انتھک محنت کا ثمر ہے مگر پی ٹی آئی نہیں چاہتی کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے، صنعت و حرفت کا پہیہ چلے عوام خوشحال اور پاکستان کا بیرونی دنیا میں وقار بلند ہو انکی ہمیشہ کوشش رہی ہے ملک میں انتشار کی فضا ہو۔

سیالکوٹ، ون ڈش کی خلاف ورزی پر میرج ہالز کو جرمانے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار نے تحصیل پسرور کے مختلف میرج ہالز کا اچانک معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران ون ڈش پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے ہالز کے خلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے تمام میرج ہال مالکان کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ ون ڈش پالیسی اور حکومتی ضوابط کی مکمل پابندی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مزید سخت قانونی کارروائی، بھاری جرمانے اور ہالز کی سیلنگ بھی کی جائے گی۔ یہ کارروائیاں قانون کی عملداری اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے جاری رہیں گی۔

پاکستانی قوم کشمیریوں کی آواز بلند کرتی رہے گی، راجہ سکندر خان

یہود و ہنود کی جارحیت کے شکار مسلمانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کے وکیل کا کردار ادا کرتے ہوئے ان کے حق خودارادیت کی ہمیشہ حمایت کی اور جب تک مقبوضہ کشمیر بھارت کے چنگل سے آزاد نہیں ہوتا اس وقت تک پاکستانی قوم کشمیریوں کی آواز بلند کرتی رہے گی اور مظلوم فلسطینیوں کے حقوق کی خاطر بھی ہماری جدوجہد جاری رہے گی دنیا کے ہر فورم پر فلسطینیوں کی بھرپور سپورٹ جاری رکھی جائے گی یہود و ہنود کی جارحیت کے شکار مسلمانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک حریت کو بھارت دہشت گردی کا نام دیکر اقوام عالم میں اپنا مذاق خود اڑا رہا ہے پوری دنیا جانتی ہے کہ بھارت نے طاقت کے زور پر کشمیر پر قبضہ جما رکھا ہے جس سے چھٹکارا پانے کیلئے کشمیری عوام مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں جو ان شاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور جلد کشمیر آزاد ہو کر پاکستان کا حصہ بنے گا اسرائیل شدید بمباری اور جارحیت سے فلسطینیوں کی زمین ہڑپ کر رہا ہے اور اسے اپنے تحفظ کی جنگ قرار دیکر دنیا سے کھلا جھوٹ بول رہا ہے۔

گوجرہ، انجمن تاجران کے اجلاس سے چوہدری منصور احمد و دیگر شریک ہیں

اوکاڑہ، ایڈوائزر اظہار احمد نادرا آفس اور بینظیر انکم سپورٹ آفس کا دورہ کر رہے ہیں

امت کے مسائل کا حل صرف اللہ کی جانب رجوع ہے، سید عرفان احمد شاہ

موجودہ حالات میں پوری امت کو اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کی ضرورت ہے، روحانی پیشوا

کاہنہ (نامہ نگار) روحانی پیشوا سید عرفان احمد شاہ نے کہا ہے کہ عمرہ کی سعادت روحانی سکون اور اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، اور وہ اس مقدس سفر کے دوران امت مسلمہ، وطن عزیز اور اپنے چاہنے والوں کے لیے خصوصی دعا کریں گے۔ انہوں نے مرکزی پریس کلب کاہنہ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں پوری امت کو اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کی ضرورت ہے۔ امت کے مسائل کا حل صرف اللہ کی جانب رجوع اور سنت نبوی ﷺ کی پیروی میں ہے۔ سید عرفان احمد شاہ نے اپنے تمام چاہنے والوں سے نیک اعمال، صبر اور اللہ پر کامل بھروسہ رکھنے کی تلقین بھی کی۔ یاد رہے سید عرفان شاہ کل بروز بدھ عمرہ کی ادائیگی کے لیے لاہور سے طائف روانہ ہوں گے۔ مریدین اور لواحقین نے ان سے دعاؤں کی درخواست کی اور ان کے سفر کی خیر و عافیت کے لیے دعا کی۔ انکا مزید کہنا تھا کہ سود اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ اعلان جنگ ہے، جو معاشروں سے برکت چھین لیتا ہے اور گھروں میں بے سکونی پیدا کرتا ہے۔ مسلم معاشرے کو اس لعنت سے چھٹکارا حاصل کرنا ہوگا۔ سودی نظام نہ صرف رزق کی پاکیزگی ختم کرتا ہے بلکہ قوموں کے روحانی و اخلاقی زوال کا بنیادی سبب بھی بنتا ہے، اس سے بچنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔

ضمنی انتخابات میں ن لیگ کی جیت حکومتی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے، اختر علی

کاموکے (نامہ نگار) ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی جیت حکومتی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے، کامیابی کا کریڈٹ میاں نواز شریف کے وژن کو جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایم پی اے چوہدری اختر علی خاں، سینئر نائب صدر مسلم لیگ (ن) یوکے شاہد رفیق اعوان، صدر مسلم لیگ (ن) لائرز ونگ چوہدری نصر اللہ چیمہ ایڈووکیٹ، رانا بلال عارف خاں، کاشف ریاض ورک اور رانا عمر سعید خاں نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں کامیابی وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوام کی ترقی کیلئے شبانہ روز محنت پر عوام کے اعتماد کی عکاسی ہے۔

اراضی معاون سروس کا افتتاح 28 نومبر کو عوام کو جدید سہولیات میسر ہونگی، خالد محمود

شہریوں کو فردات کے اجراء، انتقالات کے اندراج دیگر خدمات تک رسائی فراہم کرنا ہے

شاہکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی نے عوامی خدمت کے لیے "اراضی معاون" کے نام سے جدید سروس متعارف کرا دی ہے۔ یہ سروس ضلع ننکانہ صاحب میں 28 نومبر کو باقاعدہ طور پر افتتاح کے بعد فعال ہو جائے گی، جس سے شہریوں کو اراضی ریکارڈ سے متعلق متعدد سہولیات مزید آسانی کے ساتھ دستیاب ہوں گی۔ اراضی ریکارڈ سنٹر شاہکوٹ کے انچارج خالد محمود کے مطابق اراضی معاون سسٹم کا مقصد شہریوں کو گھر کے قریب فردات کے اجراء، انتقالات کے اندراج، سرکاری واجبات کی ادائیگی اور دیگر خدمات تک فوری رسائی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے اس فرنچائزنگ ماڈل سے نہ صرف عوام کو سہولیات میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ خالد محمود نے بتایا کہ اراضی معاون سروس کے آغاز سے شاہکوٹ اور گرد و نواح کے رہائشیوں کو ریکارڈ سنٹر پر بار بار آنے کی ضرورت نہیں رہے گی کیونکہ بہت سی خدمات اب اراضی معاون کے ذریعے ہی فراہم ہو سکیں گی عوامی حلقوں نے اراضی ریکارڈ سنٹر شاہکوٹ کی جانب سے خدمات کے مزید بہتر ہونے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 28 نومبر کو افتتاح کے بعد شہریوں کو حقیقی معنوں میں آسان اور جدید سہولیات میسر ہوں گی۔

ننکانہ، صوبائی محتسب پنجاب ریجنل آفس ننکانہ کے زیر اہتمام یوسی میراں پور میں آگاہی کل سیمینار ہوگا

ننکانہ (نامہ نگار) صوبائی محتسب پنجاب ریجنل آفس ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام کل یونین کونسل میراں پور میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا، صوبائی محتسب کے ننکانہ صاحب میں ایڈوائزر سید مبشر حسین عوامی شکایات بھی سنیں گے تفصیلات کے مطابق صوبائی محتسب پنجاب ننکانہ ریجن آفس کے زیر اہتمام کل 26 نومبر بروز بدھ دوپہر 12 بجے موضع فتح دریا یونین کونسل میراں پور میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا جا رہا ہے، سیمینار کا مقصد عوام الناس کو محتسب پنجاب کے ادارے کے دائرہ اختیار، شکایات درج کروانے کے طریقہ کار اور فوری ازالہ کے نظام کے بارے میں ہوگا، ریجنل آفس کی طرف سے لوگوں کو اس سیمینار میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

ملک میں سودی نظام کا مکمل خاتمہ کیا جائے، سید شہباز بخاری

ہمیں معاشی نظام میں عدل، دیانت کا درس ملتا، سود ایسا معاشی ظلم ہے جسے اسلام نے حرام قرار دیا ہے

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیرآباد کی نامور روحانی پیشوا اور سینئر صحافی سید شہباز بخاری نے کہا ہے کہ ملک میں سودی نظام کا مکمل خاتمہ کیا جائے۔ اسلامی تعلیمات سے ہمیں معاشی نظام میں عدل، دیانت کا درس ملتا ہے۔ سود (ربا) ایک ایسا معاشی ظلم ہے جسے اسلام نے مکمل طور پر حرام قرار دیا ہے۔ سودی نظام معیشت میں ناانصافی، استحصال اور طبقات کے درمیان فاصلہ بڑھاتا ہے، جس سے معاشرے میں بے چینی اور بدامنی جنم لیتی ہے۔ حکومت، عدلیہ اور معاشی اداروں کو چاہیے کہ وہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے مطابق سودی نظام کے مکمل خاتمے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو عدل، رحم اور فلاح پر مبنی معاشی نظام کا داعی ہے۔ ملک کا نظام معیشت اسلامی اصولوں کے مطابق استوار کیا جائے گا۔ سید شہباز بخاری نے کہا کہ مقامی طور پر بھی سود کا کاروبار کرنے والوں کو پابند سلاسل کیا جائے۔

حافظ آباد، سرکاری سکولوں میں صفائی، رنگ و روغن، قومی ماڈلز کی تنصیب

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سیکرٹری تعلیم نے سکولوں میں بہترین انتظامات کرنے پر افسران کو شاباش دی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ، ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق حافظ آباد کے سرکاری سکولوں میں صفائی ستھرائی، رنگ و روغن، قومی ماڈلز کی تنصیب، اساتذہ کے ڈریس کوڈ، شجرکاری کے بہترین اقدامات کر کے سکولوں کو مثالی بنا دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حافظ آباد کے سکولوں کی ویڈیوز اور تصاویر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپلوڈ کر دی جبکہ صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اور سیکرٹری تعلیم نے سکولوں میں بہترین انتظامات کرنے پر ضلعی افسران کو شاباش بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایات اور سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف کی نگرانی ضلع بھر کے سکولوں کو بہترین رنگ و روغن، تزئین و آرائش، شجرکاری، دیدہ زیب قومی ماڈلز کی تیاری کے ساتھ خوبصورت بنا دیا سکولوں میں جہاں بچوں کے یونیفارم پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تو وہیں مرد و خواتین اساتذہ کے لیے الگ الگ ڈریس کوڈ کو بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مرد اساتذہ کے لیے بلیک کوٹ یا ویسٹ کوٹ اور خواتین اساتذہ کے لیے بلیک گاؤن لازمی قرار دیا گیا ہے۔ سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف نے بتایا کہ سکولوں میں بچوں کو روزانہ اسمبلی سیشن میں ڈینگی سے بچاؤ، ٹریفک قوانین پر عمل درآمد، ہیلمٹ کے استعمال اور سموگ سے بچاؤ کے لیے خصوصی لیکچر اور آگاہی دی جا رہی ہے۔ محکمہ تعلیم حافظ آباد کے ضلعی افسران، سکولوں کے ہیڈز، اساتذہ اور بچوں کی مشترکہ کوششوں سے سکولوں کو ہر لحاظ سے مثالی بنایا گیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حافظ آباد کے سکولوں کی ویڈیوز اور تصاویر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپلوڈ کیں جبکہ صوبائی وزیر تعلیم اور سیکرٹری پنجاب نے ہمارے سکولوں کی تعریف کرتے ہوئے باقی اضلاع کے افسران کو بھی اپنے اپنے سکولوں کی تزئین و آرائش کی ہدایت کی۔

سیالکوٹ، اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار میرج ہالز میں ون ڈش کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے

Sports — کھیل کھلاڑی

39 سالہ اسپنر آصف کی اچانک قومی ٹیم میں انٹری

لیگ اسپنر ویڈیو بیان میں جرم کا اعتراف کر چکے تھے، لیکن پی ایس ایل 2022 کے ڈرافٹ میں بھی شامل کیا گیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) کرپشن کیس میں سزا یافتہ آصف آفریدی کی 39 سال کی عمر میں اچانک قومی ٹیم میں انٹری پر سوال اٹھنے لگے، پی سی بی نے اسپنر پر فروری 2023 میں 2 سالہ پابندی لگائی جو ایک سال میں ہی ختم کردی گئی، اکتوبر 2023 میں وہ دوبارہ ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے لگے، رواں برس ڈومیسٹک کرکٹ اور پی ایس ایل میں بھی کارکردگی غیر معمولی نہ رہی۔تفصیلات کے مطابق 2022 میں قومی ٹی 20 کپ کی ٹیم خیبر پختونخوا کے لیفٹ آرم اسپنر آصف آفریدی کو اینٹی کرپشن کوڈ کی خلاف ورزی پر پی سی بی نے معطل کردیا تھا۔فروری 2023 میں ان پر 2 برس کی پابندی عائد کر دی گئی جس کا اطلاق معطلی کی تاریخ 12 ستمبر 2022 سے ہوا لیکن حیران کن طور پر وہ اکتوبر 2023 میں ہی ڈومیسٹک کرکٹ میں واپس آ گئے۔ان پر اینٹی کرپشن کوڈ آرٹیکل 2.4.10 کی خلاف ورزی یعنی براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کسی بھی شریک کو ورغلانا، قائل کرنا، اکسانا، ترغیب دینا یا جان بوجھ کر سہولت فراہم کرنا تا کہ وہ اس آرٹیکل کی مذکورہ دفعات کی خلاف ورزی کرے کا الزام عائد ہوا۔ان کا دوسرا جرم آرٹیکل 2.4.4 کی خلاف ورزی سے متعلق تھا جو کرپشن کی آفرز کو رپورٹ نہ کرنے کے بارے میں ہے، اس پر 6 ماہ معطلی کی سزا 2 سالہ پابندی کے ساتھ ہی ساتھ چلتی رہی۔ان جرائم پر سزا زیادہ سے زیادہ تاحیات پابندی بھی ہوسکتی تھی لیکن بورڈ نے ہلکا ہاتھ رکھا، اس کیس میں مزید 2 کرکٹرز پر بھی شکوک سامنے آئے جبکہ ایک کوچ کا کردار بھی انتہائی مشکوک رہا لیکن مزید تحقیقات نہیں کی گئی کے پی ایل میں آصف آفریدی نے راولاکوٹ ہاکس کی نمائندگی کی، ایونٹ کے آغاز سے قبل ہی منتظمین کو اسپنر پر شکوک ہو گئے تھے، جب پی سی بی سے استفسار کیا گیا تو جواب ملا کہ کیس کی جڑ تک پہنچنے کیلیے آصف کو کھیلنے سے نہیں روکا جموں جانباز سے راولاکوٹ کے بارش کی نذر ہونے والے پہلے میچ میں اسپنر نے 3 اوورز میں 35 رنز دیے اور ایک وکٹ لی، کوٹلی کیخلاف مقابلہ شروع ہونے سے قبل ہی اسے مانیٹر کرنے کی ہدایت جاری ہو چکی تھی، اس میں راولاکوٹ کو 10 وکٹ سے شکست ہوئی، آصف آفریدی تیسرے نمبر پر بیٹنگ کرتے ہوئے پہلی گیند پر بولڈ ہو گئے۔

بنگلہ دیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن سوشل میڈیا پوسٹ کے بعد مشکل میں پھنس گئے

شکیب الحسن گزشتہ ایک برس سے بنگلہ دیش کی ٹیم سے باہر ہیں اور ملک میں بھی موجود نہیں ہیں

لاہور(سپورٹس ڈیسک) بنگلہ دیش کے تجربہ کار اور اسٹار آل راؤنڈر شکیب الحسن کو سوشل میڈیا پر سیاست سے متعلق دیا گیا بیان مہنگا پڑ گیا ہے۔کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش کے مشیر کھیل آصف محمود نے کہا ہے کہ شکیب الحسن اب قومی ٹیم کی نمائندگی نہیں کر پائیں گے۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ شکیب الحسن نے بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کو سالگرہ پر مبارک باد پر مبنی ٹویٹ کی تھی، جس کے بعد مشیر کھیل نے قرار دیا کہ تجربہ کار آل راؤنڈر بنگلہ دیش کے لیے نہیں کھیلیں شکیب الحسن کی جانب سے کیے گئے ایک مختصر پوسٹ کے بعد آصف محمود نے ان کا نام لیے بغیر کہا کہ آپ سب نے مجھے ایک شخص کی بحالی نہ ہونے پر نشانہ بنایا لیکن میں صحیح کرکٹر نے اپنی اگلی پوسٹ میں لکھا کہ بالآخر کسی نے تسلیم کرلیا کہ یہ اس کی وجہ ہوا ہے اور میں دوبارہ بنگلہ دیش کی جرسی دوبارہ نہیں پہن سکتا، اسی کی وجہ سے میں بنگلہ دیش کے لیے نہیں کھیل سکتا، ہوسکتا ہے ایک دن میں اپنے وطن واپس آؤں۔بنگلہ دیش کے مشیر کھیل آصف محمود نے مقامی چینل کو انٹرویو میں بتایا کہ وہ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کو ہدایت کریں گے کہ وہ شکیب کو دوبارہ منتخب نہ کریں کیونکہ شکیب الحسن عوامی لیگ سے جڑے ہوئے ہیں اور سیاست کر رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ہم انہیں بنگلہ دیش کا پرچم اٹھانے کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں، میرے لیے یہ ممکن نہیں ہے کہ انہیں اجازت دوں کہ بنگلہ دیش کی جرسی پہن لیں، اس سے پہلے میں نے بی سی بی کو نہیں کہا تھا لیکن اب بی سی بی کو براہ راست واضح ہدایت کروں گا کہ شکیب الحسن دوبارہ بنگلہ دیش کے لیے نہیں کھل سکتے ہیں۔

ایشیا کپ میں بدترین کارکردگی، سینیٹ میں قومی ٹیم پر پابندی کی گونج

ٹیم نے ملک اور قوم کی بے عزتی کروائی اس پر تمام کھلاڑیوں پر فوری پابندی لگائی جائے، ایمل ولی خان

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایشیا کپ اور بالخصوص فائنل میں بدترین کارکردگی پر سینیٹ میں قومی ٹیم پر پابندی لگانے کا مطالبہ کردیا گیا۔تفصیلات کے مطابق سینیٹ اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر ایمل ولی خان نے قومی کرکٹ ٹیم کی ناقص کارکردگی پر شدید تنقید کی۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ پاکستانی کرکٹ کے تمام کھلاڑیوں پر پابندی لگنی چاہیے کیونکہ انہوں نے ہمارے ملک وقوم کی بہت بے عزتی کروائی انہوں نے کہا کہ انہوں نے قوم کے ساتھ جو کیا اُس پر تمام کھلاڑیوں پر فی الفور پابندی عائد کی واضح رہے کہ ایشیا کپ 2025 میں قومی ٹیم کا بھارت سے تین بار مقابلہ ہوا اور تینوں ہی میچز میں پاکستان کو بدترین کارکردگی، ناقص حکمت عملی کی وجہ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ایشیا کپ کے فائنل میں ایک موقع پر پاکستان میچ میں فتح کے قریب تھا تاہم آخری کے چار اوورز میں غلط بولر کے انتخاب کا بھارتی بلے بازوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا اور 147 رنز کا ہدف دیا جس کو بھارت نے پانچ وکٹوں کے نقصان پر 2 گیندوں پہلے ہی حاصل کرلیا تھا۔قوم کی اس بدترین کارکردگی پر شائقین نے قومی ٹیم، چیئرمین پی سی بی، مینجمنٹ، کپتان اور بالخصوص سب سے زیادہ رنز دینے والے بولر وہاب ریاض کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔

قومی کرکٹرز کی جنوبی افریقا کیخلاف سیریز کیلیے اعلان کردہ اسکواڈ پر تنقید

ٹیسٹ اسکواڈ میں صائم ایوب اور نسیم شاہ جگہ بنانے میں ناکام رہے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان کرکٹ بورڈ نے جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے 18 رکنی قومی اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ٹیسٹ اسکواڈ میں صائم ایوب اور نسیم شاہ جگہ بنانے میں ناکام رہے ہیں جبکہ تین نئے کھلاڑیوں آصف آفریدی، روحیل نذیر اور فیصل اکرم کو بھی شامل کیا گیا ہے۔سابق کرکٹر تنویر احمد نے 38 سالہ آصف آفریدی کی فرسٹ کلاس کارکردگی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سوال اٹھایا کہ انہیں کس بنیاد پر ٹیم میں شامل کیا گیا۔صہیب مقصود نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں 35 سال کے کھلاڑیوں پر پابندی لگا کر 38 سال کے کھلاڑیوں کو ٹیسٹ اسکواڈ میں شامل کیا جارہا ہے۔صحافی سلیم خالق نے کہا کہ آصف آفریدی پر اینٹی کرپشن کوڈ کی خلاف ورزی پر لگنے والا بین رواں برس ہی ہٹا ہے اور ان کی پی ایس ایل میں کارکردگی بھی اوسط درجے کی رہی۔

پاکستانی فائٹر شاہ زیب رند کا سلمان خان کی ویڈیو شیئر کر کے بھارتیوں کو معنی خیز پیغام

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستانی مکسڈ مارشل آرٹس (ایم ایم اے) فائٹر شاہ زیب رند نے سلمان خان کی جانب سے شاباش دینے کی پرانی ویڈیو ایک بار پھر شیئر کرتے ہوئے بھارتیوں کیلیے معنی خیز پیغام جاری کردیا۔ایشیا کپ میں بھارتی کرکٹ ٹیم کی ہٹ دھرمی اور جارحانہ رویے کی گونج کے دوران شاہ زیب رند نے سلمان خان سے 2024 میں ہونے والی ملاقات کی ویڈیو دوبارہ شیئر کی۔انہوں نے لکھا کہ بھارتی ایم ایم اے فائٹر کو شکست دینے کے بعد سلمان خان نے مجھے مبارک باد دی اور سراہا تھا۔شاہ زیب رند نے سلمان خان کو لیجنڈ قرار دیتے ہوئے لکھا کہ ایسے لوگوں کی عزت اور احترام ہمیشہ کیا جاتا ہے۔

بھارت کو ٹرافی چاہیے تو دفتر میں آکر مجھ سے وصول کرلے، محسن نقوی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارت کو اگر ایشیا کپ کی ٹرافی چاہیے تو میرے دفتر آکر وصول کرلے۔تفصیلات کے مطابق ایشین کرکٹ کونسل کا اجلاس دبئی میں محسن نقوی کی زیرصدارت ہوا جس میں پی سی بی اور بھارتی کرکٹ بورڈ کے حکام آمنے سامنے آگئے۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب سربراہ راجیو شکلا نے ایشیا کپ 2025 کی ٹرافی دینے کا مطالبہ کیا تو اے سی سی کے صدر محسن نقوی نے یاددہانی کرائی کہ اجلاس کے ایجنڈے میں یہ معاملہ شامل نہیں ہے۔راجیو شکلا کو بتایا گیا کہ ایشیا کپ کے فائنل کے بعد صدر محسن نقوی اسٹیڈیم میں موجود تھے مگر بھارتی کرکٹ ٹیم نے خود ہی ٹرافی لینے سے انکار کیا۔اجلاس میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ اگر بھارت کو ٹرافی چاہیے تو ایشین کرکٹ کونسل کے دفتر یا پھر کوئی تقریب منعقد کر کے مجھ سے ٹرافی وصول کرلے۔

ہوم ٹیسٹ سیریز کیلیے قومی ٹیم کے تربیتی کیمپ کا لاہور میں آغاز

لاہور(سپورٹس ڈیسک)جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کے لیے قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ گزشتہ روز سے لاہور میں شروع ہوگیا۔کھلاڑیوں نے عبوری ہیڈ کوچ اظہر محمود کی نگرانی میں نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں بھرپور ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔پہلے روز فٹنس ڈرلز، بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کے مختلف مراحل میں بھرپور مشقیں کی گئیں، کوچنگ اسٹاف نے ہر کھلاڑی کو انفرادی اور اجتماعی طور پر رہنمائی فراہم کی۔کیمپ آٹھ اکتوبر تک جاری رہے گا۔آج کھلاڑی ایل سی سی اے گراؤنڈ میں ٹریننگ کریں گے۔اس دوران بیٹنگ آرڈر کی تیاری، بولرز کے اسپیلز اور فیلڈنگ کمبی نیشنز پر خصوصی توجہ دی جائے پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلا ٹیسٹ 12 اکتوبر سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شروع ہوگا۔

پی سی بی کا ڈومیسٹک ایونٹ قائداعظم ٹرافی کے شیڈول کا اعلان

9 راونڈز کے اختتام پر ٹاپ 2 ٹیموں کے درمیان فائنل 29 نومبر سے 3 دسمبر تک کھیلا جائے گا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پی سی بی نے 6 اکتوبر سے شروع ہونے والے ملک کے سب سے بڑے ڈومیسٹک ایونٹ قائداعظم ٹرافی کے شیڈول کا اعلان کردیا۔پشاور، اسلام آباد، راولپنڈی اور ایبٹ آباد میں کھیلے جانے والے 4 روزہ فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں 10 ریجنل ٹیمیں دفاعی چیمپئن سیالکوٹ، رنرز اپ پشاور، ایبٹ آباد، بہاولپور، فاٹا، فیصل آباد، اسلام آباد، کراچی بلوز، لاہور وائٹس اور ملتان، شرکت کررہی ہیں۔9 راونڈز کے اختتام پر ٹاپ 2 ٹیموں کے درمیان فائنل 29 نومبر سے 3 دسمبر تک کھیلا جائے گا، پہلے راونڈ میں 6 تا 9 نومبر ایبٹ آباد اور بہاولپور کا ایبٹ آباد کرکٹ کلب، لاہور وائٹس اور اسلام آباد کا شعیب اختر اسٹیڈیم راولپنڈی، پشاور اور سیالکوٹ کا عمران خان اسٹیڈیم پشاور، فاٹا اور ملتان کا ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام اباد اور فیصل آباد کا کراچی بلوز سے مرغزار کرکٹ گراؤنڈ اسلام اباد پر مقابلہ طے ہے۔واضح رہے کہ 6 ٹیموں فاٹا، پشاور، لاہور وائٹس، ایبٹ آباد، سیالکوٹ اور بہاولپور نے بہتر کارکردگی کی بنیاد پر رواں سال ایونٹ میں شرکت کا حق حاصل کر رکھا تھا، بعدازاں پی سی بی کے چیرمین محسن رضا کے فیصلے کی بدولت حنیف محمد ٹرافی میں 2 کی بجائے پوائنٹس کے لحاظ سے 4 ٹاپ ٹیمیں قائداعظم ٹرافی میں شرکت کی حقدار بن گئیں۔فاٹا نے 108، کراچی بلوز نے 96، فیصل آباد نے 87 اور ملتان نے 86 پوائنٹس کے ساتھ ٹرافی کے لیے کوالیفائی کیا، قبل ازیں پی سی بی نے قائداعظم ٹرافی میں 18 کی بجائے 8 ٹیمیں کرنے کا فیصلہ کیا تھا جس کے بعد 21 مرتبہ کی چیمپئن کراچی کی دونوں ٹیموں کو ٹرافی میں جگہ بنانے کے لیے حنیف محمد ٹرافی میں شرکت کا موقعہ دیا گیا۔

آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کا سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان

آنے والے سالوں میں آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کے میچز سعودی عرب میں بھی منعقد کیے جائیں گے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)انٹرنیشنل لیگ ٹی ٹوئنٹی (آئی ایل ٹی ٹوئنٹی) نے سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان کردیا۔اس شراکت داری کے تحت سعودی کرکٹ فیڈریشن نے ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کو ایک باضابطہ ٹوئنٹی لیگ (مرد اور خواتین) کے طور پر سعودی عرب کے اندر میچوں کی میزبانی کرنے کی منظوری اور لائسنس دیا ہے۔یہ سنگ میل آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کی خلیجی خطے میں کرکٹ کو وسعت دینے اور اسے مزید تقویت دینے کی کوششوں میں ایک اور اہم قدم کے طور پر کام کرے گا۔اس شراکت داری کے ذریعے ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن اور اس کی تجارتی شاخ 'کرکٹ انویسٹمنٹ کمپنی' کے ساتھ مل کر کرکٹ کو فروغ دینے کے علاوہ ٹیلنٹ کی شناخت اور پرورش پر کام کرے گا۔آنے والے سالوں میں ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کے میچز سعودی عرب میں بھی منعقد کیے جائیں گے۔

Showbiz — رونق میلہ

کراچی: معروف کامیڈین کی گاڑی گھر کے باہر سے چوری

گاڑی دوپہر کو 4 سے پانچ بجے کے وقت گھر کے باہر سے چوری ہوئی، 15 پر اطلاع دی مگر کوئی مدد نہیں کی گئی، کامیڈین

لاہور(شوبز رپورٹر) شہر میں گھروں کے باہر سے گاڑیوں کی چوری کے واقعات تھم نہ سکے، ماڈل کالونی سے نامعلوم ملزمان مزاحیہ اداکار ولی شیخ کی کار گھر کے باہر چوری کر کے فرار ہوگئے۔کامیڈین ولی شیخ نے اس حوالے سے ایک ویڈیو بیان جاری کیا اور بتایا کہ 30 ستمبر کی منگل کی دوپہر 4 سے پانچ بجے کے درمیان نامعلوم ملزمان معین آباد میں میرے گھر کے باہر سے گاڑی لے انہوں نے کہا کہ میں نے اس حوالے سے مددگار پولیس 15 کو اطلاع دی مگر کسی نے کوئی رابطہ نہیں کیا جس کے بعد میں نے تھانے جا کر صورت حال سے آگاہ کیا تو وہاں میری شکایت کو سنا گیا۔

دانش تیمور نے بولڈ سین میں سب حدیں پار کردیں، سوشل میڈیا پر تنقید

دانش تیمور گزشتہ کئی برسوں سے ہٹ ڈراموں کا حصہ رہے ہیں اور جارحانہ کرداروں نے انہیں ایک منفرد پہچان دی ہے۔

لاہور(شوبز رپورٹر)پاکستان شوبز انڈسٹری کے ہر دلعزیز اداکار دانش تیمور ایک بار پھر سوشل میڈیا کی سخت تنقید کی زد میں ہیں۔اس بار وجہ بنی ہے ان کے ایک پرانے ڈرامے کا بولڈ سین، جس کا کلپ اچانک وائرل ہوگیا اور دیکھتے ہی دیکھتے مداحوں اور ناقدین کی زبانوں پر دانش تیمور کا چرچا ہونے لگا۔دانش تیمور گزشتہ کئی برسوں سے ہٹ ڈراموں کا حصہ رہے ہیں اور جارحانہ کرداروں نے انہیں ایک منفرد پہچان دی ہے۔مداح انہیں عموماً سخت اور غصے والے کرداروں میں دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں، لیکن اب سامنے آنے والے اس پرانے کلپ نے سب کو حیران کر دیا۔سوشل میڈیا صارفین کہنے لگے کہ "یہی وہ دانش تیمور ہیں جنہیں ہم ہیرو کے روپ میں دیکھتے آئے ہیں؟" دلچسپ بات یہ ہے کہ دانش تیمور کو پہلے بھی ڈرامہ سیریل 'من مست ملنگ' میں بولڈ سین کرنے پر کڑی تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا۔لیکن اس بار معاملہ اور بھی پرانا نکلا۔وائرل ہونے والے کلپ کے مطابق یہ سین غالباً 2008ء کے ڈرامے کا ہے، جس میں دانش تیمور اور اداکارہ جیا علی کو بولڈ کرداروں میں دکھایا گیا ہے۔ویڈیو دیکھنے کے بعد کئی سوشل میڈیا صارفین شاک میں چلے گئے۔کچھ نے سوال اٹھایا کہ آخر ایسے مناظر پاکستانی ٹی وی چینل پر کیسے نشر کیے گئے۔

وویک اوبرائے نے ایشوریا سے تعلق کونسے سپر اسٹار کی وجہ سے ختم کیا؟

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ کے معروف اداکار وویک اوبرائے نے ایک حالیہ انٹرویو میں ایشوریا رائے اور سلمان خان کے ساتھ جڑے پرانے تنازعے پر کھل کر بات کی ہے۔2000 کی دہائی کے آغاز میں وویک اور ایشوریا کے تعلقات کی خبریں میڈیا میں موضوعِ بحث رہیں، جبکہ اس وقت ایشوریا کا سلمان خان سے تعلق ختم ہوا تھا۔2003 میں وویک نے ایک پریس کانفرنس میں الزام لگایا تھا کہ سلمان خان انہیں ایشوریا کے ساتھ تعلق کی وجہ سے دھمکیاں دے رہے ہیں۔تاہم اس اقدام نے ان کے کیریئر کو نقصان پہنچایا اور ان فلموں میں ان کی ترقی رک گئی۔حال ہی میں مصنف و پوڈکاسٹر پراکھر گپتا کو دیے گئے انٹرویو میں وویک نے بتایا کہ انہوں نے اس معاملے سے پیچھے ہٹنے کا فیصلہ خوف سے آزاد زندگی گزارنے کے لیے کیا کیونکہ وہ زندگی میں سکون کو ترجیح دیتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ وہ حساس اور جذباتی شخصیت کے مالک ہیں اور دوبارہ دل ٹوٹنے کے خوف میں نہیں رہنا چاہتے تھے۔

ہالی ووڈ میں تہلکہ: زیورخ فلم فیسٹیول میں دنیا کی پہلی اے آئی اداکارہ کی رونمائی

اس ڈیجیٹل اداکارہ، جس کا نام ٹلی نوروڈ رکھا گیا ہے، کی پیشکش کے بعد فلمی صنعت کے اندر اور باہر مختلف قسم کے ردعمل سامنے آئے ہیں۔

لاہور(شوبز رپورٹر)زیورخ فلم فیسٹیول میں دنیا کی پہلی مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے تخلیق کردہ اداکارہ کی رونمائی نے ہالی ووڈ میں ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔اس ڈیجیٹل اداکارہ، جس کا نام ٹلی نوروڈ رکھا گیا ہے، کی پیشکش کے بعد فلمی صنعت کے اندر اور باہر مختلف قسم کے ردعمل سامنے آئے ہیں۔خیال رہے کہ اس نئی اے آئی اداکارہ کو متعارف کروانے والے نئے اے آئی ٹیلنٹ اسٹوڈیو زیکویا کے منصوبے کو ابتدا میں کافی شکوک و شبہات کا سامنا رہا، مگر جلد ہی اس میں دلچسپی بڑھ گئی۔اس کی تصدیق اس بات سے ہوتی ہے کہ کئی ٹیلنٹ ایجنسی اب اس ڈیجیٹل اداکارہ کو سائن کرنے میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔ٹلی نوروود کی خالق، اداکارہ اور پروڈیوسر ایلین وین ڈر ویلڈن نے اس تنازعے پر انسٹاگرام پر ایک وضاحتی بیان جاری کیا ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ کردار انسانوں کا متبادل نہیں، بلکہ ایک تخلیقی کام اور آرٹ کی ایک نئی شکل ہے۔انہوں نے اے آئی ٹیکنالوجی کی مثال اینیمیشن، کٹھ پتلی تماشے اور سی جی آئی جیسی تخلیقی تکنیکوں سے دیتے ہوئے واضح کیا کہ کوئی بھی چیز انسانی فن اداکاری کی لذت اور جذبے کو ختم نہیں کرسکتی۔ٹلی نوروود سوشل میڈیا پر پہلے ہی متحرک ہو چکی ہیں اور انہوں نے اپنے پہلے مزاحیہ ڈرامے 'AI کمشنرز' میں کاسٹ ہونے کا اعلان بھی کردیا ہے۔تاہم، ہالی ووڈ کی کئی مشہور شخصیات نے اے آئی اداکارہ کی آمد پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے، جبکہ اداکاروں کی کمیونٹی نے بھی اس اقدام پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

کیا سلویسٹر اسٹالون آپ کو جانتے ہیں؟ جان ریمبو نے بتادیا

ماضی کے مقبول ڈرامے گیسٹ ہاؤس میں افضل خان نے جان ریمبو کا کردار ادا کیا تھا

لاہور(شوبز رپورٹر)ہالی ووڈ کے ایکشن لیجنڈ سلویسٹر اسٹالون کے کردار ریمبو کو نبھا کر افضل خان عرف 'جان ریمبو' نے لازوال شہرت حاصل کی تھی۔افضل خان کو اس کردار سے اتنی شہرت ملی کہ ان کا اصل نام اب کسی کو یاد نہیں بلکہ انھیں جان ریمبو کے نام سے جانا اور پہچانا جاتا ہے۔گیسٹ ہاؤس ڈرامے میں افضل خان نے ایک خاکروب کا کردار ادا کیا تھا جو خود کو جان ریمبو کہتا ہے اور جان ریمبو۔دی کاکروچ کلر کا ڈائیلاگ بہت مشہور ہوا تھا۔ڈراما گیسٹ ہاؤس کے جان ریمبو کا کردار آج بھی زندہ ہے۔افضل خان نے اس کردار کے بعد پلٹ کر نہیں دیکھا اور ڈراما سے فلم انڈسٹری میں گئے جہاں بے مثال کامیابیاں حاصل کیں۔انھوں نے 200 سے زائد فلموں میں کام کیا لیکن آج بھی لوگ انہیں اصل نام کے بجائے "جان ریمبو" کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

ماورا حسین کی سالگرہ کی دلکش تصاویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

لاہور(شوبز رپورٹر)اپنی خوبصورتی اور شاندار اداکاری کے باعث شہرت رکھنے والی ماورا حسین 33 سال کی ہوگئیں اور خوشی کے اس موقع پر انھوں نے خوب ہلا گلا کیا۔اداکارہ ماورا حسین انسٹاگرام پر 8.9 ملین سے زائد فالوورز رکھتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کی ہر خوشی کو مداحوں کے ساتھ شیئر کرتی رہتی ہیں۔جب بات سالگرہ کی ہو اس سے بڑی خوشی کی اور کیا بات ہوسکتی ہے۔اس اہم دن کو منانے کے لیے اداکارہ کے شوہر عامر گیلانی نے رنگا رنگ تقریب کا اہتمام کیا۔اس تقریب میں اہل خانہ کے ساتھ ساتھ شوبز ستاروں نے بھی شرکت کی اور ماورا کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔سالگرہ کے موقع پر ماورا حسین نے جینز کے ساتھ بلیک ٹی شرٹ زیب تن کی اور شوہر عامر گیلانی کے ساتھ رومانوی انداز میں تصاویر بنوائیں۔

رجب بٹ پر 'ہم جنس پرستی' کا الزام، ویڈیو ثبوت پیش کرنے کی دھمکی

لاہور(شوبز رپورٹر)پاکستانی یوٹیوبر اور ٹک ٹاکر رجب بٹ ایک بار پھر شدید تنازع کا شکار ہوگئے ہیں، اور اس بار ان پر شراب نوشی کے ساتھ ہم جنس پرستی کا بھی الزام عائد کیا جارہا ہے۔ٹک ٹاکر فاطمہ خان نے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ رجب بٹ نہ صرف انہیں شادی کے جھوٹے وعدوں سے دھوکا دیتے رہے بلکہ وہ متعدد خواتین کے ساتھ تعلقات کے ساتھ ساتھ اپنے قریبی مرد ساتھیوں کے ساتھ بھی غیر مناسب تعلقات رکھتے ہیں۔فاطمہ خان کا کہنا ہے کہ ان کے پاس اس حوالے سے ویڈیو ثبوت بھی موجود ہیں، جو کسی بھی وقت منظر عام پر لائے جاسکتے ہیں۔

مودی کے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا پردہ چاک کرنے والی ٹیلی فلم 'بے گناہ' کا ٹیزر جاری

لاہور(شوبز رپورٹر)دنیا کی کسی بھی شوبز انڈسٹری سے پاکستانی ڈراما انڈسٹری کسی طور بھی کم نہیں ہے اور اس کا ایک مظاہرہ نئی ٹیلی فلم بے گناہ ہے۔عالمی سیاست کے الٹ پھیر اور عیار دشمنوں کی مکاری کو بے نقاب کرنے اور اپنا بیانیے کی فروغ کے لیے ڈراما اور فلم انڈسٹری ایک مؤثر ذریعہ ہے۔پڑوسی ملک نے اپنے کئی کالے کرتوتوں کو اپنی فلم انڈسٹری کے ذریعے چھپانے کے لیے استعمال کیا ہے اور من گھڑت کہانیاں پھیلائیں۔پاکستانی ٹیلی فلم "بے گناہ" مودی سرکار کے ایک ایسے ہی ناٹک کا پول کھولنے کے لیے بنائی گئی ہے جس میں چشم کشا حقائق بتائے گئے ہیں۔بے گناہ کا ٹیزر جاری کردیا گیا جس میں دکھایا گیا ہے کہ کس طرح بھارت نے اپنے ہی سیاحوں کو سیاسی فائدے کی بھینٹ چڑھایا اور الزام پاکستان پر لگا کر جنگ چھیڑ دی۔ٹیلی فلم بے گناہ کی کہانی یہیں نہیں رکتی بلکہ بھارت کی جارحیت پر پاکستان کے منہ توڑ جواب اور بھارتی رافیل طیاروں کے مار گرائے جانے کا بھی احاطہ کرتی ہے۔

گووندا کا لڑکی کیساتھ رنگے ہاتھوں پکڑے جانا؛ اہلیہ کا بڑا بیان سامنے آ گیا

کچھ لڑکیاں اپنا گھر چلانے کے لیے شوگر ڈیڈی کی تلاش ہوتی ہے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)اداکار گووندا سے طلاق کے حوالے سے ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کا نیا بیان سامنے آ گیا جس سے ایک بار پھر دونوں کے درمیان علیحدگی کی خبروں پر تبصرے شروع ہوگئے۔اپنے وی لاگ میں سنیتا آہوجا نے شوہر کے افیئرز سے متعلق زیر گردش خبروں پر کہا کہ اگر میں نے گووندا کو کسی لڑکے کے ساتھ رنگے ہاتھوں پکڑ لیا تو میں یہ بات خود میڈیا کو بتاؤں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ یہ افیئر تب تک ہی چلے گا جب تک پکڑ میں نہ آئے اور جس دن رنگے ہاتھوں پکڑلوں گی تو اس دن میرا ہاتھ سنی دیول کی طرح 5 کلو کا ہوجائے گا۔کسی لڑکی کا نام لیے بغیر سنیتا آہوجا نے کہا کہ آج کل کی لڑکیوں کو گھر چلانے کے لیے "شوگر ڈیڈی" کی تلاش ہوتی ہے۔سنیتا آہوجا نے کہا کہ گووندا کی فیملی میں بھی کچھ لوگ ہمیں خوش دیکھنا نہیں چاہتے۔یاد رہے کہ فلمی دنیا میں بھی یہ خبریں عام ہیں کہ گووندا ایک خود سے کافی کم عمر مراٹھی اداکارہ کے عشق میں مبتلا ہیں تاہم اس کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

نکول کڈمین اور کیتھ اربن شادی کے بیس سال بعد علیحدہ ہوگئے

آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اور گریمی ایوارڈ یافتہ گلوکار کی شادی 2006 میں ہوئی تھی

لاہور(شوبز رپورٹر)ہالی ووڈ کے مشہور جوڑے نکول کڈمین اور کیتھ اربن کے درمیان تقریباً بیس سال پر محیط شادی کے بعد علیحدگی کی خبروں نے فنی حلقوں کو گہرا دھچکا پہنچایا ہے۔آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اور گریمی ایوارڈ یافتہ کنٹری گلوکار کی یہ شادی 2006 میں شروع ہوئی تھی جو اب اختتام کو پہنچ گئی ہے۔ذرائع کے مطابق یہ جوڑا کئی ماہ سے علیحدہ رہ رہا تھا، جبکہ یہ بھی بتایا جارہا ہے کہ نکول کڈمین اس علیحدگی کے خواہش مند نہیں تھیں۔دونوں کے درمیان دو دہائیوں پر محیط رشتے میں خوشیوں اور مشکلات کے کئی لمحات شامل تھے، جواب اپنے اختتام کو پہنچ گئے ہیں۔نکول کڈمین اور کیتھ اربن کی شادی کے ابتدائی دور میں ہی ایک اہم موڑ اس وقت آیا تھا جب شادی کے محض چند ماہ بعد ہی اربن کو نشے اور شراب نوشی کی لت کے باعث بحالی مرکز میں داخل کرایا گیا تھا۔اس مشکل وقت میں کڈمین اور قریبی دوستوں کی مداخلت نے اربن کی زندگی بدلنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔یہ جوڑا ہالی ووڈ کی تقریبات اور پریمیئرز میں اکثر ایک دوسرے کا ساتھ دیتے نظر آتا تھا، جو ان کے باہمی تعلق کی مضبوطی کی عکاسی کرتا تھا۔دونوں کی دو بیٹیاں ہیں۔یاد رہے کہ نکول کڈمین کی اس سے قبل مشہور اداکار ٹام کروز سے شادی ہوئی تھی، جو 1990 سے 2001 تک قائم رہی۔اس کے بعد انہوں نے 2006 میں کیتھ اربن سے شادی کی تھی، جواب اپنے اختتام کو پہنچ گئی ہے۔

صبا فیصل نے بہو کی تعریفوں کے پل باندھ دیے؛ وجہ جان کر مداح بھی خوش

بہو نشا کی عبادت گزاری اور صبر نے سب کو متاثر کیا، اداکارہ فیصل صبا

لاہور(شوبز رپورٹر)سینئر اداکارہ صبا فیصل ایک بار پھر اپنی بہو کے حوالے سے خبروں کی زینت بن گئیں تاہم اس بار وجہ ان کی چھوٹی بہو نشا طلعت ہیں۔اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں اداکارہ صبا فیصل نے اپنی چھوٹی بہو کو "گھر کی روشنی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ نشا کو دیکھ کر لگتا ہے ایک سچا مسلمان ایسا ہی ہوتا ہے۔اداکارہ نے بتایا کہ نشا کی وجہ سے ہمارے گھر میں سکون، راحت اور مثبت توانائی بھر گئی۔بہو نشا کی عبادت گزاری اور صبر نے سب کو متاثر کیا۔صبا فیصل نے بتایا کہ یہاں تک کہ والد کے انتقال پر بھی نشا نے جس حوصلے اور صبر سے کام لیا وہ ایک مثال ہے۔اداکارہ صبا فیصل نے کہا کہ والد کے انتقال کے بعد پہلی عید پر نشا نے کہا کہ میں عید مناؤں گی کیوں کہ یہ میرے بیٹے کی پہلی عید صبا فیصل کے بقول اس موقع پر بہو نے کہا کہ میرے والد اللہ کے پاس لوٹ گئے ہیں لیکن یہ میرے بیٹے (حذیفہ) کی پہلی عید ہے۔اداکارہ صبا فیصل نے بتایا کہ نشا نے ہم سب سے کہا کہ غم کے باوجود خوشیاں بانٹنا ہی ایمان ہے۔

بقیہ 1

دوران نومنتخب ارکان اسمبلی سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پنجاب کے حالیہ ضمنی انتخابات میں بڑی منافقت سے کام لیا اگر ہار گئے تو کہیں گے کہ ہم نے بائیکاٹ کیا اگر جیت گئے تو کہیں گے کہ بائیکاٹ کے باوجود جیت گئے۔ انہوں ں ے کہا کہ ہمیں موروثی سیاست کا کہنے والی پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے رشتہ دار خود الیکشن میں کھڑے تھے، پی ٹی آئی کے بیانیے سے لوگ اب بے وقوف نہیں بنتے، لوگوں کو سمجھ آ گئی ہے اسی لیے وہ اب پی ٹی آئی کے جلسوں میں بھی نہیں آتے۔ مریم نواز نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چار سال تاریخ کے بدترین سال ہیں جو ہمیشہ یاد رہیں گے، ان کا چور اور ڈاکو کا بیانیہ کب تک چلتا؟ چار برس میں سیاست کو داغ دار کیا گیا سیاست کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کیا گیا، مخالفین کو جیلوں میں ڈالا گیا، چند برس پہلے جو آپ نے کیا اور روایت قائم کی اگر آج آپ اس کا رونا روتے ہیں تو کوئی نہیں سنے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ بدتمیزی، گالم گلوچ، خواتین کو برا بھلا کہنا، آوازیں کسنا یہ سب پی ٹی آئی کا وتیرہ رہا ہے مگر اس الیکشن میں ان کی سیاست ختم ہوگئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ نواز شریف کی سیاست کو ختم کرنے والے خود ختم ہوگئے، سازش کرنے والے خود تاریخ کی کتاب میں بند ہوگئے، ہم نے وراثت میں بدتمیزی کرنا اور گالی دینا نہیں سیکھا عوام کی خدمت کرنا سیکھا ہے۔

بقیہ 2

61ویں سالگرہ پر پی ٹی وی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی وی روایتوں کا امین ہے جس نے ہمیشہ اپنی روایات اور اقدار کو ملحوظ خاطر رکھا، معرکہ حق کے دوران پی ٹی وی نیوز نے بہترین بیانیہ کو فروغ دیا، پی ٹی وی کا ماضی بھی شاندار تھا اور مستقبل بھی شاندار ہوگا۔ بدھ کو پاکستان ٹیلی ویژن کی 61 ویں سالگرہ کے موقع پر پی ٹی وی نیوز کے مارننگ شو میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے پی ٹی وی کے شاندار ماضی کی بحالی اور ادارے کے مستقبل کیلئے قومی یگانگت، ڈیجیٹل جدت اور پائیدار اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اصلاحاتی عمل میں نجی شعبے اور پاکستان کی جنریشن زی کی شمولیت ناگزیر ہے جبکہ تعمیری تنقید کو خوش آئند سمجھتے ہوئے پی ٹی وی کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک گھر کی مانند ہے جسے عزت و وقار کے ساتھ محفوظ رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، تنقید کو کھلے دل سے قبول کرنا اور باہمی اتحاد برقرار رکھنا قومی ترقی اور اقدار کے تحفظ کے لئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پاکستان کی جنریشن زی نے بھرپور اور سرگرم کردار ادا کیا، دشمن حیران تھا کہ جنگ کے ماحول میں پاکستانی عوام مطمئن کیسے ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل کے جذبہ حب الوطنی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہی نسل ملک کے مستقبل کی سمت متعین کرنے میں مرکزی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اب جنریشن زی کا وقت ہے کہ وہ آگے بڑھ کر ملک کی خدمت کرے اور پاکستان کے شاندار ورثے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ترقی کی نئی راہیں متعین کرے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی وی کے تاریخی ورثے کو مستقبل کی ضروریات کے مطابق جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے تاکہ قومی نشریاتی ادارہ تیزی سے بدلتے ہوئے میڈیا ماحول میں موثر انداز میں آگے بڑھ سکے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ نجی شعبے کے ساتھ اشتراک سے ادارے میں اصلاحات کے عمل کو تیز اور زیادہ موثر بنایا جا سکتا ہے جس سے پی ٹی وی نہ صرف ناظرین سے بہتر رابطہ قائم کرے گا بلکہ پائیدار اور دور اندیش نشریاتی مستقبل بھی یقینی بنائے گا۔ عطاء اللہ تارڑ نے پی ٹی وی کے ناظرین اور وزارت اطلاعات کی ٹیم کو ڈیجیٹلائزیشن اور ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں ان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر پاکستان کی جنریشن زی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ نسل ملک کے روشن ماضی کو بہتر مستقبل سے جوڑنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے وزارت اطلاعات کے جاری منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انگریزی زبان کے نشریاتی چینلز کے فروغ اور تعارف پر کام جاری ہے جبکہ الجزیرہ جیسے عالمی میڈیا پلیٹ فارمز کے تجربات سے رہنمائی لیتے ہوئے پاکستان کے موقف کو بین الاقوامی سطح پر موثر انداز میں پیش کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم درست سمت پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی وی نے نئے تقاضوں سے ہم آہنگ انگلش چینل ''پاکستان ٹی وی'' لانچ کیا ہے، ایسا پی ٹی وی بنانا ہے جس سے ہر پاکستانی کہہ سکے کہ یہ میرا ٹی وی ہے۔ انہوں نے کہا کہ براڈ کاسٹ میڈیا میں نیوز، انٹرٹینمنٹ اور سپورٹس کے شعبوں میں پی ٹی وی بانی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی وی کے ڈرامے آج بھی ذہنوں پر نقش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آئیڈل کے ذریعے نوجوانوں کو ٹیلنٹ کا موقع فراہم کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، ملکی وقار اور قومی مفاد سے بڑھ کر کچھ نہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے گفتگو کے اختتام پر کہا کہ اصلاحات کا تسلسل پاکستان کی طویل المدتی ترقی کے لئے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز کو چاہئے کہ وہ دیانت داری اور جذبے کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ ڈیجیٹلائزیشن، میڈیا کی جدت کاری اور قومی ترقی کے منصوبے آئندہ نسلوں کے لئے دیرپا فوائد یقینی بنا سکیں۔ بعدازاں وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پی ٹی وی کی 61 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل اور پی ٹی وی کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 3

پاکستان میں زیتون کی کاشت کا سفر بین الاقوامی سطح پر تیزی سے تسلیم کیا جا رہا ہے اور یہ شعبہ ملک کی پائیدار زراعت کے لئے نئی راہیں ہموار کر رہا ہے۔ عالمی یوم زیتون کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان زیتون کی کاشت کے ذریعے نہ صرف پائیدار زرعی ترقی کی جانب گامزن ہے بلکہ اس سے زمین کی بحالی، پانی کے محفوظ استعمال اور بہتر ماحولیاتی توازن کے مقاصد بھی حاصل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا وسیع جغرافیہ زیتون کی کاشت کے لیے موزوں ہے جس سے زیتون کی صنعت کے لیے نئے افق کھل رہے ہیں اور لاکھوں افراد کو روزگار کے مواقع میسر آ رہے ہیں۔ رانا تنویر حسین نے اس بات پر زور دیا کہ زیتون کی کاشت نے پاکستان کی دیہی معیشت میں نئی روح پھونک دی ہے، اور ملکی سطح پر تیار ہونے والا زیتون کا تیل بین الاقوامی معیار کے مطابق ڈھل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنے جنگلی زیتون کے وسائل کو جدید تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی پراسیسنگ کے ذریعے ایک مضبوط صنعت میں تبدیل کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ زیتون کی صنعت میں ترقی عالمی شراکت داری اور تکنیکی تعاون کا نتیجہ ہے۔ پاکستان عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر زیتون کی پیداوار، معیار اور ویلیو ایڈیشن کو مزید بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہدف زیتون کے تیل کی عالمی برآمدات میں اپنا حصہ بڑھانا ہے جس سے معاشی استحکام اور تجارتی توازن میں مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ اپنے پیغام میں رانا تنویر حسین نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ زیتون کی بڑے پیمانے پر کاشت موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کی ایک موثر حکمت عملی بن چکی ہے۔ اس صنعت کے فروغ سے نہ صرف ماحول دوست زراعت کو تحفظ ملا ہے بلکہ پاکستان کے لیے ایک پائیدار، سبز اور محفوظ مستقبل کی بنیاد بھی مزید مستحکم ہوئی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ زیتون کی صنعت سے نہ صرف ملک میں غربت کے خاتمے میں مدد ملے گی بلکہ پاکستان جلد زیتون کے تیل کی عالمی صنعت میں قابل ذکر مقام حاصل کرے گا۔

بقیہ 4

پاکستان اور جرمنی کے درمیان پارلیمانی اور عوامی روابط اہمیت کے حامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے پارلیمانی وفود کے تبادلوں کے فروغ پر اتفاق کیا۔ سپیکر نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمنٹ کو مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقل ہونے والی دنیا کی پہلی پارلیمان ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ پارلیمنٹ میں خواتین اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے خصوصی کاکسز بنائے گئے ہیں۔ پاکستان میں ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں، افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال ہو رہی ہے، پاکستان گزشتہ چار دہائیوں سے 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کی میزبانی کر رہا ہے، تمام مذاہب انتہا پسندی اور دہشت گردی کی ممانعت کرتے ہیں۔ تنازعات کا پرامن حل خطے کی سلامتی کیلئے ناگزیر ہے، پارلیمانی روابط دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ میں صنفی مساوات کیلئے دونوں ایوانوں پر مشتمل خصوصی کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں صفحہ اول میں شامل ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ جرمن سفیر اینا لیپل نے پاکستان کی پارلیمانی روایات اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہا اور کہا کہ پاکستان میں جاری صنفی مساوات کے فروغ اور بچوں کے حقوق کیلئے اصلاحات قابل تحسین ہیں۔ جرمنی پاکستان کے ساتھ پارلیمانی رابطوں کو مزید بڑھانے کا خواہاں ہے۔ جرمنی پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور سماجی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اٹھائے گئے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں۔

بقیہ 5

گے۔ تمام ایل ٹی اوز، ایم ٹی اوز، سی ٹی اوز اور آر ٹی اوز ہفتہ کو کھولے جائیں گے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام دفاتر 29 نومبر بروز ہفتہ کھلے رہیں گے، 29 نومبر کو تمام سٹاف ڈیوٹی پر مامور رہے گا۔ ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 6

ہماری سب سے بڑی طاقت قومی یکجہتی ہے، انشاء اللہ دشمنوں کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائیں گے۔ 27 ویں نیشنل سکیورٹی ورکشاپ کے شرکا کے جنرل ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) کے دورے کے دوران شرکا کو علاقائی اور داخلی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ خطہ جیو پولیٹیکل کشمکش، سرحد پار دہشت گردی سے گزر رہا ہے، خطے میں ہائبرڈ خطرات بڑھ رہے ہیں، بیرونی حمایت یافتہ شدت پسندی، پروپیگنڈے کی جنگ کے باوجود مسلح افواج پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں افواج پاکستان کے عزم نے پاکستان کا عالمی وقار بڑھایا، ہماری بڑی طاقت قومی وحدت ہے، دشمن کے عزائم ناکام بنائیں گے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان ایک باوقار، اثر انگیز ملک ہے جو اپنی صحیح جگہ ضرور حاصل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی پشت پناہی سے چلنے والی انتہا پسندی اور معلوماتی جنگ (انفارمیشن وار) کا سامنا ہے، افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اعلی پیشہ ورانہ مہارت سے قومی دفاع یقینی بنا رہے ہیں۔ دریں اثنا پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے بیان میں کہا گیا ہے کہ 27ویں نیشنل سکیورٹی ورکشاپ کے شرکا نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) کا دورہ کیا، جہاں انہیں پاکستان کے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظرنامے اور موجودہ قومی سلامتی کے ماحول پر جامع بریفنگ دی گئی۔ دورے کے دوران وفد نے چیف آف آرمی سٹاف (سی او اے ایس) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (نشان امتیاز، ملٹری) کے ساتھ ایک انٹرایکٹیو سیشن بھی منعقد کیا گیا۔ چیف آف آرمی سٹاف نے بڑھتی ہوئی جغرافیائی سیاسی مسابقت، سرحد پار دہشت گردی اور ہائبرڈ خطرات سے تشکیل پانے والے متغیر علاقائی ماحول پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دیا کہ پیچیدہ چیلنجز جن میں بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی اور معلوماتی جنگ (انفارمیشن وار) شامل ہیں کے باوجود پاکستان کی مسلح افواج، انٹیلی جنس ایجنسیاں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مستقل پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ چیف آف آرمی سٹاف نے کہا کہ پاکستان ایک اہم ملک ہے اور دنیا کے ممالک کی کمیونٹی میں اپنے جائز مقام تک پہنچنا اس کا مقدر ہے، معرکہ حق کے دوران مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور وابستگی نے پاکستان کی عالمی حیثیت میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ہماری سب سے بڑی طاقت قومی یکجہتی میں ہے اور ہم سب مل کر دشمنوں کے شیطانی منصوبوں کو شکست دیں گے، ان شاءاللہ۔ اعلامیہ کے مطابق شرکا کو غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف جاری قومی اقدامات پر بریف کیا گیا، جن میں اسمگلنگ، منشیات کی اسمگلنگ، اور منظم جرائم پیشہ نیٹ ورکس شامل ہیں، جو سلامتی پر منفی اثر ڈال رہے ہیں۔ بیان کے مطابق سرحدی کنٹرولز میں بہتری اور غیر قانونی غیر ملکیوں کی ملک واپسی کے بارے میں اپ ڈیٹس بھی شیئر کی گئیں، جن کا مقصد داخلی نظم وضبط قائم رکھنا اور قومی مفادات کا تحفظ کرنا ہے۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے کہا کہ پاکستان آرمی کے لیے ملکی سالمیت، سیکیورٹی اور ہر پاکستانی شہری کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی بھی صورت میں اس پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سیشن کے اختتام پر، چیف آف آرمی اسٹاف نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی معاونت کے لیے پاکستان آرمی کی وابستگی کو دوبارہ دہرایا اور کہا کہ مربوط قومی اقدامات اور ادارہ جاتی ہم آہنگی دیرپا امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہیں۔ نیشنل سکیورٹی ورکشاپ، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) کا فلیگ شپ پروگرام ہے، جو پارلیمنٹیرینز، سینئر سول اور ملٹری افسران، اکیڈمیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو اکٹھا کرتا ہے۔

بقیہ 7

ہے پوچھ کر بتا کیا ہیں گے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں لوٹ مار کا فیشن چلا ہے، حکومت سے شوکت خانم برداشت نہیں ہو رہا علیمہ خان نے کہا کہ شوکت خانم کے وکیل بھی آئے ہیں، شوکت خانم کے 4 اکاؤنٹ فریز کیے ہیں، عدالت سے درخواست کی شوکت خانم اور نمل کے اکاؤنٹ بحال کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں سمجھ نہیں آ رہی شوکت خانم کو کیوں ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، شوکت خانم کو پوری دنیا عطیات دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کھڑے ہیں اپنے مقصد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ 30 لاکھ لوگ پاکستان چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔

بقیہ 8

61ویں سالگرہ کے موقع پر پی ٹی وی ملتان میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اس موقع پر اعلان کیا کہ پی ٹی وی ملتان سینٹر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جنوبی پنجاب کی ثقافتی شناخت کو عالمی سطح پر مزید موثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے خطاب میں پی ٹی وی کے ساتھ جڑی یادوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی وی کے سنہری دور کے ڈرامے نہ صرف پاکستان بھر میں مقبول تھے بلکہ بھارت سمیت دیگر ممالک میں بھی شوق سے دیکھے جاتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ جیلوں میں قیدی پی ٹی وی کے ڈراموں کا بے چینی سے انتظار کرتے تھے، جو ان کے لیے امید اور حوصلے کا ذریعہ بنتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسی احساس نے انہیں بطور وزیراعظم ملتان میں پی ٹی وی سینٹر کے قیام کا فیصلہ کرنے پر آمادہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پی ٹی وی ملتان کا قیام خطے کی تہذیب، سرائیکی زبان، موسیقی اور ادبی ورثے کے فروغ میں ایک بنیادی سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں کے لوگ اپنی تہذیب، ثقافت اور روایات میں ایک جداگانہ مقام رکھتے ہیں، اس لئے ضروری تھا کہ ان کی نمائندگی کے لیے علیحدہ ٹیلی ویژن سینٹر قائم کیا جائے، جو نہ صرف مقامی تشخص کو ابھارے بلکہ نئے فنکاروں، شعراء، موسیقاروں اور ادیبوں کے لیے مواقع فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ 2011 میں پی ٹی وی ملتان سینٹر کا افتتاح اسی وژن کے تحت کیا گیا تھا تاکہ علاقائی موسیقی، ادب، شعر و حکمت اور ثقافتی سرگرمیوں کو قومی پلیٹ فارم میسر آ سکے۔ یوسف گیلانی نے پی ٹی وی کی سالگرہ پر پوری قوم، خصوصاً ملتان اور جنوبی پنجاب کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ادارہ مستقبل میں بھی اپنی بہترین روایات برقرار رکھتے ہوئے آگے بڑھتا رہے گا۔ مزید برآں چیئرمین سینیٹ نے اپنے حالیہ دورہ آذربائیجان کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ وہاں کے صدر سے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ آذربائیجان میں 700 سال قدیم ''ملتان کاروان سرائے'' تاریخی ورثے کی علامت ہے۔ آذربائیجان کے صدر نے انہیں بتایا کہ اس کا نام اس لئے برقرار رکھا ہوا ہے کہ آپ کا تعلق ملتان سے ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ملتان ایک تاریخی شہر ہے اور ملتان کی تاریخ 5 ہزار سال پرانی ہے انہوں نے تجویز دی کہ ملتان کی طرح تاریخی اہمیت رکھنے والے عالمی شہروں کو ''سسٹر سٹیز'' قرار دے کر ثقافتی سفارت کاری کو فروغ دیا جائے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پی ٹی وی جیسے ادارے ملک کی ثقافتی شناخت اور قومی بیانیے کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی ترقی اور بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تقریب میں ڈائریکٹر پروگرام سیف الدین، جنرل منیجر پی ٹی وی ملتان شفقت عباس ملک، معروف گلوکارہ ثریا ملتانی، ملک حیدر عثمان ایڈووکیٹ، شاکر حسین شاکر، شہر کے معززین، شعراء، ادیبوں اور صحافیوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 9

ضمنی الیکشن میں اپنی فتح کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی محنت کا ثمر قرار دیا۔ قائد محمد نواز شریف کی نومنتخب ارکان اسمبلی کو اپنے حلقوں میں جا کر پہلے دن سے ہی خدمت کا آغاز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نومنتخب ارکان اسمبلی کا کہنا تھا کہ عوام نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی محنت اور قائد محمد نواز شریف کے نام پر ہمیں ووٹ دیا۔ عوام وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پالیسی اور پراجیکٹس بہت پسند کر رہے ہیں، عوام کے لئے پنجاب میں جو کام کیے گئے ان کا ثمر ہمیں ضمنی الیکشن میں ملا۔ ''اپنی چھت، اپنا گھر'' اور ستھرا پنجاب کو عوام میں مقبولیت کی سند حاصل ہے۔

بقیہ 10

انہوں نے کہا کہ ملک کی حالت ایسی ہوگئی تھی کہ پوری قوم بھگت رہی ہے، بدتہذیبی کا کلچر عام کیا گیا، ہمارے جانے کے بعد ملک کا ستیاناس کر دیا گیا، گزشتہ دور حکومت میں ملک میں صرف تباہی آئی۔ نواز شریف نے کہا کہ ہمارے دور میں مہنگائی 3 فیصد تھی، ہمیں تو آج کل یہ فکر ہے کہ آئی ایم ایف فیصلہ کرنے دے گا یا نہیں کرنے دے گا، ہم کئی فیصلے خود نہیں کر سکتے، اگر ترقی کی رفتار جاری رہتی تو آج آئی ایم ایف کی فکر نہ ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ آج شہباز شریف اور مریم نواز تو میرے سے بھی آگے نکل گئے ہیں، شہباز شریف اور مریم نواز بہت اچھے کام کر رہے ہیں، میں خوش ہوں یہ مجھ سے اور زیادہ آگے نکل جائیں۔ نواز شریف نے کہا کہ شہباز شریف بڑا اچھا بھائی پیار کرنے والا بھائی ہے، مجھ سے جو مدد ہوتی ہے وہ کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ عوام نے کارکردگی کی بنیاد پر ہمیں ووٹ دیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ سب سے پہلے سر جھکا کر کامیابی پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں، نواز شریف اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتی ہوں، تمام نومنتخب ارکان اسمبلی کو مبارکباد دینا چاہتی ہوں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ تمام حلقوں میں کارکنوں نے سخت محنت کی، میانوالی میں بھی تبدیلی آگئی ہے، مسلم لیگ (ن) نے مشکلات کا بہادری سے سامنا کیا اور کبھی الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کیا، الیکشن کا بائیکاٹ انہوں نے بھی نہیں کیا، انہوں نے ہر جگہ اپنے امیدوار کھڑے کئے تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سازش کرنے والے تاریخ کی کتاب میں بند ہو گئے، عوام کو سمجھ آگئی ہے اب عوام ان کے جلسوں میں نہیں آتے، ان کی حکومت کے چار سال بدترین دور تھا، 4 برسوں میں سیاست کو داغدار کیا گیا، اب کوئی کسی کے بہکاوے میں نہیں آئے گا، عوام نعرے اور عملی اقدامات میں فرق جان گئے ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈسکہ الیکشن سب کے سامنے ہے، ہم اس دور میں بھی دھاندلی کے باوجود کامیاب ہوئے، خدمت کی سیاست کو مٹایا نہیں جا سکتا، نواز شریف کو تین دفعہ عوام نے وزیراعظم بنایا، پاکستان کی تاریخ میں کوئی شخص تین دفعہ وزیراعظم نہیں بنا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ تین دفعہ سازش کر کے نواز شریف کو نکالا گیا، ہر دور میں کہا گیا نواز شریف کا دور ختم ہو گیا، نواز شریف 40 سال میں پہلا لیڈر ہے جو آج بھی تاریخ رقم کر رہا ہے، 40 سال سے نواز شریف کی سیاست کو ختم کرنے والے خود ختم ہو گئے۔ مریم نواز نے کہا کہ ہمیں موروثی سیاست کا طعنہ دینے والوں کے اہل خانہ الیکشن میں کھڑے تھے، گزشتہ دور حکومت میں سیاست کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کیا گیا، ہمیں وراثت میں بدتمیزی، انتقام لینا نہیں سکھایا گیا، ہمیں وراثت میں عوام کی خدمت کرنا سکھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر نواز شریف کے ترقیاتی کام نکال دیں تو پیچھے کھنڈرات بچتے ہیں، گزشتہ حکومت کے 4 برسوں میں ہر قسم کی تباہی لائی گئی، جب اقتدار سنبھالا تو ملک کے ڈیفالٹ کی باتیں کی جا رہی تھیں، آج مہنگائی 40 سے 4 فیصد پر آئی ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ یہ نواز شریف کی تین فیصد مہنگائی کو 40 فیصد پر نالائقی کی وجہ سے لے کر گئے، دھرنے، جلسوں، بائیکاٹ کی کال کو عوام نے صاف انکار کر دیا ہے، پنجاب کے عوام کو اچھا علاج اور سستی روٹی مل رہی ہے، خیبر پختونخوا کے لوگ بھی پنجاب علاج کے لیے آ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ڈیڑھ سال سے روٹی کی قیمت نہیں بڑھی، باقی صوبوں میں بڑھی، پنجاب میں 20 روپے میں عوام کو آرام دہ سفر کی سہولیات ملتی ہیں، پنجاب میں امن و امان کی صورتحال بھی بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے تحت سڑکوں کو روزانہ صاف کیا جاتا ہے، پنجاب کی گلیاں، سڑکیں صاف ہو رہی ہیں اسی لیے (ن) لیگ کو ووٹ ملا، خوشی اس بات کی ہے ان کی منافقت عیاں ہو چکی ہے، لوگوں کو سمجھ آگئی ہے ترقی کی چابی صرف (ن) لیگ کے پاس ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہر دور میں کام کر کے دکھایا اور کام کرنا آتا ہے، مسلم لیگ (ن) کا فیوچر بھی بہت برائٹ ہے، نومنتخب ارکان اسمبلی حلقوں میں عوام کی خدمت کریں، اللہ تعالیٰ نواز شریف کو لمبی عمر دے اور ہماری سرپرستی کرتے رہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چھوٹے شہروں کو آج گرین بس کی آرام دہ سواری میسر ہے، 30 ہزار کلومیٹر سڑکیں بنائی گئیں، کسانوں کے لیے بہترین اقدامات کیے، اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رکھنے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نعرے اور عملی اقدامات میں فرق جان گئے ہیں، ہم ملک کو پھلتا پھولتا اور ترقی کرتا دیکھنا چاہتے ہیں، سازشیں کرنے والے تاریخ کی کتاب میں بند ہو گئے ہیں، ہم نے دوسروں کو چور، ڈاکو کہنے کے بجائے عوام کی خدمت پر توجہ مرکوز کی ہے۔

بقیہ 11

تجارتی مراکز سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ایسے منصوبے پاکستان کی ریٹیل انڈسٹری کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ بدھ کو واہ کینٹ میں جدید طرز پر تعمیر ہونے والے شاپنگ مال کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں تاجروں، صنعتکاروں، مقامی قیادت اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر سے وابستہ شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جدید تجارتی مراکز سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ایسے منصوبے پاکستان کی ریٹیل انڈسٹری کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سرمایہ کاری دوست ماحول کی بحالی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری انفراسٹرکچر معاشی سرگرمیوں میں تیزی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ بورڈ آف انویسٹمنٹ کاروباری ماحول کو آسان بنانے، قوانین میں اصلاحات اور سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ اسلام آباد میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹر قائم کیا گیا ہے جہاں سرمایہ کاروں کو تمام سرکاری خدمات ایک ہی جگہ میسر ہوں گی، کاروباری اجازت ناموں کے حصول میں نمایاں بہتری اور تیزی آئی ہے، آسان کاروبار ایکٹ بل قومی اسمبلی سے منظور کروا لیا گیا ہے تاکہ کاروباری طبقے کو مزید سہولتیں فراہم کی جا سکیں، بزنس کیونٹی پر 80 فیصد غیر ضروری پابندیاں ختم کر دی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں ریئل اسٹیٹ اور کنسٹرکشن سیکٹر کے لیے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں جو معیشت کو مضبوط بنیادیں فراہم کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر کی شمولیت ترقی یافتہ معیشت کی بنیاد ہے اور حکومت کاروباری طبقے کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے سابق حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں طاقتور طبقے کو اربوں روپے کے قرضے دیے گئے جبکہ موجودہ حکومت حقیقی سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کو سہولت فراہم کرنے پر کام کر رہی ہے۔ قیصر احمد شیخ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جنگ میں اپنے سے دس گنا بڑے ملک کو شکست دے کر تاریخ رقم کی۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری آسانیوں اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے اپنے اقدامات جاری رکھے گا۔

بقیہ 12

مضبوط نظام نقل و حمل کی تشکیل کے عزم کی تجدید کرتے ہوئے کہا ہے کہ شاہراہوں کے نیٹ ورک کو بہتر ڈیزائن اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابل مضبوط انفراسٹرکچر فراہم کر رہے ہیں، گرین موبلیٹی کے فروغ اور ٹرانسپورٹ آپریشنز کے ماحولیاتی اثرات میں کمی لانے پر کام کر رہے ہیں۔ وزارت مواصلات سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق عالمی یوم پائیدار ٹرانسپورٹ کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ اس موقع پر ہم صاف، موثر اور مضبوط نظام نقل و حمل کی تشکیل کے عزم کی تجدید کرتے ہیں، سڑکیں اور شاہراہیں صرف نقل و حرکت کے راستے نہیں بلکہ پائیدار ترقی کے محرک ہیں، وزارت مواصلات، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ذریعے قومی شاہراہوں کے نیٹ ورک کو معیاری بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہوں کے نیٹ ورک کو بہتر ڈیزائن، اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابل مضبوط انفراسٹرکچر فراہم کر رہے ہیں، ہماری توجہ توانائی کو موثر طریقے سے استعمال کرنے والی شاہراہوں کی تعمیر پر مرکوز ہے، گرین موبلیٹی کے فروغ اور ٹرانسپورٹ آپریشنز کے ماحولیاتی اثرات میں کمی لانے پر کام کر رہے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ علاقائی شراکت داروں کے لیے محفوظ، تیز اور قابل اعتماد روابط یقینی بنانے پر کام کر رہے ہیں، چند دن قبل 24ویں وزارتی کاریک کانفرنس کے موقع پر پاکستان نے ''گرین اور ڈیجیٹل کاریک'' کے وژن کو آگے لے کر چلنے کے عزم کا اعادہ کیا، کانفرنس میں پائیدار راہداریوں، اسمارٹ ٹرانسپورٹ اور ڈیجیٹل طور پر فعال انفراسٹرکچر کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد علاقائی روابط کو فروغ دینا، کاربن کے اخراج کو کم کرنا اور کلائمیٹ ریزیلینس کو مضبوط بنانا ہے، گزشتہ ماہ اسلام آباد میں علاقائی وزرائے ٹرانسپورٹ کانفرنس (آر ٹی ایم سی) کے دوران وزرائے ٹرانسپورٹ اور ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا، آر ٹی ایم سی میں سڑک، ریل اور بحری شعبوں میں ملٹی موڈل کنیکٹیویٹی کو مضبوط بنانے پر بات چیت ہوئی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ اس حوالے سے بات چیت علاقائی انضمام اور معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے، آر ٹی ایم سی نے اہم ٹرانسپورٹ روابط کی نشاندہی، ضوابط کی ہم آہنگی اور مشترکہ سرمایہ کاری کے مواقع کی تلاش میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس بات چیت سے ایک مربوط، موثر اور مضبوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک قائم کیا جا سکے گا، اس اہم دن پر ہم انجینئرز، منصوبہ سازوں، محنت کشوں اور ترقیاتی شراکت داروں کی کاوشوں کو سراہتا ہوں۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ اہداف کے مطابق ٹرانسپورٹ شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے کوشاں ہیں، آیئے، مشترکہ وژن کے ساتھ آگے بڑھیں، گرین سڑکیں، سمارٹ ٹرانسپورٹ، مضبوط پاکستان۔

بقیہ 13

اینٹی شپ بیلسٹک میزائل کے کامیاب تجربہ پر مبارک باد دی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے پاک بحریہ کو ملکی ساختہ اینٹی شپ بیلسٹک میزائل کے تاریخی اور شاندار کامیاب تجربے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں ایک بڑا اضافہ ہے، پاک بحریہ کی اس کامیابی نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، یہ لمحہ ہر پاکستانی کے لئے قابل فخر ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف، سائنسدانوں، انجینئرز اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ان کی کاوشوں نے پاکستان کو جدید دفاعی ٹیکنالوجی کے نئے دور میں داخل کر دیا ہے، یہ تمام شخصیات پوری قوم کے لئے رول ماڈلز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے بلکہ پاکستان کی سائنسی و تکنیکی ترقی کا روشن اظہار بھی ہے، پوری قوم ان ہیروز کی ممنون اور ان پر فخر کرتی ہے۔

بقیہ 14

سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کے بھگوڑے پہلے پاکستان کو لوٹ کر گئے اور اب بیرون ملک پاکستانیوں سے پیسہ بٹور کر پرتعیش زندگی گزار رہے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اگر ان میں جرات ہے تو پاکستان آئیں اور یہ سیاسی جنگ یہاں لڑیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپ میں پاکستان کیلئے جی ایس پی پلس سہولت کے خلاف لابنگ کر کے یہ عناصر ملک دشمنی اور غداری کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ سیاسی آزمائشیں بے نظیر بھٹو شہید اور نواز شریف نے بھی دیکھیں مگر کبھی وطن کے مفادات کو نشانہ نہیں بنایا، سیاسی لڑائیاں پاکستان کی سرزمین پر لڑیں اور اس کی قیمت بھی ادا کی لیکن ریاست اور قوم کو نقصان پہنچانے کا سوچا تک نہیں۔ خواجہ آصف نے دعوی کیا کہ پاکستان مخالف کردار ادا کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی اور ان کی ٹیم نے پہلے آئی ایم ایف کو خط لکھ کر ملک کو دیوالیہ کرنے کی کوشش کی اور اب پاکستان کی برآمدات کو نقصان پہنچانے کے لیے بین الاقوامی سطح پر لابنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ سب کچھ بھارت کرے تو سمجھ آتی ہے لیکن اپنے آپ کو پاکستانی کہنے والے جب ملک دشمنی کریں تو وہ ''ننگ وطن اور غدار'' ہی کہلائیں گے۔

بقیہ 15

صحت کے نئے اور منفرد پراجیکٹس کے حوالے سے پبلک فیڈ بیک کا بھی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے فلیگ شپ پروگرامز میں شفافیت کو یقینی، سروس کا معیار بہتر بنانے اور مریضوں کی آسانی کیلئے بہترین مانیٹرنگ کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں پہلی بار صحت کے شعبے میں تاخیری کلچر کو ختم کر دیا گیا ہے۔ پنجاب کے اسپیشلائزڈ ہسپتالوں میں لاکھوں مریض مستفید ہوئے، سرجریز کی گئیں جبکہ اربوں روپے کی مفت ادویات تقسیم کی گئی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ پنجاب حکومت کا واضح پیغام ہے کہ دل کے مریضوں کے علاج میں ایک لمحے کی تاخیر بھی ناقابل قبول ہے۔ سپیشلائزڈ ہسپتالوں میں ایک ارب 92 کروڑ روپے کی مفت ادویات کی فراہمی کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کی عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے کہا کہ پنجاب کے 57 اسپیشلائزڈ ہسپتالوں کی پرفارمنس کا بھی اجلاس میں جائزہ لیا گیا ہے۔ سرگودھا ڈویژن کے دل کے مریضوں کی سہولت کی خاطر نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کو اپریل 2026 تک مکمل فعال بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری کو بھی ہر حال میں وسط فروری تک مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پروفیسر اسد اسلم خان، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج/جنرل ہسپتال لاہور پروفیسر فاروق افضل، پرنسپل ڈی مونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری پروفیسر نبیلہ ریاض، پرنسپل سمز پروفیسر زہرہ خانم، پروفیسر اصغری اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمر، وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ظفر علی چوہدری، وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہناز خاکوانی، پروفیسر کاشف اور پرنسپل قائد اعظم کالج نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم اور ایڈیشنل سیکرٹری میڈیکل ایجوکیشن سدرہ سلیم نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 16

ترجمان کے مطابق تیتر کے شکار کے لیے پہلا دورانیہ یکم دسمبر سے 15 فروری 2026 تک ہوگا جبکہ دوسرا دورانیہ 14 دسمبر تا 15 فروری اور تیسرا 10 جنوری تا 15 فروری تک ہوگا۔ ترجمان محکمہ جنگلی حیات کا کہنا ہے کہ شکار صرف اتوار کے دن مستند اسلحے اور شوٹنگ لائسنس کے ساتھ کھیلنے کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 17

بلوچستان کی معیشت کا دو تہائی حصہ زراعت پر 60 فیصد آبادی اسی شعبے سے وابستہ ہے۔ اے ڈی بی نے کہا کہ ایک ہزار 839 ہیکٹر بارانی اراضی میں بھی پانی کی دستیابی بہتر ہوگی، منصوبے کیلئے اضافی رقم ژوب اور مولا دریائی علاقوں پر خرچ کی جائے گی، رقم سے ان علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ کنٹری ڈائریکٹر ایما فین نے کہا کہ اضافی امداد سے زراعت سے منسلک خواتین کے لئے معاشی مواقع بھی پیدا ہوں گے، منصوبے میں جاپان فنڈ اور ہائی لیول ٹیکنالوجی فنڈ کی کو فنانسنگ بھی شامل ہے۔

بقیہ 18

کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر تمام شعبہ جات کے سربراہان نے اپنا اپنا تعارف کروایا اور تفصیلی بریفنگ دی۔ نوید شہزاد مرزا نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ماحول کو بہت سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم سب مل کر پنجاب سیڈ کارپوریشن کی ترقی و کامرانی کے لئے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لائیں گے اور اس کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گا۔ مینجنگ ڈائریکٹر نوید شہزاد مرزا نے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اسد رضا کاظمی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے گندم و دیگر فصلوں کا اعلیٰ معیار کا بیج ارزاں نرخوں فروخت کیا ہے اب اس کی پروڈکشن کا انتظار ہے آپ سب محنت و لگن سے کام کریں اور کسانوں کی خدمت کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کا کسان نہایت محنت کش ہے اور ہمیں حالیہ کاشت ہونے والی فصلوں کی بہتر پیداوار اور آگاہی کے لئے کسانوں کا بھرپور ساتھ دینا ہوگا۔

بقیہ 19

کر رہے تھے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پیسہ زندگی کا واحد مقصد نہیں، بغیر وسائل کے بھی انسان محنت اور عزم کے ساتھ اپنی منزل حاصل کر سکتا ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل جدوجہد نے انہیں پیسہ کی طاقت کے بغیر تعلیم کے ذریعہ انہیں چھ مرتبہ قومی اسمبلی کا رکن اور چار مرتبہ وزیر منصوبہ بندی بننے کا موقع دیا، یوں ہر نوجوان بھی اپنے خواب حقیقت میں ڈھال سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ معاشرے میں نفرت اور تعصب خطرناک وائرس ہیں جو انسان کی عقل کو ماؤف کر دیتے ہیں، انہیں قومی و اجتماعی سوچ سے دور رکھنا لازمی ہے، اختلاف رائے فطری ہے مگر اسے اس حد تک نہیں جانا چاہئے کہ کسی کو نقصان پہنچے، ہمیں برداشت، مکالمہ اور باہمی احترام کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا کیونکہ ہم ایک قوم ہیں۔ وفاقی وزیر نے گلگت بلتستان کے آئینی و مالی حقوق پر بات کرتے ہوئے واضح کیا کہ وزارت منصوبہ بندی و ترقی نے گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کیلئے این ایف سی میں ان کا جائز حصہ دینے کی سفارش کی ہے، مسلم لیگ (ن) اس مقصد کے لئے آئین میں ترمیم کی حامی ہے، ہم دیگر صوبوں کو بھی قائل کریں گے کہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کو ان کے حقوق ملنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ وژن 2025 کے تحت ملک بھر کی طرح گلگت بلتستان میں بھی یونیورسٹیاں اور اعلیٰ تعلیمی ادارے قائم کئے گئے تاکہ دور افتادہ علاقوں کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کی سہولت دہلیز پر مل سکے، ہم قراقرم یونیورسٹی کے تینوں کیمپس کے لئے ایچ ای سی کے ذریعے فنڈز فراہم کریں گے تاکہ خطے کی تقدیر تعلیم کے ذریعے بدل سکے، تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو غربت کا خاتمہ کرتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر نے طلباء و طالبات کے سوالات کے تفصیلی جوابات دیئے۔ انہوں نے کہا کہ 2018 میں آنے والی حکومت نے سی پیک کو ریورس گیئر لگا دیا جس سے ترقی کا عمل رک گیا اور کئی منصوبے سرد خانوں میں چلے گئے اور ان کی لاگت میں کئی گنا اضافہ ہوا، ان منصوبوں کی تکمیل کیلئے فنڈ جاری کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں بجلی بحران پر قابو پانے کے لئے متعدد منصوبے شروع کئے گئے ہیں جن کی تکمیل سے توانائی بحران کا خاتمہ ہوگا، ہماری حکومت کی اولین ترجیح یہی ہے اور اگلے دو سال میں نمایاں بہتری نظر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے وسائل کے درست استعمال سے حقیقی ترقی ممکن ہے، وزیراعظم نے ایک ارب روپے کا انڈوومنٹ فنڈ جاری کیا ہے جس سے مستحق طلبہ کی فیسیں ادا کی جا سکیں گی، ہماری معیشت کو جس بحران کی طرف دھکیل دیا گیا اس کا حل اب ہمیں خود نکالنا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہر یونیورسٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نوجوانوں کو محض نوکری تلاش کرنے والا نہیں بلکہ نوکری دینے والا بنائے، ہمیں نوجوانوں میں کاروبار، جدت اور خود اعتمادی کو فروغ دینا ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت میں انجینئرنگ فیکلٹی کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔

بقیہ 20

آخری تاریخ 31 جنوری 2026 مقرر کی گئی ہے۔ پانچ یا زائد ایکڑ قابل کاشت زرعی اراضی کے مالکان (مرد و خواتین) حصہ لے سکتے ہیں۔ دستاویزات کی تحصیل کمیٹی سے تصدیق ضروری ہے، آبپاش علاقوں میں 15 ایکڑ اور بارانی علاقوں میں 12 ایکڑ پر مسلسل گندم کاشت کی ہو اور منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کیا ہو۔ مقابلوں کے تحت کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔ صوبائی سطح پر اول نمبر والے کو 85 ہارس پاور ٹریکٹر، دوئم نمبر والے کو 75 ہارس پاور ٹریکٹر اور سوئم نمبر والے کو 60 ہارس پاور ٹریکٹر ملے گا۔ ضلعی سطح پر اول آنے والے کو 10 لاکھ روپے نقد انعام، دوئم آنے والے کو 8 لاکھ روپے نقد انعام اور سوئم آنے والے کو لاکھ روپے نقد انعام ملے گا۔ درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں اور متعلقہ دفاتر میں بھی دستیاب ہیں۔ درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں جمع ہوں گی۔ اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 سے اوپر کے سرکاری ملازمین سمیت محکمہ مال اور محکمہ زراعت پنجاب کے تمام ملازمین مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ مزید معلومات کے لیے زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک کال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 21

عاقب اللہ خان، صوبائی وزیر فیصل ترکئی، ضلعی صدر پی ٹی آئی محمد سہیل یوسفزئی اور دیگر پارٹی عہدیدار شریک ہوئے۔ تقریب کے بعد منظور شدہ متفقہ قرارداد میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ان کے ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ 26 نومبر کو نہتے شہری جمہوری اور آئینی حقوق کے لیے احتجاج کر رہے تھے، جس پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی، اور تحریک انصاف کے کارکنان شہید و زخمی ہوئے۔ قرارداد میں حکومت کی معاشی ناکامی پر بھی تشویش ظاہر کی گئی۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ تین برسوں میں 5300 ارب روپے کی کرپشن ہوئی، بے روزگاری کی شرح 1.7 فیصد تک پہنچ گئی، اور افغانستان کے ساتھ سرحدی بندش نے معیشت کو نقصان پہنچایا۔ ہری پور ضمنی انتخابات میں دھاندلی کے حوالے سے بھی شدید تشویش کا اظہار کیا گیا، اور مطالبہ کیا گیا کہ ہری پور الیکشن پر جوڈیشل کمیشن قائم کیا جائے۔ قرارداد میں 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کو اشرافی مفادات کے لیے قرار دیتے ہوئے عدلیہ کی خود مختاری کو یقینی بنانے اور عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ 22

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ، محترمہ صبا اصغر علی، صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، سید احتشام مظہر، پی ایس آئی سی کے نمائندگان اور محکمہ آثار قدیمہ کے افسران شریک تھے۔ اجلاس میں سیالکوٹ کی تاریخی و ثقافتی اہمیت پر تفصیلی غور کیا گیا، جس کے دوران چیمبر کے صدر نے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور ڈاکٹر احسان بھٹہ کی اہم کاوشوں، بشمول بزنس فسیلیٹیشن سینٹر اور ٹیٹری زون کے منصوبوں کی تعریف کی۔ اجلاس میں سیالکوٹ قلعہ اور نئے میوزیم کی بحالی و ترقی کے امور بھی زیر بحث آئے، جن میں چیمبر کے صدر نے قلعے کی بحالی میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے مختلف اسٹیک ہولڈرز کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے عمارت فراہم کی، ڈائریکٹر جنرل آثار قدیمہ ظہیر عباس ملک نے دو گیلریاں قائم کیں آثار قدیمہ اور سیالکوٹ کے ہیروز، اور ایم ڈی پیسک سائرہ عمر نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر میوزیم میں آرٹ اینڈ کرافٹ (صنعتی) گیلری تیار کی۔ اجلاس کے بعد، ڈاکٹر احسان بھٹہ نے محکمہ آثار قدیمہ، پی ایس آئی سی، اے ڈی سی سیالکوٹ اور اے سی سیالکوٹ کے افسران کے ہمراہ سیالکوٹ میوزیم کا دورہ کیا، ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

بقیہ 23

36 ٹریکٹر ٹرالیاں اور 18 ڈمپرز کرایے پر حاصل کیے جائیں گے۔ دستاویزات کے مطابق ایکسکیویٹرز کے سالانہ کرایے کا تخمینہ 6 کروڑ 53 لاکھ روپے سے زائد لگایا گیا ہے جبکہ ٹریکٹر ٹرالیاں 7 کروڑ 23 لاکھ روپے سالانہ میں کرائے پر لی جائیں گی۔ ڈمپرز کا سالانہ رینٹل تخمینہ 10 کروڑ 20 لاکھ روپے سے زائد رکھا گیا ہے۔ کمپنی کی ٹیم مشینری کی فزیکل اور مکینیکل جانچ کرے گی اور کنٹریکٹر روزانہ 10 گھنٹے کے لیے ایکسکیویٹرز اور ڈمپرز فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ کرائے پر لی جانے والی مشینری صبح 8 بجے الائیڈ پوائنٹس پر فراہم کی جائے گی اور سالانہ 1200 گھنٹے تک استعمال ہوگی۔ کنٹریکٹر مشینری کے ساتھ ڈرائیور اور فیول بھی فراہم کرے گا۔ بھاری مشینری کو کچرا اٹھانے، ڈی سلٹنگ، تعمیراتی ملبہ اور مردہ جانوروں کا فضلہ اٹھانے جیسے امور میں استعمال کیا جائے گا۔ دستاویز کے مطابق کنٹریکٹر اپنی صوابدید پر مشینری کی لوکیشن اور اسائنمنٹ تبدیل کر سکتا ہے، تاہم حتمی منظوری آپریشنل ٹیم کی تصدیق کے بعد دی جائے گی۔

بقیہ 24

آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے اور اسے پروان چڑھتا دیکھنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اداروں کی آزادی، خودمختاری اور قانون کی بالادستی کے لئے مسلسل جدوجہد کی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ایک ذمہ دار میڈیا نہ صرف معاشرے کے مسائل کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ جمہوری اقدار کو بھی فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست دانوں، پولیس اور صحافیوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ اپنی صحافی برادری کیساتھ کھڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے تحفظ کے لیے پیپلز پارٹی ہمیشہ اقدامات اٹھاتی رہے گی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پولیس اسپیکشن میگزین کے صحافیوں نے مثبت صحافت کے ذریعے پولیس کے عوام دوست اقدامات کو نمایاں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے شہداء کی قربانیوں کی بدولت آج پنجاب میں امن کی فضا برقرار ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پولیس اہلکار اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو عبادت سمجھ کر سر انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں نئے ماڈل تھانوں کی تعمیر سے تھانے اب خوشگوار ماحول اور عوام دوست چہرہ اختیار کر چکے ہیں۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ آنے والے انتخابات کے لیے پیپلز پارٹی کے کارکن اور عہدیداران بھرپور تیاری کر رہے ہیں۔

بقیہ 25

وفاقی حکومت کے دیگر اداروں کے افسران بھی شامل تھے۔ اس موقع پر تقریباً 15 لوگوں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور مشتاق احمد اعوان سے درخواست کی کہ ان کے مسائل کو حل کروایا جائے۔ اس موقع پر مختلف محکموں کے سینئر افسران بھی حاضر ہوئے۔ انچارج، وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ نے متعلقہ محکموں کیا فسران کو ہدایات جاری کی کہ تمام شکایت کنندگان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پہ حل کیے جائیں۔ کھلی کچہری کے انعقاد کے بعد جناب مشتاق احمد اعوان، انچارج، وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ نے ضلع نارووال کے وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سنیں۔ یہ شکایات کیپکو، پوسٹل لائف انشورنس، سٹیٹ لائف انشورنس کے بارے میں تھیں۔ ٹوٹل 10 شکایات سنیں گی جس میں سے 9 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی 1 شکایت کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔

بقیہ 26

اور شمالی پنجاب کے سکولوں میں سرائیکی اور پوٹھوہاری زبانوں کے فروغ پر بھی زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 27

داخلہ بھجوایا جاسکے گا۔ اس سے قبل سنگل فیس کے ساتھ داخلہ بھجوانے کی آخری تاریخ 27 نومبر مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ 28

صحت، این ایف سی فنڈز کی تقسیم و دیگر ایشوز پر بات ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا موقف سیاسی ہے اسے ناراضگی نہیں کہا جاسکتا، ان کے موقف کا احترام ہے انہیں سیمینار کا بھی حق ہے، ہمارا ابھی موقف ہے 27 ویں ترمیم کو یہ کہہ کر مسترد کیا گیا کہ عدالتوں کو غلام بنالیا گیا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 27 ویں ترمیم کی کوئی ایک شق بتائیں جس سے عدالتیں غلام بن گئی ہیں، ملک میں جوڈیشل کمیشن پچھلے 185 سال سے کام کر رہا ہے صرف یہ فرق آیا ہے کہ چار نئے لوگ پارلیمنٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر عہدے سے ہٹنے کے بعد 11 سال جیل میں رہے، گناہ بھی ثابت نہ ہو تو کون جوابدہ ہے؟ بعض چیزیں معروضی حالات میں کی جاتی ہیں حالات بہتر ہوں تو واپس بھی ہو سکتی ہیں۔

بقیہ 29

مرحلہ وار انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ بدھ کو یہاں پاکستان بزنس کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں ''پاکستان کا بہتر ہوتا ہوا منظرنامہ'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت نجی شعبہ کی قیادت میں برآمدات پر مبنی پائیدار اقتصادی ترقی و نمو کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، وزیراعظم نے مختلف شعبوں کی ترقی کیلئے نجی شعبہ کی قیادت میں گروپس تشکیل دیئے ہیں جن کی تجاویز اور سفارشات پر موثر انداز میں عملدرآمد ہو رہا ہے، پاکستان بزنس کونسل کی جانب سے برآمدی ترقیاتی سرچارج میں کمی کی تجویز سامنے آئی تھی جس پر وزیراعظم نے اس کو ختم کر دیا ہے، نجی شعبہ ملک کو آگے لے کر جا رہا ہے، عالمی منظرنامہ میں بھی نجی شعبہ کلیدی کردار رہا ہے، ابھرتی ہوئی معیشتوں میں نجی شعبہ نے جو کردار ادا کیا ہے اس کے نتیجہ میں ان ممالک میں اقتصادی جھٹکوں سے نمٹنے میں مدد ملی ہے، مضبوط اور مستحکم معیشت کیلئے نجی شعبہ کو سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے معیشت کی بہتری کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں ہماری معیشت مستحکم ہوگئی ہے اور اہم اقتصادی اشاریوں سے اس کی عکاسی بھی ہو رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اندرونی مسائل اور بیرونی معاشی جھٹکوں سے بچنے کیلئے ہمیں بفرز کو مستحکم بنانا ہوگا، پاکستان نے قلیل معیشت کے محاذ پر کامیابیاں حاصل کی ہیں، جاری مالی سال کے پہلے چار ماہ میں سیمنٹ کے شعبہ میں 6 1 فیصد، کھادیں 9 فیصد، پٹرولیم 4 فیصد، آٹو موبائل 1 3 فیصد، موبائل فونز 26 فیصد اور بڑی صنعتوں کی پیداوار کے شعبہ میں 4 فیصد سے زیادہ نمو ہوئی ہے

بقیہ 30

تحت اب پیدائش، نکاح، طلاق اور وفات کی رجسٹریشن اب پاک آئی ڈی موبائل ایپلی کیشن پر دستیاب ہوگی۔ اس حوالے سے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد نے بتایا کہ ابتدائی طور پر 3 اضلاع جہلم، چکوال اور ننکانہ میں پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کیا جا چکا ہے تاہم آگے چل کر اس سسٹم کو پنجاب بھر کی یونین کونسلز تک توسیع دی جائے گی۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ نادرا کی پاک آئی ڈی ایپ پر شہریوں کے لیے سہولیات کا دائرہ کار وسیع کیا جا رہا ہے۔ ڈی جی نادرا پنجاب فضا شاہد کا کہنا تھا کہ پنجاب کے شہری گھر بیٹھے موبائل ایپ پر وائٹل ایونٹس کی رجسٹریشن کرا سکیں گے۔

بقیہ 31

بچوں نے کمرہ عدالت میں والدہ کے پاس جانے سے انکار کر دیا۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد دو بچوں 11 سالہ محمد صارف، 7 سالہ محمد ارحم کو والد خرم سجاد کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا جبکہ دو بچے ماں کے حوالے کر دیئے۔ بچے والد کو ملنے پر والدہ کی احاطہ عدالت میں دہائیاں دیتی رہی۔

بقیہ 32

رکھیں گے تو پاکستان ہر شرانگیزی کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان امن پسند ملک ہے لیکن جارحیت کا جواب بنیان المرصوص کی طرح دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان ہر شعبے میں جدید ترین صلاحیتوں کی مالک ہیں۔ پاکستان کا استحکام اسکی یکجہتی میں ہے اور ریاست کے لئے ساری قوم ایک پیج پر ہے۔ بھارت کے بھونڈے بیانیہ سے یہ قوم اور متحد ہو کر بھرپور جواب دینے کی ہمت اور افواج شجاعت رکھتی ہیں۔ میری پہچان پاکستان ہی ہم سب کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں بھی متحد اور وطن پرست ہیں اور دشمن کسی خوش فہمی میں نہ رہے پاکستان میں ملک دشمن عناصر کے لئے کوئی جگہ نہیں۔

بقیہ 33

اور پختونخوا حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پختونخوا حکومت کی پرفارمنس سوالیہ نشان ہے۔ تحریک انصاف کبھی بزدار، کبھی گنڈاپور، کبھی خٹک اور کبھی شہریار کی صورت میں تجربہ کرتی ہے اور بعد میں کہتی ہے غلطی ہوگئی۔ آخر پاکستان کب تک ان کی غلطیوں کا خمیازہ بھگتتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضمنی الیکشن میں ووٹرز نے گورننس اور پرفارمنس کے ساتھ موازنہ کیا ہے۔ پختونخوا کے بچے آج بھی وہاں سکالرشپ سے محروم ہیں۔ یونیورسٹیوں کے پاس فنڈز نہیں ہیں۔ ہسپتالوں میں ادویات ناپید ہیں۔ میٹرو بس کو جنگلہ بس کہنے والوں کے اپنے صوبے میں میٹرو برے حال میں ہے۔ مگر وہاں کی حکومت عوامی مسائل سے بے نیاز ہے۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ تحریک انصاف نے گورنر ہاؤس کی دیواریں گرانے، وزیر اعلیٰ ہاؤس کو یونیورسٹی بنانے، ایک کروڑ نوکریوں سمیت عوام سے بے شمار وعدے کیے، لیکن لوگوں کو کچھ بھی نہ ملا۔ آج پختونخوا اسمبلی سے بھی آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ انہیں مریم نواز جیسی وزیر اعلیٰ چاہیئے۔ رانا سکندر حیات کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پختونخوا سمیت دیگر صوبوں کے بچوں کو بھی سکالرشپ دے رہی ہیں۔ پنجاب میں دانش سکولوں میں دیگر صوبوں کے بچوں کا بھی خصوصی کوٹہ ہے۔ پختونخوا میں نوجوان اپنی حکومت سے شدید مایوس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج پنجاب میں سموگ گزشتہ سال کے مقابلے میں 53 فیصد کم ہے۔ پنجاب کے پاس آج 41 اے کیو آئیز ہیں۔ پنجاب کا کرائم ریٹ 51 فیصد تک نیچے آ چکا ہے۔ مریم نواز کے ماحول دوست اقدامات کی وجہ سے انہیں کلائمیٹ چینج وارئیر کا خطاب ملا ہے۔ آج پنجاب میں اے کیو آئی انڈیکس کیلئے گوگل پر انحصار کرنے کی بجائے ہر علاقے میں سموگ کے خلاف ٹارگٹڈ اقدام ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے کارکردگی کو ووٹ دیا ہے۔ تحریک انصاف جیتنے کی پوزیشن میں نہ ہونے کے باوجود ہر الیکشن کے بعد ایک ہی اسکرپٹ پڑھتی ہے، اور وہ ہے، دھاندلی، دھاندلی، دھاندلی۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ تحریک انصاف کو یہ حقیقت قبول کر لینی چاہیے کہ اسے عوام نے مسترد کر دیا ہے۔

بقیہ 34

13 ہزار نے فریش ریگولر لائسنس حاصل کیے۔ 5 ہزار سے زائد شہریوں نے موبائل لائسنسنگ یونٹ سے لائسنس کی تجدید کروائی۔ ترجمان کے مطابق صوبہ بھر میں وزیر اعلی پنجاب کے ویژن پر خواتین کو خودمختار بنانے کا سلسلہ جاری ہے، لاہور راولپنڈی گجرانوالہ فیصل آباد سیالکوٹ اور ملتان میں پنک لائسنسنگ یونٹ فعال ہیں، 4500 خواتین کو پنک موبائل لائسنسنگ یونٹ سے لائسنس نے سہولیات فراہم کی۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک وقاص مرزا نے کہا کہ خواتین کو اون ڈور لائسنسنگ سہولیات فراہم کر کے خودمختاری کے سفر کو فروغ دیا جا رہا ہے، لائسنس یونٹ اداروں اور دیہی مقامات پر لائسنس کی سہولیات فراہم کر رہا ہے، صاف شفاف اور جدید نظام کے تحت لائسنسنگ سہولیات اب ہر شہری کی دہلیز پر دستیاب ہے، موبائل پولیس اسٹیشن اور لائسنسنگ یونٹ انصاف سہولیات اور شفافیت کی نئی روشن مثال ہے۔

بقیہ 35

کو فریدہ بی بی کے ساتھ پسند کی شادی کی، لڑکی کے والدین نے زبردستی بیوی کو اپنے پاس رکھا ہے۔ اس پر جسٹس غضنفر علی خان نے کہا کہ اگر لڑکی نے تمہارے حق میں بیان نہ دیا تو 50 ہزار جرمانہ کروں گا۔ دوران سماعت لڑکی نے والدین کے ساتھ جانے کا بیان دے دیا جس پر عدالت نے نوجوان پر 50 ہزار روپے جرمانہ کر دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ جب تک جرمانہ ادا نہیں ہوگا، درخواست گزار پولیس کی حراست میں رہے گا۔

بقیہ 36

گراں فروشی کیخلاف کارروائیاں جاری۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس غضنفر نوید کی زیرنگرانی پیرا فورس کے جوانوں نے اشیائے ضروریہ پر ناجائز منافع خوری کرنے والے متعدد کانداروں کو خلاف ورزیوں پر 2 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانہ اور 8 کو وارننگز دی گئیں۔ اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس غضنفر نوید نے کہا کہ مصنوعی مہنگائی کے مرتکب عادی مجرموں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اشیائے ضروریہ کی فروخت کو ہر صورت سرکاری نرخ کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں۔ گرانفروشی یا دوکاندار کیخلاف شکایت ملی تو اسکے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔

بقیہ 37

میں 24 میڈیکل کیسز کی سماعت 5 میڈیکل اسٹورز کے خلاف پراسیکیوشن کی منظوری، 8 کو وارننگز، 2 کیسز دوبارہ ری وزٹ کرنے کی ہدایت جبکہ 9 کیسز آئندہ میٹنگ میں زیر غور لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عمران علی کا کہنا تھا کہ جعلی، غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ ادویات کا کاروبار کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ ضلع میں جعلی و غیر معیاری اور ممنوع ادویات کی فروخت کے گھناؤنے دھندے کی مکمل روک تھام کیلئے ڈرگ انسپکٹرز مزید متحرک ہو کر کام کریں اور اپنی روزانہ کی کارکردگی رپورٹ دیں۔ علاج کے نام پر انسانی صحت سے کھیلنے والوں سے کوئی رعایت نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ زائد المیعاد، جعلی و غیر معیاری اور ممنوعہ اور وارنٹی کے بغیر ادویات کی خرید و فروخت جرم ہے۔

بقیہ 38

بحرین کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی دو سالہ مدت (2026-2027) کے لیے غیر مستقل رکنیت حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور اس دورانیے میں باہمی تعاون مزید مضبوط کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں اقتصادی تعاون گفتگو کا مرکز رہا۔ وزیر اعظم نے دوطرفہ تجارت کو بڑھانے کے امکانات کو اجاگر کیا جو اس وقت 550 ملین امریکی ڈالر سے زیادہ ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور بحرین کے درمیان دو طرفہ تجارت کو تین سال کے اندر 1 بلین امریکی ڈالر تک لے جایا جائے گا۔ اس ہدف کا حصول پاکستان۔ جی سی سی فری ٹریڈ ایگریمنٹ، جو کہ اپنے حتمی مراحل میں ہے اور حال ہی میں ویزا کی شرائط میں نرمی جیسے اقدامات کے ذریعے ممکن بنایا جائے گا۔ انہوں نے بحرینی سرمایہ کاروں کو فوڈ سکیورٹی، آئی ٹی، تعمیرات، کان کنی اور معدنیات، صحت، قابل تجدید توانائی اور سیاحت میں مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی۔

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم وقار ٹاؤن، موضع جراہی، ڈھوک عبداللہ، راولپنڈی کو نوٹس جاری کر دیا گیا

آر ڈی اے نے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم پر مکمل پابندی عائد کرتے ہوئے ہر قسم کی تعمیرات اور پراپرٹی ٹرانسفر روک دی

ڈی جی آر ڈی اے نے خلاف ورزیوں کا سخت نوٹس لیتے ہوئے عوام الناس کو خبردار کیا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں سے ہر ممکن گریز کریں

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم وقار ٹاؤن، موضع جراہی، ڈھوک عبداللہ، راولپنڈی کو نوٹس جاری کر دیا گیا۔ آر ڈی اے نے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم پر مکمل پابندی عائد کرتے ہوئے ہر قسم کی تعمیرات اور پراپرٹی ٹرانسفر روک دی۔ ڈی جی آر ڈی اے نے خلاف ورزیوں کا سخت نوٹس لیتے ہوئے عوام الناس کو خبردار کیا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں سے ہر ممکن گریز کریں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ جعلی دعووں یا دھوکے باز عناصر سے متاثر نہ ہوں اور ایسی غیر منظور شدہ سکیموں میں سرمایہ کاری سے خود کو محفوظ رکھیں۔ آر ڈی اے نے سپانسرز اور ڈویلپرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی غیر منظور شدہ اور غیر قانونی سکیموں کی تشہیر فوراً بند کریں اور قانون کے مطابق این او سی/منظوری کے حصول کے لیے آر ڈی اے سے رابطہ کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ایم پی اینڈ ٹی ای ڈائریکٹوریٹ نے ایف آئی اے اور سائبر کرائم ونگ کو بھی خط ارسال کیا ہے جس میں نجی ہاؤسنگ سکیموں کی جانب سے سوشل میڈیا، واٹس ایپ، یوٹیوب اور دیگر پلیٹ فارمز پر غیر قانونی تشہیر کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بعض مالکان/ڈویلپرز غلط بیانی سے یہ تاثر دے رہے تھے کہ انہیں آر ڈی اے سے این او سی مل چکا ہے۔ ڈی جی آر ڈی اے نے ایم پی اینڈ ٹی ای ڈائریکٹوریٹ کو ہدایت کی ہے کہ غیر قانونی اور غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں، کمرشل سرگرمیوں، بکنگ آفسز اور تجاوزات کے خلاف بلا خوف و خطر سخت کارروائی جاری رکھی جائے۔ عوام الناس سے گزارش ہے کہ معلومات یا کسی شکایت کی صورت میں آر ڈی اے سے رابطہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (DPO) خوشاب ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے گزشتہ شب رات گئے تھانہ نوشہرہ کا سرپرائز وزٹ کیا

انہوں نے تھانے کی صفائی، ریکارڈ، فرنٹ ڈیسک اور حوالات کا تفصیلی جائزہ لیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (DPO) خوشاب ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے گزشتہ شب رات گئے تھانہ نوشہرہ کا سرپرائز وزٹ کیا انہوں نے تھانے کی صفائی، ریکارڈ، فرنٹ ڈیسک اور حوالات کا تفصیلی جائزہ لیا ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے اسٹیشن ہاؤس آفیسر (SHO) کو خصوصی ہدایات جاری کیں کہ تھانے میں آنے والے تمام شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کو جلدی اور میرٹ پر حل کیا جائے۔

ہمیں اپنی تنظیموں کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہوگا، مشتاق خان

تاجر برادری کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے، زاہد بختاوری

سرکاری اداروں کی باہمی مشاورت سے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے ہیں

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) گزشتہ روز، راولپنڈی کینٹ میں مرکزی تنظیم تاجران راولپنڈی کینٹ رجسٹرڈ اور انجمن تاجران کینٹ کا ایک اہم اور تاریخی مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس کا مقصد علاقے کے تاجروں کے مسائل، کاروباری حالات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ زاہد بختاوری نے اپنے خطاب میں کہا: ”ہمارا یہ اتحاد اور تعاون بہت ضروری ہے تاکہ ہم اپنے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ علاقے کی تجارتی ترقی کو یقینی بنا سکیں۔ تاجروں کے مسائل صرف باتوں سے حل نہیں ہوتے، ہمیں عملی اقدامات کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کینٹ کے تاجر گزشتہ کئی دہائیوں سے مشکلات کا شکار ہیں کاروبار کش اقدامات نے تاجروں کے لئے مزید مسائل پیدا کر دیئے ہیں جن کے حل کیلئے ہمیں چاہیے کہ ہم سب مل کر ایک مضبوط اور منظم آواز بنیں۔ ہمارا مقصد تاجروں کے بنیادی مسائل کا حل اور کاروبار کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ تاجروں کے دیرینہ مسائل جیسے ٹیکسز، تجاوزات، دکانوں کو سیل کرنا، تاجروں کو تنگ کرنا اور ہراساں کرنا شامل ہیں کو حل کرنے کیلئے ہم کینٹ بورڈ اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے انہوں نے کہا کہ پیرا جیسی اتھارٹی کو بھی تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لئے تاجر تنظیموں کے نمائندوں کو اعتماد میں لینا چاہیئے تاکہ کسی بھی تنازعے کو باہمی افہام و تفہیم سے حل کیا جا سکے زاہد بختاوری نے کہا کہ تاجر برادری حکومت اور تمام سرکاری اداروں سے مل کر کام کرنے پر یقین رکھتی ہے اور اس بات کا بھی یقین رکھتی ہے کہ سرکاری ادارے بھی تاجر اور تاجر تنظیموں کے نمائندوں کو اعتماد میں لے کر قوانین بنائیں گی یا ان میں ترامیم کریں گی حکومت اور تاجر برادری کا تعاون دونوں کے لئے بہتر ہے انہوں نے کہ ہم تاجر برادری کے حقوق کا تحفظ کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے مشتاق خان نے اپنے خطاب میں کہا: ”ہمیں اپنی تنظیموں کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہوگا، کیونکہ یہی ہمارے حقوق کے تحفظ کا اصل ذریعہ ہے۔ ہمیں حکومت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہمارے مسائل کا حل جلد سے جلد نکل سکے۔ تاجروں کا کاروبار معاشی ترقی کا اہم جز ہے، جس کے لیے ہمیں متحد رہنا ہوگا۔ اجلاس میں شریک رہنماؤں میں زاہد بختاوری، مشتاق خان، شیخ عنایت اللہ، ناظم بٹ، ثاقب رحیم خان، فرمان اللہ خان، وجیہہ خان، رفیق بھابھیہ، عمران کیانی، چوہدری عمران رشید، خان وزیر، اصغر خان، ایاز بٹ، متین خان اور ملک احمد اعوان، شہزاد چوہدری، جمشید گکھڑ، راجہ ابراہیم، چوہدری قیصر شامل تھے اجلاس کے اختتام پر مرکزی تنظیم تاجران کینٹ رجسٹرڈ کے صدر زاہد بختاوری نے شرکاء کے اعزاز میں پر تکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا،

گیس میٹر چوری کی وارداتیں دن بدن بڑھنے لگی

گلی نمبر 15 سے گزشتہ رات چار میٹر چوری ہو گئے

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) گیس میٹر چوری کی وارداتیں دن بدن بڑھنے لگی۔ گلی نمبر 15 سے گزشتہ رات چار میٹر چوری ہو گئے۔ منور کالونی کے رہائشی چوروں کے ہاتھوں ذہنی اذیت میں مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق منور کالونی کے رہائشیوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ اس سے پہلے بھی منور کالونی سے چھ گیس کے میٹر چوری ہو چکے ہیں جبکہ گزشتہ رات کو چوروں نے چار میٹر مزید 15 نمبر گلی سے چوری کر لیے انہوں نے کہا کہ پولیس کا موثر گشت نظام نہ ہونے کی وجہ سے چوروں نے انت مچا رکھی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ آئے روز کی چوریوں سے عوام تنگ آ چکے ہیں منور کالونی کے باسیوں نے اعلیٰ حکام سے درخواست کی ہے کہ پولیس کے گشت نظام کو موثر بنایا جائے تاکہ آئے روز کی چوریوں سے عوام محفوظ رہ سکیں۔

تاجر محافظ گروپ کی پوزیشن مضبوط، فتح کا امکان روشن

کمپیئن ختم، متحرک ٹیم کی موثر انتخابی مہم کا جادو سر چڑھ کر بولنے لگا

سکھو (محمد فرقان قریشی) انجمن تاجران سکھو موڑ کے انتخابات کے موقع پر تاجر محافظ گروپ نے اپنی شاندار، منظم اور مؤثر انتخابی مہم کے ذریعے تاجر برادری کے دل جیت لیے، امیدوار برائے صدر محمد رمضان چوہان کی قیادت میں مخلص، باکردار اور متحرک ٹیم نے ہر دکان، ہر تاجر تک اپنی رسائی ممکن بنائی اور نہ صرف اپنے منشور کو محنت، دیانت و خدمت کے جذبے سے پیش کیا بلکہ محبت کا انتخابی نشان پھول بھی تاجروں میں تقسیم کیا، تاجر برادری کی طرف سے غیر معمولی پذیرائی اور والہانہ حمایت نے یہ واضح کر دیا کہ 29 نومبر کا سورج تاجر محافظ گروپ کی فتح کی نوید لے کر طلوع ہوگا، سکھو موڑ کے کاروباری حلقوں میں تاجر محافظ گروپ کی مقبولیت کا گراف مسلسل بلند ہو رہا ہے اور فتح کے امکانات روشن تر ہوتے جا رہے ہیں، ذرائع کے مطابق تاجر برادری کا کہنا ہے کہ ہمیں ایسے نمائندوں کی ضرورت ہے جو صرف وعدے نہیں بلکہ عملی خدمت کریں اور یہ صلاحیت تاجر محافظ گروپ کے امیدواران کا خاصہ ہے

کراچی: شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری علامہ ناظر عباس تقوی پاک محرم ہال میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ انٹرا پارٹی الیکشن کے حوالے سے مضبوط امیدواران میدان میں آنے لگے

اسی حوالے سے یونین کونسل گوناعور سمیت ملحقہ دیہاتوں میں جماعتی رابطوں میں تیزی آنے لگی

کاموکی (رانا اسد شبیر سے) پاکستان مرکزی مسلم لیگ انٹرا پارٹی الیکشن کے حوالے سے مضبوط امیدواران میدان میں آنے لگے اسی حوالے سے یونین کونسل گوناعور سمیت ملحقہ دیہاتوں میں جماعتی رابطوں میں تیزی آنے لگی تمبولی اور گوناعور میں مرکزی قائدین اور جماعتی ساتھیوں کی ملاقاتیں جاری ہیں اس سلسلہ میں یوتھ لیگ تحصیل کاموکی کے صدر طیب نواب گجر ایڈوکیٹ۔ عمران چھل۔ حسن بٹ و دیگر نے صدر کے امیدواران سے رابطہ کیے۔

اپنی اچھائی ثابت کرنے کی کوششیں کرنا چھوڑ دیں

اگر آپ کا کردار اچھا ہوگا تو وقت خود آپ کی قیمت دنیا کو بتا دے گا، بہتر ہوگا، یہ کام وقت کے لئے ہی رہنے دیجیے

اپنی اچھائی ثابت کرنے کی کوششیں کرنا چھوڑ دیں.. اگر آپ کا کردار اچھا ہوگا تو وقت خود آپ کی قیمت دنیا کو بتا دے گا، بہتر ہوگا، یہ کام وقت کے لئے ہی رہنے دیجیے..

گجرات پولیس تھانہ کنجاہ کی بڑی کاروائی

شراب کی چالو بھٹی پکڑ لی، 30 لیٹر شراب جبکہ 120 لیٹر لہن اور شراب کشید کرنے کے آلات برآمد

خبر شامل کرتے ہیں گجرات سے ہمارے کرائم رپورٹر کاشی چوہدری کی رپورٹ کے مطابق.... گجرات پولیس تھانہ کنجاہ کی بڑی کاروائی شراب کی چالو بھٹی پکڑ لی، 30 لیٹر شراب جبکہ 120 لیٹر لہن اور شراب کشید کرنے کے آلات برآمد تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات رانا عمر فاروق کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی صدر سرکل رائے سرفراز یوسف کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ کنجاہ انسپکٹر حسن زبیر نے ساکن گولیکی میں شراب کی چالو بھٹی بارے خفیہ انفارمیشن پر خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دے کر فوری ریڈ کر کے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر کے شراب کی چالو بھٹی پکڑ لی۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب، جبکہ 120 لیٹر لہن اور شراب کشید کرنے میں استعمال ہونے والے آلات بھی برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزم کی شناخت ہارون ولد اللہ دتہ ساکن گولیکی کے نام سے ہوئی۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔

طالبان دور میں بدترین انسانی بحران، سرد موسم نے افغان عوام کی مشکلات بڑھا دیں

کئی علاقوں میں بچے سخت سردی کے باوجود پابرہنہ اور ناقص کپڑوں میں زندگی گزارنے پر مجبور

کابل (این این آئی) افغانستان میں سرد موسم کے آغاز کے ساتھ ہی ملک شدید انسانی بحران کی نئی لہر سے دوچار ہو گیا ہے، غربت، بھوک اور بنیادی سہولیات کی کمی نے لاکھوں شہریوں کی زندگی مزید مشکل بنا دی ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق، موسم سرما میں کئی افغان خاندان اپنے بچوں کے لیے جوتے، گرم لباس اور ضروری اشیائے خورونوش تک کا انتظام نہیں کر پا رہے۔ رپورٹ کے مطابق کئی علاقوں میں بچے سخت سردی کے باوجود پابرہنہ اور ناقص کپڑوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جبکہ شدید غربت نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ کچھ افغان شہریوں نے کہا کہ ان کے پاس نہ کھانا ہے، نہ پانی، اور نہ ہی بچوں کے لیے گرم کپڑے میسر ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ صورت حال افغانستان میں جاری وسیع انسانی بحران کی ایک جھلک پیش کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق رواں سال تقریباً 2 کروڑ افغان شہری امداد کے محتاج ہیں۔

مریم نواز ہیلتھ کلینکس سے 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید ہوئے، منشاء اللہ بٹ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے میں عوامی خدمت، شفافیت و ترقی کی نئی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صوبائی کابینہ اور تمام محکموں میں جاری سخت احتساب اور کارکردگی کے شفاف جائزے کو پنجاب کی اچھی حکمرانی کا نمایاں ثبوت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے میں عوامی خدمت، شفافیت اور ترقی کی نئی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں۔ صوبائی وزیر کے مطابق، پنجاب مائنز اینڈ منرلز نے 33 ارب روپے کا ریکارڈ ریونیو حاصل کر کے ملک بھر کے لیے ایک نیا معیار قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن ”ریاست عوام کی دہلیز پر“ کے تحت صرف ایک سال میں کلینک آن ویل کے ذریعے ایک کروڑ 65 لاکھ مریضوں کا علاج کیا گیا، جبکہ مریم نواز ہیلتھ کلینکس سے 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید ہوئے اور 16 ہزار 700 سے زائد کامیاب سرجریاں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ صحت کی سہولیات کو گھر گھر پہنچانے کے لیے ٹی بی، ہیپاٹائٹس اور ذیابیطس ٹائپ ون کے 17 ہزار مریضوں کو ادویات گھروں تک پہنچائی گئیں، جبکہ سیلاب کے دوران میڈیکل کیمپ، فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویل اور کلینک آن بوٹ کے ذریعے 12 لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے خصوصی بچوں کے لیے وزیر اعلیٰ کی اصلاحات کو بھی تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں پہلی بار 40 ہزار خصوصی بچوں کو غذائیت بخش لنچ کی فراہمی ممکن ہوئی، سپیشل ایجوکیشن مراکز کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ شروع کی گئی اور 36 ہزار سے زائد بچوں کا مفت علاج فراہم کیا گیا۔ پی آئی سی بی کے تعاون سے خصوصی بچوں کے لیے ڈور ٹو ڈور داخلہ مہم بھی شروع کی گئی ہے۔

حافظ آباد، مویشیوں کے لین دین کا تنازع، ایک شخص قتل، مقدمہ درج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ، ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد کے گاؤں ٹھٹھہ کھرلاں میں جانوروں کے لین دین کے جھگڑے پر ایک شخص کو ڈنڈے سوٹوں اور کسی کے وار کر کے قتل کر دیا گیا جس پر پولیس نے تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ منیر احمد کی جانب سے درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق اسکے بھائی شبیر کا جھگڑا ملزمان بشیر ولد مہندی سکنہ بھون خورد اور محمد افضل سکنہ ٹھٹھہ کھرلاں سے جانوروں کے لین دین پر جھگڑا ہوا جس پر ملزمان نے اسی رنجش پر شبیر کو کسی اور ڈنڈے سوٹوں کے وار کر کے قتل کر دیا جس پر پولیس تھانہ صدر نے تین ملزمان بشیر، محمد افضل اور عدیل افضل کے خلاف قتل کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔

فن انسان کے اندر موجود خوبصورتی کو جگاتا ہے: ڈاکٹر نیاز احمد مغل

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام ”عزم جواں“ کے عنوان سے بچیوں کی بنائی گئی خطاطی اور مصوری کی نمائش کا انعقاد کیا گیا جس میں نوخیز فنکاراؤں نے اپنے ہنر اور تخلیقی فن پارے پیش کیے۔ نمائش کے اختتام پر شریک بچیوں کو سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے۔ نمائش کے افتتاح کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر نیاز احمد مغل نے کہا کہ نوجوان لڑکیوں کی فنون لطیفہ سے بڑھتی ہوئی وابستگی نہایت خوش آئند ہے۔ ان کی تخلیقی سوچ اور باریک بینی ہمارے معاشرتی شعور میں مثبت اضافہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں کا اعتماد کے ساتھ آرٹ کی دنیا میں قدم رکھنا ان کی ذہنی پختگی اور مثبت تربیت کا ثبوت ہے اور ایسے پلیٹ فارم انہیں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتے ہیں۔

موڑ کھنڈا، چیئرمین پی آئی آر اظہر محمود سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات

پارٹی کی تنظیم سازی بہت جلد، تمام شہروں اور ڈسٹرکٹ میں بنائیں گے، گفتگو

موڑ کھنڈا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی کے چیئرمین اظہر محمود اور صوبہ پنجاب کے پارٹی آرگنائزر چوہدری محمد افضل گجر، پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی ڈویژن فیصل آباد کے آرگنائزر چوہدری محمد ندیم نمبردار سابقہ نائب ناظم ڈسٹرکٹ فیصل آباد اور دیگر پارٹی ممبران نے اسلام آباد پارٹی کے مرکزی آفس میں میٹنگ ہوئی۔ پاکستان کے صوبہ پنجاب میں پارٹی ایگزیکٹو اور تنظیم سازی کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ چیئرمین اظہر محمود نے کہا پاکستان اسلامک ریپبلکن پارٹی کی تنظیم سازی بہت جلد پاکستان کے تمام شہروں اور ڈسٹرکٹ میں بنائے گئے۔ انشاء اللہ اور انشاء اللہ آنے والے ہر الیکشن میں بھرپور حصہ لیں گے۔ انشاء اللہ ہم سب مل کر بنائیں گے خوشحال پاکستان

پاکستان تیزی سے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن بننے کی جانب گامزن، شکیل اعوان

ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں بہتری اور سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین سوشل میڈیا اینڈ ڈیجیٹل میڈیا ونگ ضلع وزیر آباد شکیل اعوان نے کہا کہ پاکستان تیزی سے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن بننے کی جانب گامزن ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل ترقی، اسٹارٹ اپس اور مصنوعی ذہانت کے فروغ کے ذریعے عالمی معیار کی ڈیجیٹل نیشن کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ [illegible] انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں بہتری اور سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ [illegible]

کاموکے، غیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

کاموکے (نامہ نگار) کاموکے میں غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، بھاری بھرکم بلز اور لوڈشیڈنگ نے کاروباری زندگی ٹھپ کر دیا۔ [illegible]

حافظ آباد، سرکاری سکول کی تزئین و آرائش، شجرکاری اور قومی ماڈلز تیار کئے گئے ہیں

عوام ن لیگ کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد رکھتی ہے، میاں عبدالرشید

احتجاج کے نام پر حکومت کو بلیک میل کرنے کی کوششیں کرنے والے مایوس ہوں گے، بیان

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما میاں عبدالرشید نے کہا ہے کہ باشعور پاکستانی عوام (ن) لیگ کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد رکھتی ہے۔ [illegible]

نور کوٹ، کجھروڑ میں تجاوزات، رکشہ سٹینڈز کا راج، ٹریفک نظام معطل

نور کوٹ (نامہ نگار) قصبہ کجھروڑ میں تجاوزات اور غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز کی بھرمار سے ٹریفک نظام کو مفلوج کر دیا ہے۔ [illegible]

سیالکوٹ، ون ڈش کی خلاف ورزی پر میرج ہالز کو جرمانے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار نے تحصیل پسرور کے مختلف میرج ہالز کا اچانک معائنہ کیا۔ [illegible]

گوجرہ، انجمن تاجران کے اجلاس سے چوہدری منصور احمد و دیگر شریک ہیں

امت کے مسائل کا حل صرف اللہ کی جانب رجوع ہے، سید عرفان احمد شاہ

موجودہ حالات میں پوری امت کو اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کی ضرورت ہے، روحانی پیشوا

کاہنہ (نامہ نگار) روحانی پیشوا سید عرفان احمد شاہ نے کہا ہے کہ عمرہ کی سعادت روحانی سکون اور اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ [illegible]

ضمنی انتخابات میں ن لیگ کی جیت حکومتی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے، اختر علی

کاموکے (نامہ نگار) ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی جیت حکومتی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ [illegible]

کنہٹی باغ کے تمام پلاٹوں میں پھلدار پودوں کی صفائی اور ہل چلانے کا کام اور مین گیٹ پر ہسٹری بورڈ آویزاں کر دیا گیا

اس سلسلے میں کنہٹی باغ کے تمام پلاٹوں میں پھلدار پودوں کی صفائی اور ہل چلانے کا کام اور مین گیٹ پر ہسٹری بورڈ آویزاں کر دیا گیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) کمشنر سرگودھا ملک جہانزیب اعوان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر خوشاب محترمہ فروا عامر اور علی فرقان چیف آفیسر ضلع کونسل خوشاب نے کنہٹی باغ کی بحالی اور ترقی کے لیے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں کنہٹی باغ کے تمام پلاٹوں میں پھلدار پودوں کی صفائی اور ہل چلانے کا کام اور مین گیٹ پر ہسٹری بورڈ آویزاں کر دیا گیا ہے آبپاشی نظام کو بہتر بنانے کے لیے پراجیکٹ کے تحت پختہ کھالوں کی تعمیر جاری ہے جبکہ WRAP پاکستان کے WWF ادارہ محکمہ زراعت توسیع کی نگرانی میں زیتون کے پھلدار پودوں کی شجرکاری مکمل اور گارڈن انٹ کی تنصیب کا کام ضلع کونسل خوشاب کے ذریعے جاری ہے ان تمام اقدامات کے ذریعے باغ میں سیاحت کے لیے آنے والے سیاحوں کو بہتر سہولیات میسر ہونگی اور باغ کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا جبکہ پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے ایک عدد بور بھی کامیابی سے مکمل ہو چکا ہے وادی سون سکیسر کی عوام نے کمشنر سرگودھا ملک جہانزیب اعوان اور ڈپٹی کمشنر خوشاب فروا عامر کے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نرواڑی باغ کی بحالی اور بہتری کا کام جلد مکمل کر لیا جائے گا پھلدار پودوں کی بہتر نگہداشت کے لیے کمشنر سرگودھا ڈویژن کی ہدایات پر محکمہ زراعت توسیع نوشہرہ کے سینئر زراعت آفیسر ڈاکٹر فاروق احمد ضلع کونسل خوشاب کے عملہ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں اور چیف آفیسر ضلع کونسل علی فرقان کنہٹی باغ کے تمام کاموں کی براہ راست نگرانی کر رہے ہیں۔

تھانہ بنی میں تعینات اے ایس آئی آصف شرافت کی موثر تفتیش

سپریم کورٹ نے اقدام قتل کے ملزم ذیشان کی ضمانت مسترد کر دی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ نے اقدام قتل کے ملزم ذیشان کی ضمانت مسترد کر دی، تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی میں درج مقدمہ نمبر 674/25 مورخہ 26 مئی 2025، بجرم دفعہ 324 ت کے تحت گرفتار ملزم ذیشان نے اپنی ضمانت کے لیے سپریم کورٹ آف پاکستان میں درخواست دائر کی تھی۔ ملزم کی درخواست پر آج (27 نومبر 2025) دو رکنی بینچ کے روبرو سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے پولیس کی تفتیش اور پیش کردہ شواہد کا تفصیلی جائزہ لیا۔ عدالت نے میرٹ پر فیصلہ کرتے ہوئے پولیس کی رپورٹ سے اتفاق کیا اور ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری مسترد کر دی۔ عدالت کے اس فیصلے سے واضح ہو گیا کہ ذیشان کے خلاف قانونی کارروائی شفاف اور مکمل طور پر درست طریقے سے کی گئی ہے۔ مقدمہ تھانہ بنی راولپنڈی میں درج کیا گیا تھا اور اس میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا گیا ہے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول 2025 پارٹ ون (تھیوری) بخوبی اختتام پذیر، شفافیت اور میرٹ کی روشن مثال

کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کے مختلف امتحانی مراکز کے دورے، زیرو ٹالرنس پالیسی پر مکمل عملدرآمد، امتحانی عملہ اور بورڈ انتظامیہ خراجِ تحسین کی مستحق

راولپنڈی (پریس ریلیز) کنٹرولر امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی تنویر اصغر اعوان نے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I-دوسرا سالانہ 2025 کے سلسلے میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن، ڈھوک کالا خان راولپنڈی، گورنمنٹ شجاع خان زادہ شہید ایسوسی ایٹ کالج حضرو، ضلع اٹک، کے امتحانی مراکز کے دورے کیے۔ انہوں نے بتایا کہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I-دوسرا سالانہ 2025 کی (تھیوری) کا مرحلہ بخوبی اور کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے، جس میں میرٹ اور شفافیت کو اولین ترجیح دی گئی۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق تمام امیدواران کو بہترین امتحانی سہولیات فراہم کی گئیں جبکہ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ زیرو ٹالرنس پالیسی کے مطابق امتحانات کا انعقاد یقینی بنایا گیا۔ امتحانی عملے نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی سنجیدگی، دیانت اور محنت سے انجام دیں جن کے لیے وہ بھرپور شاباش کے مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکرٹری بورڈ، امجد اقبال خٹک، بورڈ افسران اور ملازمین نے جس لگن اور ذمہ داری کے ساتھ امتحانات کو کامیاب بنانے میں کردار ادا کیا وہ لائقِ تحسین ہے۔ کنٹرولر امتحانات نے تمام اضلاع کے سی ای اوز ایجوکیشن کے تعاون پر بھی شکریہ ادا کیا جن کی معاونت سے امتحانی عمل کو مؤثر طریقے سے مکمل کیا گیا۔ آخر میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ امتحانات میں بھی تمام متعلقہ محکمے اسی جذبے اور عزم کے ساتھ تعلیمی بورڈ کا ساتھ دیں گے، تاکہ امتحانات کا شفاف اور پرسکون انعقاد ممکن بنایا جا سکے۔

ہنگو: دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے میں شہادت کا عظیم رتبہ پانے والے ہیڈ کانسٹیبل واحد شاہ، ہیڈ کانسٹیبل حکمت خان اور کانسٹیبل عبدالصمد کی نمازِ جنازہ پولیس لائنز ہنگو میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی

ڈی ایس پی سی ٹی ڈی اسلام الدین خان اور پولیس کے افسران و جوان، شہداء کے اہلخانہ، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی

ہنگو) بیورو رپورٹ) ہنگو: دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے میں شہادت کا عظیم رتبہ پانے والے ہیڈ کانسٹیبل واحد شاہ، ہیڈ کانسٹیبل حکمت خان اور کانسٹیبل عبدالصمد کی نمازِ جنازہ پولیس لائنز ہنگو میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ نمازِ جنازہ میں ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند، ایس پی انویسٹیگیشن عبدالصمد خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبد النصیر خان، ڈی ایس پی سی ٹی امجد خان، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد دیار خان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی اسلام الدین خان اور پولیس کے افسران و جوان، شہداء کے اہلخانہ، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہداء کے جسدِ خاکی کو سلامی پیش کی جبکہ افسران نے پھول نچھاور کر کے وطن کے بہادر بیٹوں کو شاندار انداز میں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ شہداء کے جسدِ خاکی کو بعد ازاں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیا گیا، جہاں انہیں اشکبار آنکھوں اور قومی پرچم کی چھاؤں میں سپردِ خاک کیا جائے گا

کرم پولیس تھانہ سٹی کی بڑی کارروائیاں، 04 آئس فروش گرفتار

لاکھوں مالیت کی 3575 گرام خطرناک نشہ آئس برآمد، مقدمات درج، تفتیش جاری

کرم) نمائندہ خصوصی) کرم پولیس تھانہ سٹی کی بڑی کارروائیاں، 04 آئس فروش گرفتار، لاکھوں مالیت کی 3575 گرام خطرناک نشہ آئس برآمد، مقدمات درج، تفتیش جاری تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کرم ملک حبیب خان کے خصوصی احکامات پر مقامی پولیس نے منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے کامیاب اور تابڑ توڑ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں کرم پولیس تھانہ سٹی کے ایس ایچ او اشتیاق حسین بمعہ پولیس پارٹی نے معاشرتی ناسور کے خلاف پاراچنار سٹی اور مختلف مقامات پر یکے بعد دیگرے کامیاب کارروائیاں عمل میں لائیں ان کارروائیوں کے نتیجے میں آئس فروش ملزم سید حسن ولد سید عطا حسین سکنہ کالج کالونی، ملزم ساجد حسین ولد مومن خان سکنہ بوشہرہ حال ڈنڈر روڈ حواڑ کالونی اور ملزم عاطف علی ولد حیات علی سکنہ مان سنگھ گیٹ پاراچنار کے قبضے سے بالترتیب 01، 01 کلو گرام آئس برآمد کر لی گئی جبکہ آئس فروش ملزم کامران حسین ولد قربان علی سکنہ احمد زئی حال مان سنگھ گیٹ پاراچنار کے قبضے سے 575 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ملزمان کو حراست میں لیا گیا پولیس پارٹی نے زیر حراست آئس فروشوں سے مجموعی طور پر 3575 گرام انتہائی خطرناک نشہ آئس برآمد کیا تمام گرفتار ملزمان کو تھانہ سٹی منتقل کر کے متعلقہ ایکٹ کے تحت الگ الگ مقدمات درج کیے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے ڈی پی او کرم ملک حبیب خان نے پولیس پارٹی کو کامیاب کارروائی پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کرنے والے منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں انہوں نے ہدایت کی کہ منشیات کے مکروہ کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جائے اور معاشرے کو اس زہر سے پاک کرنے کے لیے کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رکھی جائیں)

صفیان شہید کی داستان اس مسکراہٹ میں گھر کا سکون تھا یہ وہ تصویری لمحہ ہے جو اس ماں کے دن کی پہلی دعا بن جاتا تھا

اس باپ کی ساری محنت کا فخر وہ اپنے خاندان کیلئے صرف بیٹا نہیں تھا، امید تھا ایک روشنی ایک مستقبل جو اپنے قدموں پر چل کر بڑھنے والا تھا

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ ملک حسن فردوس) مگر زندگی کو کیا خبر کہ کس پل میں اس کے ہاتھ سے چراغ چھن جائے کہانی ایک معمولی سی ملاقات سے شروع ہوئی تھی۔ ایک دوستی، ایک اچھے لہجے، ایک غلط اعتماد سے۔ ظاہری خلوص کے پیچھے ایک زہر بھرا شخص جس نے اس پاکیزہ لڑکے کے نرم دل پر سب سے سنگین وار کیا۔ نازیبا مواد، بلیک میلنگ، موبائل ہیکنگ، نفسیاتی اذیت مگر وہ خاموش نہیں ہوا۔ اس نے عزت بیچنے سے انکار کیا۔ اس نے اپنی انا اور وقار کی قیمت زندگی سے چکائی قبول کی، مگر کسی درندے کی انا کے آگے نہیں جھکا۔ اس نے قانون کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ سچائی کا راستہ پکڑا مگر ظالم نے آخری وار وہ چنا جہاں ایک باپ اپنی امیدوں کا راستہ دیکھ رہا تھا۔ پاکستان نیوی کے ٹیسٹ کے بعد، جب وہ دونوں چائے کے ایک کپ کے ساتھ ایک نئے مستقبل کا جشن منا رہے تھے۔ ایک لمحے کی دیر تھی۔ اور گولی نے ایک پورے خاندان کا دھڑکنوں سے بھرا مستقبل مٹی میں بدل دیا۔ وہ جو سمندر کا سپاہی بننے والا تھا، زمین کے سینے پر لہو بن کر رہ گیا ہے۔ یہ چہرہ اب بھی سب سے بلند چیخ بن کر زندہ ہے۔ یہ تصویر جواب مانگتی ہے آخر کیوں آخر کس نے ہمیں یہ حق دیا کہ ہم دوسروں کے خواب چھین لیں کس جرم کی سزا موت ہوتی ہے جبکہ قاتل صرف وحشت کی کامیابی سمجھتا ہے صفیان کی ماں وہ عورت جو کبھی بیٹے کے قدموں کی آہٹ سے جاگتی تھی، آج اسکی قبر پر بیٹھ کر اپنے آپ کو جگاتی رہتی ہے۔ وہ اس کے کپڑے سینے سے لگائے رکھتی ہے خوشبو ختم نہ ہو جائے کہیں یادیں مر نہ جائیں۔ بچے کی نیند مانگتی گود آج دنیا سے سکون مانگ رہی ہے باپ وہ اک درخت تھا جس نے اپنے بچوں کو سایہ دیا۔ آج وہ درخت جل چکا ہے، مگر پھر بھی کھڑا ہے۔ لوگوں کی نگاہوں کو دھوکہ دینے کیلئے۔ مگر اندر سے ہر روز گر جاتا ہے۔ ہر قدم پر قبر کی مٹی اس کے ساتھ رہتی ہے وہ بہنیں جن کیلئے بھائی گھر کی چہچہاہٹ ہوتا ہے۔ ہنسی کا ساتھی ان کیلئے زندگی وہ دن تھی جب بھائی گھر ہوتا تھا اب تو گھر صرف دیواریں ہیں باقی سب یادیں پورا گاؤں صدمے میں ڈوب گیا وہ گلیاں جہاں اس کے قہقہے گونجا کرتے تھے، وہاں اب خاموشی پہرہ دیتی ہے۔ لوگ کہتے ہیں۔ کہ یہ بچہ ہماری آنکھوں کے سامنے بڑا ہوا تھا۔ بیٹا نہ رہا تو گویا گھر کا دل رک گیا یہ صرف ایک خاندان کا نوحہ نہیں تھی پورے معاشرے کی ہار تھی اس خاندان نے اپنے آنسوؤں کی ٹوکری اٹھائے ہر دروازے پر دستک دی۔ کہیں تسلی، کہیں وعدے مگر ماں باپ کے دل کے زخم قوانین کے صفحات سے نہیں سلتے۔ مگر پھر بھی قانون خاموش نہ رہا۔ اور سی سی ڈی چکوال اور چکلالہ نے معصوم کے خون کا قرض ادا کیا۔ خفیہ آپریشن، ٹریس، ریکی اور آخر وہ لمحہ آیا جب ظالم لرز اٹھا۔ پنوال روڈ پر گولیوں کی لڑائی میں وہ درندہ اپنے انجام کو پہنچا۔ قانون نے ثابت کر دیا کہ جرم شاید کچھ لمحے طاقتور ہو، مگر انجام ہمیشہ انصاف کے قدم چومتا ہے۔ چکوال کے لوگ کہتے ہیں کہ سی سی ڈی کو دیکھ کر مجرموں کی سانسیں اکھڑ جاتی ہیں یہاں ظلم نہیں چلتا۔ یہ چکوال ہے۔ یہاں معصوم کی چیخ قانون بن جاتی ہے مگر پھر بھی سوال موجود ہے۔ کیا یہی انصاف مکمل ہے؟ کیا اب یہ گھر سو پائے گا؟ کیا راتیں اب چین دیں گی؟ کیا ماں اب خواب دیکھ سکے گی؟ کیا بہنوں کے نصیب سے محرومی کی لکیریں مٹ جائیں گی صفیان کی شہادت ہمارے نظام کو یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ ٹیکنالوجی کے دور میں بلیک میلنگ کے خلاف مضبوط اقدامات کتنے ضروری ہیں۔ نوجوانوں کو شعور دینا، انہیں مضبوط بنانا، قانون کو تیز کرنا، درندوں کے خلاف آہنی پالیسی بنانا وقت کی پکار ہے۔ یہ لڑائی صرف ایک خاندان کی نہیں ہر اس گھر کی ہے جہاں بیٹے جوان ہوتے ہیں۔ صفیان ڈرا نہیں۔ بکا نہیں۔ جھکا نہیں۔ اسی لیے وہ شہید ہے۔ اور شہید مرتے نہیں...... تاریخ بن جاتے ہیں۔ وہ قلم کی سیاہی میں اپنی دھڑکن سونپ جاتے ہیں۔ وہ انقلابی سوچ کا نام بن جاتے ہیں صفیان کی قبر کی مٹی کہتی ہے اگر تم سچ پر ہو...... تو موت بھی تمہارا راستہ نہیں روک سکتی آج وہ نہیں...... مگر اس کی کہانی زندہ ہے۔ اس کا خون انصاف کے ہر قدم میں شامل ہے۔ اس کا نام اس احتجاج کا پرچم ہے جو ظلم کو للکارتا ہے فاسٹ میڈیا گروپ ہر مظلوم کے ساتھ ہے۔ ہماری آواز نہیں تھکے گی۔ ہم نہیں رکیں گے۔ ہم آخری سانس تک کہیں گے۔ صفیان کے خون کا حساب باقی ہے اللہ صفیان شہید کے درجات بلند فرمائے۔ اس خاندان کو صبرِ جمیل اور عدلِ کامل عطا کرے آمین

پنجاب میں غیر قانونی قبضہ کے مقدمات کی سماعت کے حوالے سے اختیار اور مجاز اتھارٹی پنجاب کے ہر ضلع میں اب

غیر قانونی قبضہ کے مقدمات کی سماعت کا مکمل اختیار ضلع کے ADC ریونیو/ڈسٹرکٹ کلکٹر ریونیو کو حاصل ہے

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس) پنجاب میں غیر قانونی قبضہ کے مقدمات کی سماعت کے حوالے سے اختیار اور مجاز اتھارٹی پنجاب کے ہر ضلع میں اب غیر قانونی قبضہ کے مقدمات کی سماعت کا مکمل اختیار ضلع کے ADC ریونیو/ڈسٹرکٹ کلکٹر ریونیو کو حاصل ہے۔ یہ اختیار صوبائی حکومت یا متعلقہ قانون (Punjab Land/Revenue Laws) Revenue Act کے تحت) کے تحت تفویض کیا گیا ہے۔ پٹیشن کی فائلنگ غیر قانونی قبضہ سے متعلق تمام نئی پٹیشنیں اب براہِ راست ADC ریونیو کے دفتر میں فائل ہوں گی۔ دیوانی عدالتوں میں ایسی نئی پٹیشنیں قابل سماعت نہیں رہیں گی Pending Cases کا انتقال دیوانی عدالتوں میں موجود تمام غیر قانونی قبضہ کے متعلقہ مقدمات بھی ADC / کلکٹر ریونیو کے پاس منتقل کیے جائیں گے تاکہ وہ اپنی مجاز عدالت میں سماعت کر سکیں۔ استثناء صرف وہ مقدمات جو زمین کی تقسیم/ Partition سے متعلق ہیں ان کی سماعت دیوانی عدالتوں میں جاری رہ سکتی ہے باقی تمام مقدمات صرف ریونیو عدالت کے دائرہ اختیار میں آ جائیں گے۔ قانونی بنیاد Punjab Land Revenue Act متعلقہ دفعات جو غیر قانونی قبضہ ریونیو عدالتوں کے اختیار اور زمین کی اصلاحات سے متعلق ہیں۔ عدالتوں کی موجودہ کارروائی کے مطابق، دیوانی عدالتیں اب غیر قانونی قبضہ کے مقدمات میں کوئی سماعت یا حکم جاری نہیں کر سکتیں۔ عملی اثرات ہر ضلع میں غیر قانونی قبضہ کے مقدمات کا مرکزی نقطہ ADC / کلکٹر ریونیو کی عدالت ہوگی۔ شہریوں کو براہِ راست ریونیو عدالت میں درخواست دائر کرنی ہوگی۔ دیوانی عدالت میں زیر التوا مقدمات کی منتقلی کے بعد سماعتیں ریونیو عدالت میں جاری رہیں گی